# ایسر القرآن

## قَالَ اَلَمْ 16

ہمارا مشن ہے کہ...... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو
با محاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

قرآن پاک کو اس انداز میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے طریقہ کار

ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمیٰ ضمیر خان صاحبہ اور انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب

نے تخلیق و تجویز فرمایا......اور ہر مرحلہ پر راہنمائی اور تصحیح فرمائی

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| تدوین و ترتیب | : | ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمیٰ ضمیر خان |
| تسوید و تصحیح | : | ابو سعد محمد شفیق خاں جالندھری |
| پروف ریڈنگ | : | ڈاکٹر حافظ محمد عرفان رمضان |
| نظرِ ثانی | : | ابُو عبداللہ مفتی محمد مسعود ظفر |
| اہتمام | : | حافظ محمد عثمان عیشؔ |
| پارہ | : | قَالَ اَلَمۡ 16 |
| اشاعت اوّل | : | |
| تعداد | : | 1000 |
| طباعت | : | اقراء کمپیوٹرز، پرنٹرز اینڈ پبلشرز |

پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد۔ پاکستان 0301-7977716

پبلشرز :

خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق

1- سینٹ میری پارک، گلبرگ III، کلمہ چوک، لاہور 0300-7942202

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com

# القرآن الكريم

## قَالَ اَلَمْ 16

ہمارا مشن ہے کہ...... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو
بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

# منفرد انداز میں قرآن پاک کی تلاوت اور اُسے سمجھنے کا طریقہ

قرآن پاک ایک ایسی آسمانی کتاب ہے جسے اللہ عزوجل نے عربی زبان میں نازل کیا ہے۔ اس کے باوجود قرآنِ مجید کو مختلف زبانوں میں سمجھانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منتخب فرمایا۔ فہم قرآن کیلئے عالمِ اسلام میں مختلف کوششیں کی گئیں۔ اسی طرح اُردو زبان میں بھی قرآن پاک کی ترجمانی کیلئے بیش بہا کوششیں ہوئیں، مگر بدقسمتی سے عربی زبان کو عربی لہجے میں پڑھنا بالخصوص پاکستان کے کچھ علاقہ جات میں مشکلات کا ہی شکار رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقل اساتذہ کرام کی رہنمائی کے بغیر قرآنِ پاک کے مقدس عربی الفاظ کو صحتِ تلفظ سے پڑھنا ناممکن ہی نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ تمام مسلم احباب کیلئے قرآنِ پاک کے الفاظ کی تعلیم کا ابتدائی مرحلہ حروفِ تہجی کے الفاظ کو ہجوں کی شکل میں جوڑ توڑ میں لکھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔ اس کیلئے ادارہ جات میں بنیادی (قاعدے) موجود ہیں اور وہاں مستقل قراء کرام، اساتذہ کرام بھی موجود ہیں، اُن کی بروقت رہنمائی متعلمین اور مبتدئین کے لئے ازبس ضروری ہے، مگر افسوس صد افسوس! بے شمار لوگ ابھی بھی قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم اور اس کے ترجمہ و تفہیم سے یکسر قاصر نظر آتے ہیں۔

خاور صادق **"قرآن سمجھو" تحریک** کا ایک ہی بنیادی مقصد ہے کہ ہر آدمی جس کی قومی زبان اردو ہے اُسے قرآنی الفاظ کا تلفظ بھی سمجھ آجائے اور قرآن کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ بھی سمجھنے میں آسانی ہوجائے اور ترجمہ کو عام زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ سے کالمی انداز میں قرآن کو سمجھانے کی منفرد کوشش کی گئی ہے۔ پہلے کالم میں قرآنی الفاظ، دوسرے کالم میں قرآنی الفاظ کا اردو میں تلفظ، تیسرے کالم میں لفظی اردو ترجمہ، چوتھے کالم میں قرآنی الفاظ کا عربی لغت میں مادہ اور پانچویں کالم میں عام زبان میں عربی الفاظ کا استعمال پیش کیا گیا ہے، تاکہ پڑھنے والے اچھی طرح تلفظ سیکھنے کے ساتھ اردو ترجمہ بھی خوب ذہن نشین کرلیں اور بامحاورہ ترجمہ بھی دل نشین انداز میں پیش خدمت ہے۔ عوام الناس کیلئے یہ نادر اور منفرد کوشش و کاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے۔

قرآنی الفاظ کی تلاوت کا طریقہ قرأت و تجوید کے رولز کے مطابق چند ضروری مگر مختصر قوانین پڑھنے والوں کی رہنمائی کیلئے پیش خدمت ہیں:

① **جزم والا ھمزہ:** اس کے لئے اُردو کے تلفظ میں "x" کراس کا نشان لگایا گیا ہے، جیسے:

یَأْتُوكُمْ — یَ x تُ وْ کُمْ　　مُؤْمِنِیْنَ — مُ x مِ نِ یْ نَ

② **مد متصل:** اگر حروف مدہ (واوٗ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آجائے تو اُسے مدِ متصل کہتے ہیں اسے تین نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

جَآءَكُمْ — جَا...ءَ کُ مْ　　سُوْٓءَ — سُ وْ...ءَ　　سَیِّئٰتُ — سَیْ...ءَ تُ

③ **مد منفصل:** اگر حروفِ مدہ (واوٗ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُس کو مدِ منفصل کہتے ہیں اُسے دو نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

بِمَآ اُنْزِلَ — بِ مَا.. اُنْ زِ لَ　　قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا — قُ وْ لُ وْ.. آ مَنْ نَا　　فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ — فِیْ.. اَنْ فُ سِ کُمْ

④ **ادغام تام** اور **مدغم حروف کی صوت (آواز):** دو حرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا گویا دونوں ایک ہوگئے ہیں اسکی تین صورتیں ہیں:

① ایک حرف دو مرتبہ ایک کلمہ یا دو کلموں میں اِس طرح آئے کہ پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن کو متحرک میں مدغم کردیں گے، اس کو مدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِیْ — اِذْ هَ بْ بِ کِ تَا بِ یْ　　سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا — سَ عْ یُ کُمْ مَشْ کُ وْ رَا　　عَنْ نَّفْسِیْ — عَنْ نَفْ سِ یْ

② اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک اور ان کا پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک حرف میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اُحِطْتُّ — اُ حِ تْ تُ　　اِذْ ظَّلَمُوْٓا — اِ ظْ ظَ لَ مُ وْ　　قَدْ تَّبَیَّنَ — قَ تْ تَ بَ یْ یَ نَ

③ اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جو قریب المخرج اور قریب الصوت ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ — اَ لَ مْ نَ خْ لُ کْ کُمْ　　قُلْ رَّبِّیْ — قُ رْ رَ بْ بِ یْ　　مِنْ رَّحِیْقٍ — مِ رْ رَ حِ یْ قِنْ

⑤ **ادغام ناقص میں صوت (آواز):** "ن" ساکن یا "ن" تنوین (کے قاعدہ ادغام غُنّہ کے ساتھ) میں دیکھ چکے ہیں کہ "ن" کے ادغام کے باوجود اس کی صوت (آواز) باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہے تو اُس کو ادغامِ ناقص کہتے ہیں، جیسے:

مَنْ یَّفْعَلْ — مَا ئیں یَ فْ عَ لْ　　مَنْ یَّشَآءُ — مَا ئیں یَ شَا...ءُ　　عِلْمًا وَّ — عِ لْ مَا وْں وَ　　جَنّٰتٌ وَّ — جَ نْ نَا تُوں وَ

نوٹ: تلاوت کے حوالے سے مزید ضروری "قواعد و ضوابط" تفصیل کے ساتھ ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کئے جائیں گے۔　　(ادارہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۵ | قَالَ | قَ اَل | اس (حضرت خضر علیہ السلام) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اَلَمۡ اَقُلۡ | اَ لَ مۡ اَ قُ لۡ | کیا میں نے کہا نہیں تھا | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَّكَ | لَ كَ | تجھ سے: | | |
| | اِنَّكَ | اِن نَ كَ | تحقیق تو | | |
| | لَنۡ | لَ نۡ | ہرگز نہیں | | |
| | تَسۡتَطِيۡعَ | تَسۡ تَ طِیۡ عَ | کر سکے گا | ط و ع | اِستِطاعت، مُستطیع، حج کی اِستطاعت |
| | مَعِیَ | مَ عِ یَ | میرے ساتھ | | مَعَ اہل وعیال، مَعِیَّت |
| | صَبۡرًا ﴿۷۵﴾ | صَبۡ رَا | صبر؟ | ص ب ر | صَبر، صابر، صُبُور، صابرین |
| ۷۶ | قَالَ | قَ اَل | اس (حضرت موسیٰ علیہ السلام) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اِنۡ سَاَلۡتُكَ | اِنۡ سَ اَلۡ تُ كَ | اگر میں آپ سے سوال کروں | س ء ل | سُوال، مَسئلہ، مَسئُول، سائل |

قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّكَ اِنَّكَ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ مَعِیَ صَبۡرًا ﴿۷۵﴾ قَالَ اِنۡ سَاَلۡتُكَ

وہ کہنے لگے کہ میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ہمراہ رہ کر ہرگز صبر نہیں کر سکتے ﴿۷۵﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے جواب دیا اگر اب اسکے بعد میں آپ سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنۡ شَیۡءٍۭ | عَ نۡ شَ یۡ ءِ مۡ | کسی چیز کے متعلق | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شَئے، اَشیائے خورد ونوش |
| | بَعۡدَهَا | بَ عۡ دَ ہَا | اس کے بعد | ب ع د | بَعد ازاں، بَعد از طعام، بَعید |
| | فَلَا تُصٰحِبۡنِیۡ ۚ | فَ لَا تُ صَا حِ بۡ نِیۡ | تو آپ مجھے ساتھ نہ رکھنا | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بدر، صاحِب |
| | قَدۡ | قَ دۡ | تحقیق | | |
| | بَلَغۡتَ | بَ لَ غۡ تَ | تو پہنچ گیا ہے | ب ل غ | بالِغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | مِنۡ لَّدُنِّیۡ | مِ لۡ لَ دُ نۡ نِیۡ | میری طرف سے | | مِنجانب، مِن حیثُ القوم |
| | عُذۡرًا ﴿۷۶﴾ | عُ ذۡ رَا | مکمل عذر کو | ع ذ ر | عُذر کرنا، مَعذرت کرنا، مَعذور آدمی |
| ۷۷ | فَانۡطَلَقَا ۫ وقفة | فَنۡ طَ لَ قَا | پھر وہ دونوں چلے | ط ل ق | اِطلاق کرنا، مُطلقُ العنان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

عَنْ شَیْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِیْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانْطَلَقَا ٚ وقفة

کسی چیز کے بارے میں سوال کروں تو بیشک آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھنا، یقیناً آپ میری طرف سے (حد) عذر کو پہنچ چکے ﴿٧٦﴾ پھر دونوں چلے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَتّٰٓى | حَت تا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | اِذَآ اَتَيَآ | اِذَا اَتَ یَا.. | جب وہ دونوں آئے | ء ت ی | |
| | اَهْلَ قَرْيَةِ | اَہ لَ قَ رْیَ تِ | ایک بستی والوں کے پاس | ء ھ ل<br>ق ر ی | اَہلِ محلّہ، اَہلِ دُنیا، اَہلِ خَانہ<br>قَرَیہ قَرَیہ بَستی بَستی، اُمُّ القُریٰ (مکہ) |
| | اِسْتَطْعَمَآ | اِسْ تَ طْ عَ مَا.. | تو دونوں نے کھانا مانگا | ط ع م | طَعَام مَاحَضَر، قَبل اَز طَعَام، قِیَام و طَعَام |
| | اَهْلَهَا | اَہ لَ ہَا | بستی والوں سے | ء ھ ل | اَہلِ مَحلّہ، اَہلِ دُنیا، اَہلِ خَانہ |
| | فَاَبَوْا | فَ اَ بَاؤ | تو انہوں نے انکار کر دیا | ء ب ی | |
| | اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا | اَ ئیْں یُ ضَا ئِیْ یِ فُوْ ہُ مَا | کہ ان دونوں کی مہمان نوازی کریں | ض ی ف | ضُیُوفُ الرَّحمٰن، ضَیف (واحد) |
| | فَوَجَدَا | فَ وَجَ دَا | پھر ان دونوں نے پائی | و ج د | وَجد، وَجُود، وَاجِد (نام)، مَوجُود |

حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ِاسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا

ایک گاؤں والوں کے پاس آ کر ان سے کھانا طلب کیا تو انہوں نے ان کی مہمانداری سے صاف انکار کر دیا، دونوں نے وہاں ایک دیوار پائی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | جِدَارًا | جِ دَا رَ ائیْں | ایک دیوار | ج د ر | |
| | يُّرِيْدُ | یُ رِیْ دُ | وہ چاہتی (قریب) تھی | ر و د | پُختہ اِرَادہ، اِرَادَت، مُرِید صَادِق |
| | اَنْ | اَ ئیْں | کہ | | |
| | يَّنْقَضَّ | یَنْ قَضْ ضَ | گر جائے | ق ض ض | |
| | فَاَقَامَهٗ ؕ | فَ اَ قَا مَ ہٗ | تو اس (حضرت خضر علیہ السلام) نے اسے سیدھا کر دیا | ق و م | قِیَام، قَائِم، مُقِیم، اِقَامَتِ صَلوٰۃ |
| | قَالَ | قَ الَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لَوْ | لَا ؤ | اگر | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شِئۡتَ | شِ x تَ | تو چاہتا | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، ماشاءَاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |
| | لَتَّخَذۡتَ | لَ تَ تَ خَ ذۡ تَ | تو یقیناً تو لے لیتا | ء خ ذ | اَخذُالکِتاب، ماخذ، ماخُوذ |
| | عَلَيۡهِ | عَ لَا ئِيۡ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |

فِيۡهَا جِدَارًا يُّرِيۡدُ اَنۡ يَّنۡقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوۡ شِئۡتَ لَـتَّخَذۡتَ عَلَيۡهِ

جو گرا ہی چاہتی تھی، اس نے اسے ٹھیک اور درست کر دیا، (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) کہنے لگے اگر آپ چاہتے تو اس پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَجۡرًا ۝٧٧ | اَ جۡ رَا | کچھ اُجرت | ء ج ر | اجر وثواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| ٧٨ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (حضرت خضر علیہ السلام) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | هٰذَا فِرَاقُ | ہَا ذَا فِ رَا قُ | یہ جُدائی ہے | ف ر ق | فرق، تفریق، فِراق، فُرقان |
| | بَيۡنِىۡ | بَا ئِيۡ نِيۡ | میرے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَبَيۡنِكَ ۚ | وَ بَا ئِيۡ نِ كَ | اور تیرے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | سَاُنَبِّئُكَ | سَ اُ نَ بۡ بِ ءُ كَ | عنقریب میں تجھے بتاؤں گا | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، خاتَمُ النَّبِیّین |
| | بِتَاۡوِيۡلِ | بِ تَ x وِيۡ لِ | حقیقت | ء و ل | تاویلِ کلام، تفسیر وتاویل، تاویلات |
| | مَا | مَا | ان باتوں کی کہ | | ما شاءاللہ، مافوقَ الفطرت، ماتحت |
| | لَمۡ تَسۡتَطِعۡ | لَ مۡ تَ سۡ تَ طِ عۡ | تو نے طاقت نہیں رکھی | ط و ع | اِستطاعت، مُستطیع، حج کی اِستطاعت |

اَجۡرًا ۝٧٧ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاۡوِيۡلِ مَا لَمۡ تَسۡتَطِعۡ

اُجرت لے لیتے ۝٧٧ اس نے کہا بس یہ جدائی ہے میرے اور تیرے درمیان اب میں تجھے ان باتوں کی اصلیت بھی بتادوں گا جس پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَّلَيۡهِ | عَ لَا ئِيۡ ہِ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | صَبۡرًا ۝٧٨ | صَ بۡ رَا | صبر کرنے کی | ص ب ر | صَبر، صابر، صَبُور، صابرین |
| ٧٩ | اَمَّا | اَ م مَ | رہی | | |
| | السَّفِيۡنَةُ | س سَ فِيۡ نَ ةُ | کشتی | س ف ن | سَفینہ (کشتی)، سُفُن (کشتیاں) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَكَانَتْ | فَ کَا نَتْ | تو وہ تھی | ك و ن | |
| | لِمَسٰكِيْنَ | لِ مَ سَا کِیْ نَ | (چند) مسکینوں کی | س ك ن | مسکینی، یتیم مسکین، دارِ مسکین |
| | يَعْمَلُوْنَ | یَ عْ مَ لُوْ نَ | جو کام کرتے تھے | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| | فِى الْبَحْرِ | فِلْ بَ حْ رِ | سمندر میں | ب ح ر | بحرِ ہند، بحیرہ عرب، بحرِ اوقیانوس |
| | فَاَرَدْتُّ | فَ اَ رَتْ تُ | چنانچہ میں نے چاہا | ر و د | پختہ ارادہ، ارادت، مریدِ صادق |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |

عَلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِى الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ

تجھ سے صبر نہ ہو سکا ﴿٧٨﴾ کشتی تو چند مسکینوں کی تھی جو دریا میں کام کاج کرتے تھے، میں نے اس میں کچھ توڑ پھوڑ کرنے کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعِيْبَهَا | اَ عِیْ بَ ہَا | میں اسے عیب دار کر دوں | ع ی ب | عیب دار، عیوب، عیب، معیوب |
| | وَكَانَ | وَ کَ انَ | جبکہ تھا | ك و ن | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | وَرَآءَهُمْ | وَ رَا...ءَ ہُمْ | ان کے آگے | و ر ی | ماوراء النہر، ماورائے آئین ماورائے عدالت |
| | مَّلِكٌ | مَ لِ کُنْ یَّ | ایک بادشاہ | م ل ك | ملک فہد، ملک محمد بن سلمان |
| | يَّاْخُذُ | یَ x خُ ذُ | جو لے لیتا تھا | ء خ ذ | اخذُ الکتاب، ماخذ، ماخوذ، مواخذہ کرنا |
| | كُلَّ | کُل لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالم |
| | سَفِيْنَةٍ | سَ فِیْ نَ تِنْ | (بے عیب) کشتی کو | س ف ن | سفینہ (کشتی)، سُفُن (کشتیاں) |
| | غَصْبًا ﴿٧٩﴾ | غَصْ بَا | زبردستی | غ ص ب | غصب کرنا (زبردستی لوٹنا) غاصب، غاصبانہ قبضہ |
| ٨٠ | وَاَمَّا | وَ اَمْ مَ | اور رہا | | |
| | الْغُلٰمُ | لْ غُ لَا مُ | وہ لڑکا | غ ل م | غلام، غلمان، غلام علی (نام) |

اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ

ارادہ کر لیا کیونکہ ان کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر ایک (صحیح سالم) کشتی کو جبراً ضبط کر لیتا تھا ﴿٧٩﴾ اور اس نوجوان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَكَانَ | فَ کَ ا نَ | تو تھے | ك و ن | |
| | اَبَوٰهُ | اَ بَ وَا ہُ | اس کے ماں باپ | ء ب و | آبا وَاَجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | مُؤْمِنَيْنِ | مُ x مِ نَا ئَ نِ | دونوں مؤمن | ء م ن | اَمن واَمان، مُوَمِن، اِیمان |
| | فَخَشِيْنَآ | فَ خَ شِیْ نَا.. | چنانچہ ہم ڈرے | خ ش ی | خَشِیّتِ اِلٰہی، خَشِیّتِ طَاری ہونا |
| | اَنْ | اَ ئِنْ | اس بات سے کہ | | |
| | يُّرْهِقَهُمَا | یُ رْ ہِ قَ ہُ مَا | وہ ان دونوں کو مجبور کر دے گا | ر ھ ق | |
| | طُغْيَانًا | طُ غْ یَا نَا ؤں | سرکشی پر | ط غ ی | سَمُندر میں طُغیَانی، طَاغُوتی نظَام |
| | وَّكُفْرًا ۚ ⑧⓪ | وَ کُفْ رَا | اور کفر پر | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرَانِ نعمَت |
| ۸۱ | فَاَرَدْنَآ | فَ اَ رَ دْ نَا.. | لہٰذا ہم نے چاہا | ر و د | پُختہ اِرَادَہ، اِرَادَت، مُرِیدِ صَادِق |

فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ ⑧⓪ فَاَرَدْنَآ

ماں باپ ایمان والے تھے، ہمیں خوف ہوا کہ کہیں یہ انہیں اپنی سرکشی اور کفر سے عاجز و پریشان نہ کر دے ⑧⓪ اس لئے ہم نے چاہا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَ ئِنْ | یہ کہ | | |
| | يُّبْدِلَهُمَا | یُبْ دِ لَ ہُ مَا | ان دونوں کو بدلے میں دے | ب د ل | بَدلَہ، تَبدِیل، تَبَادلَہ خیَال، مُتبَادِل |
| | رَبُّهُمَا | رَ بْ بُ ہُ مَا | ان دونوں کا رب | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العَالمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | خَيْرًا | خَا ئِ رَ | بہتر | خ ی ر | خَیرخواہی، خَیر و شَر، خَیر و بَرَکت |
| | مِّنْهُ | م مِنْ ہُ | اس سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ القَوم |
| | زَكٰوةً | زَ کَا تَا ؤں | پاکیزگی میں | ز ك و | تزکِیہ، مُزَکّی، تَزکِیہ نفَس |
| | وَّاَقْرَبَ | وَ اَقْ رَ بَ | اور زیادہ قریب | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی<br>عَزِیز و اَقارِب |
| | رُحْمًا ⑧① | رُحْ مَا | شفقت میں | ر ح م | رَحم، رَحمَت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| ۸۲ | وَاَمَّا | وَ اَ م مَ | اور رہی | | سَیر وسَیاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب وروز |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْجِدَارُ | لُ جِ دَا رُ | وہ دیوار | ج د ر | |
| | فَكَانَ | فَ كَ ا نَ | تو وہ تھی | ك و ن | |

اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ

انہیں ان کا پروردگار اسکے بدلے اس سے بہتر پاکیزگی والا اور اس سے زیادہ محبت اور پیار والا بچہ عنایت فرمائے ﴿٨١﴾ دیوار کا قصہ یہ ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِغُلٰمَيْنِ | لِ غُ لَا مَا ئِ نِ | لڑکوں کی | غ ل م | غُلَام، غِلْمَان، غُلَام علی (نام) |
| | يَتِيْمَيْنِ | یَ تِیْ مَا ئِ نِ | دو یتیم | ی ت م | یَتِیم، یَتَامٰی، یَتِیم مِسْکِین |
| | فِي الْمَدِيْنَةِ | فِلْ مَ دِیْ نَ ةِ | (اس) شہر میں | م د ن | مُدُن، مَدِینَہ طَیِّبَہ، اَہلِ مَدِینَہ |
| | وَكَانَ | وَ كَ ا نَ | اور تھا | ك و ن | عَدل و اِنصَاف، قَول و قَرار، مکر و فریب |
| | تَحْتَهٗ | تَ حْ تَ هُوْ | اس کے نیچے | ت ح ت | مَاتَحت، اس کے مَاتَحت |
| | كَنْزٌ لَّهُمَا | کَنْ زُ لْ لَ هُ مَا | ان دونوں کے لئے ایک خزانہ | ك ن ز | کَنز (خزانہ)، کُنُوز، کَنزُ الدَّقَائِق |
| | وَكَانَ | وَ كَ ا نَ | اور تھا | ك و ن | عَدل و اِنصَاف، قَول و قَرار، مکر و فریب |
| | اَبُوْهُمَا | اَ بُوْ هُ مَا | ان دونوں کا باپ | ء ب و | آبا و اَجداد، اِسکے آبَاء، آبَائی عَلَاقَہ |
| | صَالِحًا ج | صَا لِ حَا | نیک | ص ل ح | صَالِحِین، صُلَحَاء، اَعمَالِ صَالِح |

لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ج

کہ اس شہر میں دو یتیم بچے ہیں جن کا خزانہ ان کی اس دیوار کے نیچے دفن ہے ان کا باپ بڑا نیک شخص تھا تو تیرے رب کی چاہت تھی کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَرَادَ | فَ اَ رَا دَ | پھر چاہا | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادَت، مُرِیدِ صادِق |
| | رَبُّكَ | رَبْ بُ كَ | تیرے رب نے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | اَنْ يَّبْلُغَا | اَ ئِیْ یَبْ لُ غَا.. | یہ کہ وہ دونوں پہنچیں | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغَت، اَبلَاغِ عَامَّہ |
| | اَشُدَّهُمَا | اَشُدْ دَ هُ مَا | اپنی جوانی کو | ش د د | شَدِید، شِدَّت، اَشَد ضروری |
| | وَيَسْتَخْرِجَا | وَ یَسْ تَ خْ رِ جَا | اور وہ دونوں نکالیں | خ ر ج | خَارِج، وَزَارتِ خَارِجہ، مَخرَج، خُرُوج |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَنْزَهُمَا ۖ | کَنْ زَ ہُ مَا | اپنا خزانہ | ك ن ز | کَنز (خزانہ)، کُنُوز، کَنزُ الدّقائق |
| | رَحْمَةً | رَحْ مَ تَ | رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | مِّنْ رَّبِّكَ ۚ | مِ مرْرَب بِ کَ | تیرے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | وَمَا فَعَلْتُهٗ | وَ مَا فَ عَلْ تُ ہُوْ | اور میں نے یہ کام نہیں کیا | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |

## فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ

یہ دونوں یتیم اپنی جوانی کی عمر میں آ کر اپنا یہ خزانہ تیرے رب کی مہربانی اور رحمت سے نکال لیں، میں نے اپنی رائے سے کوئی کام نہیں کیا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ اَمْرِيْ ؕ | عَنْ اَمْ رِیْ | اپنی مرضی سے | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ ہے | | |
| | تَاْوِيْلُ | تَ x وِیْ لُ | حقیقت | ء و ل | تاوِیل کَلَام، تفسیر و تاوِیل، تاوِیلَات |
| | مَا | مَا | ان (باتوں) کی کہ | | مَاشَاءَاللّٰہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | لَمْ تَسْطِعْ | لَمْ تَسْ طِ عْ | تو نے طاقت نہیں رکھی | ط و ع | اِستِطَاعت، مُستَطِیع، حج کی اِستِطَاعت |
| | عَّلَيْهِ | عَ لَا ئِیْ ہِ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | صَبْرًا ؕ ۸۲ | صَبْ رَا | صبر کرنے کی | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صابرین |
| ۸۳ | وَيَسْـَٔلُوْنَكَ | وَ یَسْ ءَ لُوْ نَ کَ | اور وہ (یہودی) آپ سے پوچھتے ہیں | س ء ل | سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سَائِل |

## عَنْ اَمْرِيْ ؕ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۸۲ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ

یہ تھی اصل حقیقت ان واقعات کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا ۸۲ آپ (ﷺ) سے ذوالقرنین کا واقعہ یہ لوگ دریافت کر رہے ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ؕ | عَنْ ذِ لْ قَ رْ نَا ئِیْ نِ | ذوالقرنین کے بارے میں | | ذِی رُوح، ذِی شُعُور، ذِی شَان |
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | سَاَتْلُوْا | سَ اَتْ لُوْ | میں عنقریب پڑھوں گا | ت ل و | تِلاوت، وَحی مَتلو، وَحی غیر مَتلو |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِیْ کُ مْ | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْهُ | مِنْ ہُ | اس کا | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملہ، مِنْ حَیْثُ الْقوم |
| | ذِكْرًا ؕ ۝٨٣ | ذِکْ رَا | کچھ ذکر | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| ٨٤ | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم نے | | |
| | مَكَّنَّا | مَ کْ کَن نَا | قدرت دی تھی | م ك ن | مَکان، مَکیں، باتمکین، مُتمکّن |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کو | | |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |

عَنْ ذِی الْقَرْنَیْنِ ؕ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ؕ ۝٨٣ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِی الْاَرْضِ

آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے کہ میں ان کا تھوڑا سا حال تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں ۝٨٣ ہم نے اسے زمین میں قوت عطا فرمائی تھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاٰتَيْنٰهُ | وَ آ تَا یْ نَا ہُ | اور ہم نے اسے دیا تھا | ء ت ی | |
| | مِنْ كُلِّ | مِنْ کُل لِ | ہر سے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ | شَا یْ ءِ نْ | چیز | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضُروریہ شَےئے، اَشیائے خوردونوش |
| | سَبَبًا ۙ ۝٨٤ | سَ بَ بَا | ساز وسامان | س ب ب | اَسباب وذرائع، مال واَسباب |
| ٨٥ | فَاَتْبَعَ | فَ اَتْ بَ عَ | پھر وہ پیچھے لگا | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | سَبَبًا ۝٨٥ | سَ بَ بَا | ایک راہ کے | س ب ب | اَسباب وذرائع، مال واَسباب |
| ٨٦ | حَتّٰٓى | حَت تَا.. | یہاں تک کہ | | حتّی الامکان، حتّیٰ کہ |
| | اِذَا بَلَغَ | اِذَا بَ لَ غَ | جب وہ پہنچا | ب ل غ | بالِغ، بُلوغت، ابلاغِ عامہ |
| | مَغْرِبَ | مَ غْ رِ بَ | غروب ہونے کی جگہ | غ ر ب | غربی جہت، مغربی جمہوریت مغربی ممالک |
| | الشَّمْسِ | ش شَ مْ سِ | سورج | ش م س | شمس وقمر، شمسی توانائی، سُورۃُ الشَّمس |

وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۙ ۝٨٤ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝٨٥ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

اور اسے ہر چیز کے سامان بھی عنایت کر دیئے تھے ۝٨٤ وہ ایک راہ کے پیچھے لگا ۝٨٥ یہاں تک کہ سورج ڈوبنے کی جگہ پہنچ گیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَجَدَهَا | وَ جَ دَ ہَا | تو اس نے اسے پایا | و ج د | وَجد، وَجدان، وَاجِد(نام)، مَوجُود |
| | تَغْرُبُ | تَ غْ رُ بُ | (کہ) وہ غروب ہو رہا ہے | غ ر ب | غَربِی جِہَت، مَغربی جمہورِیّت، مَغربی ممالک |
| | فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ | فِیْ عَا ئِ نِنْ حَ مِ ءَ تِیْ اُوْں | سیاہ کیچڑ والے ایک چشمے میں | ع ی ن / ح م ء | عَیْن (چشمہ)، اَعْیُن (جمع، چشمے) |
| | وَّوَجَدَ | وْ وَ جَ دَ | اور اس نے پائی | و ج د | وَجد، وَجدان، وَاجِد(نام)، مَوجُود |
| | عِنْدَهَا | عِ نْ دَ ہَا | اس (چشمے) کے نزدیک | | عِندَاللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | قَوْمًا ۥ | قَ وْ مَا | ایک قوم | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | قُلْنَا | قُ لْ نَا | ہم نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰذَا الْقَرْنَيْنِ | یَا ذَلْ قَ رْ نَا ئِ نِ | اے ذوالقرنین! | | ذِی رُوْح، ذِی شُعُور، ذِی شَان |
| | اِمَّآ | اِم مَا.. | یا تو | | |

## وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۥ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ

اور اسے ایک دلدل کے چشمے میں غروب ہوتا ہوا پایا اور اس چشمے کے پاس ایک قوم کو بھی پایا، ہم نے فرما دیا کہ اے ذوالقرنین! یا تو تو انہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَنْ | یہ ہے کہ | | |
| | تُعَذِّبَ | تُ عَ ذْ ذِ بَ | تو (انہیں) سزا دے | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم، عَذَابِ آخرت |
| | وَاِمَّآ اَنْ | وَاِم مَا.. اَنْ | اور یا یہ ہے کہ | | |
| | تَتَّخِذَ | تَت تَ خِ ذَ | تو اختیار کرے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | فِيْهِمْ | فِیْ ہِمْ | ان کی بابت | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | حُسْنًا ﴿۸۶﴾ | حُ سْ نَا | اچھائی | ح س ن | حُسن، اِحسَان، مُحسِن، مُحسِنَات |
| ۸۷ | قَالَ | قَ الَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اَمَّا | اَم مَا | رہا | | |
| | مَنْ | مَنْ | وہ شخص جس نے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ظَلَمَ | ظَ لَ مَ | ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالمین |
| | فَسَوۡفَ | فَ سَاؤ فَ | تو جلد ہی | | |

اَنۡ تُعَذِّبَ وَ اِمَّاۤ اَنۡ تَتَّخِذَ فِیۡهِمۡ حُسۡنًا ﴿۸۶﴾ قَالَ اَمَّا مَنۡ ظَلَمَ فَسَوۡفَ

تکلیف پہنچائے یا انکے بارے میں تو کوئی بہترین روش اختیار کرے ﴿۸۶﴾ اس نے کہا کہ جو ظلم کرے گا اسے تو ہم بھی اب سزا دیں گے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُعَذِّبُهٗ | نُ عَذ ذِ بُ ہُوۡ | ہم اسے سزا دیں گے | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم، عَذَابِ آخرت |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | يُرَدُّ | یُ رَ دْ دُ | وہ لوٹایا جائے گا | ر د د | رَدّ کرنا، فِتنۂ اِرتِداد، مُرتَد، مَردُود |
| | اِلٰى رَبِّهٖ | اِلَا رَب بِ ہِیۡ | اپنے رب کی طرف | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | فَيُعَذِّبُهٗ | فَ یُ عَذ ذِ بُ ہُوۡ | تو وہ عذاب دے گا | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم، عَذَابِ آخرت |
| | عَذَابًا | عَ ذَا بَ | عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم، عَذَابِ آخرت |
| | نُّكۡرًا ﴿۸۷﴾ | ن نُ کۡ رَا | سخت | ن ك ر | مُنکَر، مُنکَرات، مُنکِرین |
| ۸۸ | وَاَمَّا | وَ اَم مَا | اور رہا | | رَحم وکَرم، شَان وشوکت، عَقل وشعُور |
| | مَنۡ | مَنۡ | وہ شخص جو | | |
| | اٰمَنَ | آ مَ نَ | ایمان لایا | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | وَعَمِلَ | وَ عَ مِ لَ | اور اس نے عمل کئے | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكۡرًا ﴿۸۷﴾ وَاَمَّا مَنۡ اٰمَنَ وَعَمِلَ

پھر وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جائے گا اور وہ اسے سخت تر عذاب دے گا ﴿۸۷﴾ ہاں! جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صَالِحًا | صَا لِ حَنۡ | نیک | ص ل ح | صَالِحین، صُلحاء، اَعمالِ صَالِح |
| | فَلَهٗ | فَ لَ ہُوۡ | تو اس کے لئے ہے | | |
| | جَزَآءَ | جَ زَ ا... ءَ | بطور بدلہ | ج ز ی | جَزَائے خیر، جَزَاکُمُ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْحُسْنٰی ج | لَ حُ سْ نَا | بہت اچھا انجام (جنت) | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسِن، مُحسِنات |
| | وَسَنَقُوْلُ | وَ سَ نَ قُوْ لُ | اور عنقریب ہم کہیں گے (حکم دیں گے) | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقُولہ |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اسے | | |
| | مِنْ اَمْرِنَا | مِنْ اَمْ رِ نَا | اپنے کام سے | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | يُسْرًا ؕ ۸۸ | يُسْ رَا | آسانی والا | ی س ر | یُسر، مُیَسِّر، اَیسرُ القرآن تیسیرُ القرآن |
| ۸۹ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَتْبَعَ | اَتْ بَ عَ | وہ پیچھے لگا | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | سَبَبًا ۸۹ | سَ بَ بَا | ایک (اور) راہ کے | س ب ب | اَسباب وذَرائع، مال واَسباب |

صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالْحُسْنٰی ج وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ؕ ۸۸ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۸۹

اس کے لئے تو بدلے میں بھلائی ہے اور ہم اسے اپنے کام میں بھی آسانی ہی کا حکم دیں گے ۸۸ پھر وہ اور راہ کے پیچھے لگا ۸۹

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۰ | حَتّٰٓی | حَتْ تَا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الامکان، حَتّٰی کہ |
| | اِذَا بَلَغَ | اِ ذَا بَ لَ غَ | جب وہ پہنچا | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | مَطْلِعَ | مَ طْ لِ عَ | طلوع ہونے کی جگہ | ط ل ع | طُلُوعِ اِسلام، مُطّلع، مَطلع صاف |
| | الشَّمْسِ | شْ شَ مْ سِ | سورج | ش م س | شمس وقمر، عَبدُالشّمس (نام)، شَمسی توانائی |
| | وَجَدَهَا | وَ جَ دَ هَا | تو اس نے اسے پایا (کہ) | و ج د | وَجد، وِجدان، وَاجِد (نام)، مَوجُود |
| | تَطْلُعُ | تَ طْ لُ عُ | وہ طلوع ہو رہا ہے | ط ل ع | طُلُوعِ اِسلام، مُطّلع، مَطلع صاف |
| | عَلٰی قَوْمٍ | عَ لَا قَ وْ مِ | ایسی قوم پر کہ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | لَّمْ نَجْعَلْ | ل لَمْ نَ جْ عَ لْ | ہم نے احاطہ کر لیا تھا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غِذات |
| | لَّهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |
| | مِّنْ دُوْنِهَا | مِنْ دُوْ نِ هَا | اس (سورج) کے آگے | د و ن | بِدُون اِس کے |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا

یہاں تک کہ جب سورج نکلنے کی جگہ تک پہنچا تو اسے ایک ایسی قوم پر نکلتا پایا کہ ان کے لئے ہم نے اس سے اور کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سِتْرًا ۙ ۝۹۰ | سِتْ رَا | کوئی پردہ | س ت ر | سُترہ، مَستُور، سَتّارُالعُیُوب، سِتروحِجاب، اَحکامِ سِتروحِجاب |
| ۹۱ | كَذٰلِكَ ۭ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح تھا | | |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | اور تحقیق | | سَیروسَیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | اَحَطْنَا | اَ حَ طْ نَا | ہم نے احاطہ کرلیا تھا | ح و ط | اِحاطہ کرنا، اِحاطۂ تحریر، مُحِیط ہونا |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کا جو کچھ | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | لَدَيْهِ | لَ دَا ئِیْ ہِ | اس کے پاس تھا | | |
| | خُبْرًا ۝۹۱ | خُبْ رَا | علم کے لحاظ سے | خ ب ر | خَبِیر، خَبردار، خَبرنَاک (اخبار) |
| ۹۲ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَتْبَعَ | اَتْ بَ عَ | وہ پیچھے لگا | ت ب ع | تَابِعدار، تَابِع فرماں، اِتّبَاعِ سُنّت |
| | سَبَبًا ۝۹۲ | سَ بَ بَا | ایک (اور) راہ کے | س ب ب | سَبَب، اَسبَاب، مُسَبّبُ الاَسبَاب |

سِتْرًا ۙ ۝۹۰ كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ۝۹۱ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝۹۲

اوٹ نہیں بنائی ۝۹۰ واقعہ ایسا ہی ہے اور ہم نے اسکے پاس کی کل خبروں کا احاطہ کر رکھا ہے ۝۹۱ وہ پھر ایک سفر کے سامان میں لگا ۝۹۲

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۳ | حَتّٰٓى | حَت تَا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّیٰ کہ |
| | اِذَا بَلَغَ | اِ ذَا بَ لَ غَ | جب وہ پہنچا | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | بَيْنَ | بَائِیْ نَ | درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ، بَینُ الاَقوامی |
| | السَّدَّيْنِ | س سَد دَا ئِیْ نِ | دو دیواروں (پہاڑوں) کے | س د د | سَدِّ سَکندَری، قَولِ سَدِید |
| | وَجَدَ | وَ جَ دَ | تو اس نے پایا | و ج د | وَجد، وَجدَان، وَاجِد (نام)، مَوجُود |
| | مِنْ دُوْنِهِمَا | مِنْ دُوْ نِ ہِ مَا | ان دونوں کے اس طرف | د و ن | بِدُون اِس کے |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَوْمًا ۙ | قَا ؤ مَ | کچھ لوگوں کو جو | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | لَّا يَكَادُوْنَ | ل لَا یَ کَا دُوْ نَ | نہیں قریب تھے | ك ى د | لاتعداد، لاعِلاج، لاعِلم، لاجواب |
| | يَفْقَهُوْنَ | یَفْ قَ ہُوْ نَ | کہ وہ سمجھتے | ف ق ه | فِقہ، فَقِیہ، فُقہاء، تفقّہ فی الدّین |

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ

یہاں تک کہ جب دو دیواروں کے درمیان پہنچا ان دونوں کے پرے اس نے ایک ایسی قوم پائی جو بات سمجھنے کے قریب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَوْلًا ﴿٩٣﴾ | قَا ؤ لَا | کوئی بات | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| ٩٤ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰذَا الْقَرْنَيْنِ | یَا ذَلْ قَ رْ نَا ئِ نِ | اے ذوالقرنین! | | ذُوالقَرنَین بادشاہ |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | يَاْجُوْجَ | یَ x جُوْ جَ | یاجوج | | یاجُوج (فسادی قوم) |
| | وَمَاْجُوْجَ | وَ مَ x جُوْ جَ | اور ماجوج | | ماجُوج (فسادی قوم) |
| | مُفْسِدُوْنَ | مُ فْ سِ دُوْ نَ | فساد کرنے والے ہیں | ف س د | فَساد، فَسادات، فاسِد مادہ، مُفسِد |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَ رْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | فَهَلْ | فَ ہَ لْ | تو کیا | | |

قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ

بھی نہ تھی ﴿٩٣﴾ انہوں نے کہا کہ اے ذوالقرنین! یاجوج ماجوج اس ملک میں (بڑے بھاری) فسادی ہیں، تو کیا ہم آپ کیلئے کچھ خرچ کا انتظام

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَجْعَلُ | نَ جْ عَ لُ | ہم (جمع) کر دیں | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَكَ | لَ كَ | تیرے لئے | | |
| | خَرْجًا | خَ رْ جَنْ | کچھ مال | خ ر ج | خَرج (وصول شدہ مال) خَراج وصول کرنا |
| | عَلٰٓى | عَ لَا .. | اس (شرط) پر | | عَلیٰ وَجہِ البَصیرت، عَلَی الاِعلان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ تَجْعَلَ | اَنْ تَ جْ عَ لَ | کہ تو بنا دے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | بَيْنَنَا | بَ اْ ئِيْ نَ نَا | ہمارے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَبَيْنَهُمْ | وَ بَ اْ ئِيْ نَ ہُمْ | اور ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | سَدًّا ﴿٩٤﴾ | سَ دْ دَا | ایک دیوار؟ | س د د | سَدِّ سَکَندری، قولِ سَدِید |
| ٩٥ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | مَا | مَا | وہ چیزیں کہ | | مَا شَاءَ اللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتَحت |
| | مَكَّنِّيْ | مَ كْ كَ نْ نِيْ | مجھے قدرت دی ہے | م ك ن | مَکَان، مَکِیں، اِمکَان، بَاتَمکِین |
| | فِيْهِ | فِيْ هِ | ان میں | | فِي الحَال، فِي الفَور، فِي الوَقت |

نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ

کر دیں؟ (اس شرط پر کہ) آپ ہمارے اور انکے درمیان ایک دیوار بنا دیں ﴿٩٤﴾ اس نے جواب دیا کہ میرے اختیار میں میرے پروردگار نے جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّيْ | رَ بْ بِيْ | میرے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | خَيْرٌ | خَ اْ ئِيْ رُنْ | بہت بہتر ہیں | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر و شر، خَیر و بَرَکت |
| | فَاَعِيْنُوْنِيْ | فَ اَ عِيْ نُوْ نِيْ | لہٰذا تم میری مدد کرو | ع ی ن | اِعَانَت کرنا، مُعاوَنَت کرنا، تَعَاوُن |
| | بِقُوَّةٍ | بِ قُوْ وَ تِنْ | قوت کے ساتھ | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |
| | اَجْعَلْ | اَ جْ عَ لْ | میں بنا دوں گا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | بَيْنَكُمْ | بَ اْ ئِيْ نَ كُ مْ | تمہارے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَبَيْنَهُمْ | وَ بَ اْ ئِيْ نَ ہُمْ | اور ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | رَدْمًا ﴿٩٥﴾ | رَ دْ مَا | ایک مضبوط دیوار | ر د م | |
| ٩٦ | اٰتُوْنِيْ | آ تُوْ نِيْ | تم مجھے لا دو | ء ت ی | |
| | زُبَرَ | زُ بَ رَ | تختے | ز ب ر | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الۡحَدِیۡدِ ؕ | لُ حَ دِیۡ دِ | لوہے کے | ح د د | سُوۡرَۃُ الۡحَدِیۡد، اَلۡحَدِیۡد (لوہا) |

رَبِّیۡ خَیۡرٌ فَاَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ اَجۡعَلۡ بَیۡنَکُمۡ وَ بَیۡنَہُمۡ رَدۡمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوۡنِیۡ زُبَرَ الۡحَدِیۡدِ ؕ

دے رکھا ہے وہی بہتر ہے، تم صرف قوت وطاقت سے میری مدد کرو، میں تمہارے اور انکے درمیان بند بنا دیتا ہوں ﴿۹۵﴾ مجھے لوہے کی چادریں لا دو،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَتّٰۤی | حَ تَ تَا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الۡاِمۡکَان، حَتّٰی کہ |
| | اِذَا سَاوٰی | اِ ذَا سَا وَا | جب اس نے برابر کر دیا | س و ی | تَسۡوِیَۃُ الصُّفُوۡف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُسَاوَات، مُسَاوِی |
| | بَیۡنَ | بَا ئِیۡ نَ | درمیانی خلا کو | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَیۡن فیصلہ بَیۡنُ الۡاَقۡوَامی |
| | الصَّدَفَیۡنِ | صۡ صَ دَ فَا ئِیۡ نِ | دونوں پہاڑوں کے | ص د ف | |
| | قَالَ | قَ ا لَ | تو اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقۡوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | انۡفُخُوۡا ؕ | اُنۡ فُ خُوۡ | تم دھونکو (پھونکو) | ن ف خ | نَفۡخِ صُوۡر، نَافِخ (پھونکنے والا) |
| | حَتّٰۤی | حَ تَ تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الۡاِمۡکَان، حَتّٰی کہ |
| | اِذَا جَعَلَہٗ | اِ ذَا جَ عَ لَ ہُوۡ | جب اس نے اسے بنا دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | نَارًا ۙ | نَا رَا | آگ | ن و ر | نَارِ نَمرود، نَارِ جَہنم، نَارِ سَموم |
| | قَالَ | قَ ا لَ | تو کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقۡوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اٰتُوۡنِیۡۤ | آ تُوۡ نِیۡ.. | تم لاؤ میرے پاس | ء ت ی | |

حَتّٰۤی اِذَا سَاوٰی بَیۡنَ الصَّدَفَیۡنِ قَالَ انۡفُخُوۡا ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَعَلَہٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوۡنِیۡۤ

یہاں تک کہ جب ان دونوں پہاڑوں کے درمیان دیوار برابر کر دی تو حکم دیا کہ آگ تیز جلاؤ تاوقتیکہ لوہے کی ان چادروں کو بالکل آگ کر دیا، تو فرمایا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُفۡرِغۡ | اُفۡ رِغۡ | میں انڈیل دوں | ف ر غ | فَارِغ، فَرَاغت، مُتَفَرِّغ |
| | عَلَیۡہِ | عَ لَا ئِیۡ ہِ | اس پر | | عَلَی الۡاِعلان، عَلَی الۡعُمُوم |
| | قِطۡرًا ﴿۹۶﴾ ؕ | قِ طۡ رَا | پگھلا ہوا تانبا | ق ط ر | |
| ۹۷ | فَمَا اسۡطَاعُوۡۤا | فَ مَسۡ طَا عُوۡ.. | پھر نہ تو وہ طاقت رکھیں گے | ط و ع | اِستِطَاعت، مُستَطِیع، حج کی اِستِطَاعت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | آ ئِیْنْ | یہ کہ | | |
| | يَّظْهَرُوْهُ | یَ ظْ ہَ رُوْ ہُ | وہ اس پر چڑھ جائیں | ظ ھ ر | ظَاہِر ہونا، ظُہُوْر ہونا، مَظْہَر، اِظْہَار |
| | وَمَا اسْتَطَاعُوْا | وَ مَ سْ تَ طَا عُوْ | اور نہ وہ طاقت رکھیں گے | ط و ع | اِستِطَاعت، مُستَطِیع، حج کی اِستِطَاعت |
| | لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ | لَ ہُوْ نَقْ بَا | اس میں سوراخ کرنے کی | ن ق ب | نَقْب لگانا (سوراخ کرنا)، نَقْب زَنی کرنا |

اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾

میرے پاس لاؤ اس پر پگھلا ہوا تانبا ڈال دوں ﴿۹۶﴾ پس نہ تو ان میں اس دیوار کے اوپر چڑھنے کی طاقت تھی اور نہ اس میں کوئی سوراخ کر سکتے تھے ﴿۹۷﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۸ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (ذوالقرنین) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | هٰذَا رَحْمَةٌ | ہَا ذَا رَحْ مَ تُ | یہ رحمت ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم و کَرم |
| | مِّنْ رَّبِّيْ ج | مِ ںرْ رَب بِیْ | میرے رب کی | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | فَاِذَا جَآءَ | فَ اِذَا جَا...ءَ | پھر جب آجائے گا | ج ی ء | |
| | وَعْدُ | وَعْ دُ | وعدہ | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وعِید، وَعدہ کرنا |
| | رَبِّيْ | رَبْ بِیْ | میرے رب کا | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | جَعَلَهٗ | جَ عَ لَ ہُوْ | تو وہ اسے کردے گا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقَابلہ، جَعلی کاغَذات |
| | دَكَّآءَ ج | دَ کْ کَا...ءَ | ہموار (زمین) | د ك ك | |
| | وَكَانَ | وَ کَ ا نَ | اور ہمیشہ سے ہے | ك و ن | رَحم وکَرم، شان و شَوکت، عَقل و شُعُور |
| | وَعْدُ | وَعْ دُ | وعدہ | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وعِید، وَعدہ کرنا |
| | رَبِّيْ | رَبْ بِیْ | میرے رب کا | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ج فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ج وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ

کہا یہ صرف میرے رب کی مہربانی ہے ہاں! جب میرے رب کا وعدہ آئے گا تو اسے زمین بوس کر دے گا، بیشک میرے رب کا وعدہ سچا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَقًّا ط ﴿۹۸﴾ | حَقْ قَا | برحق | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٩٩ | وَتَرَكْنَا | وَ تَ رَ كْ نَا | اور ہم چھوڑیں گے | ت ر ك | ترک، تارِک، متروک، ترکہ |
| | بَعْضَهُمْ | بَ عْ ضَ هُمْ | ان کے بعض کو | ب ع ض | بعض لوگ بعض النّاس بعض اشیاء |
| | يَوْمَئِذٍ | يَا وْ مَ ءِ ذِ يْں | اس دن | ی و م | یوم قائد، یوم اقبال، یوم عید |
| | يَّمُوْجُ | یَ مُوْ جُ | وہ گھس جائیں گے | م و ج | |
| | فِيْ بَعْضٍ | فِيْ بَعْ ضِنْ وُں | بعض میں | ب ع ض | بعض لوگ بعض النّاس بعض اشیاء |
| | وَّنُفِخَ | وَ نُ فِ خَ | اور پھونکا جائے گا | ن ف خ | نفخِ صور، نافخ (پھونکنے والا) |
| | فِي الصُّوْرِ | فِص صُوْ رِ | صور میں | ص و ر | نفخِ صور (صور پھونکنا) |
| | فَجَمَعْنٰهُمْ | فَ جَ مَ عْ نَا هُمْ | پھر ہم ان (سب) کو جمع کریں گے | ج م ع | جمع، جمیع، اجماع، مجمع، مجموعہ |

حَقًّا ۝٩٨ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ

اور حق ہے ۝٩٨ اس دن ہم انہیں آپس میں ایک دوسرے میں گڈمڈ ہوتے ہوئے چھوڑ دیں گے اور صور پھونک دیا جائے گا پس سب کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَمْعًا ۝٩٩ | جَ مْ عَا | پوری طرح جمع کرنا | ج م ع | جمع، جمیع، اجماع، مجمع، مجموعہ |
| ١٠٠ | وَّعَرَضْنَا | وَ عَ رَضْ نَا | اور ہم سامنے لے آئیں گے | ع ر ض | عارِض، عرض، معرِض ہونا |
| | جَهَنَّمَ | جَ هَن نَ مَ | جہنم کو | ج ه م | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | يَوْمَئِذٍ | يَا وْ مَ ءِ ذِ | اس دن | ی و م | یوم قائد، یوم اقبال، یوم عید |
| | لِّلْكٰفِرِيْنَ | لِ لِلْ كَا فِ رِ يْنَ | کافروں کے | ك ف ر | کفر، کافر، کفّارِ مکّہ، کفرانِ نعمت |
| | عَرْضًا ۝١٠٠ | عَ رْ ضَا | روبرو | ع ر ض | عارِض، عرض، معرِض ہونا |
| | اِلَّذِيْنَ | اَل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ کہ | | |
| | كَانَتْ | كَا نَتْ | تھیں | ك و ن | |

جَمْعًا ۝٩٩ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۝١٠٠ اِلَّذِيْنَ كَانَتْ

اکٹھا کر کے ہم جمع کر لیں گے ۝٩٩ اس دن ہم جہنم کو (بھی) کافروں کے سامنے لا کھڑا کر دیں گے ۝١٠٠ جن کی آنکھیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعۡیُنُهُمۡ | اَ عۡ یُ نُ هُمۡ | ان کی آنکھیں | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) قُرّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | فِیۡ غِطَآءٍ | فِیۡ غِ طَا...ءِنۡ | پردے میں | غ ط ء | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | عَنۡ | عَنۡ | سے | | |
| | ذِكۡرِیۡ | ذِکۡ رِیۡ | میری یاد | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | وَ كَانُوۡا | وَ کَا نُوۡ | اور وہ تھے | ك و ن | رَحم وکَرم، شَان وشَوکَت، عَقل وشُعُور |
| | لَا یَسۡتَطِیۡعُوۡنَ | لَا یَسۡ تَ طِیۡ عُوۡ نَ | طاقت نہ رکھتے | ط و ع | اِستِطَاعَت، مُستَطِیع، حَج کی اِستِطَاعَت |
| | سَمۡعًا ۱۰۱ | سَمۡ عَا | سننے کی | س م ع | سَامِع، قُوّتِ سَماعَت، آلہ سَماعَت |
| ۱۰۲ | اَفَحَسِبَ | اَ فَ حَ سِ بَ | کیا پھر سمجھا ہے | ح س ب | حَسبِ حَال، حِسَاب، حَسِیب |

اَعۡیُنُهُمۡ فِیۡ غِطَآءٍ عَنۡ ذِكۡرِیۡ وَ كَانُوۡا لَا یَسۡتَطِیۡعُوۡنَ سَمۡعًا ۱۰۱ اَفَحَسِبَ

میری یاد سے پردے میں تھیں اور (امر حق) سن بھی نہیں سکتے تھے ۱۰۱ کیا کافر یہ خیال کئے بیٹھے ہیں؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِیۡنَ | اَلۡ لَ ذِیۡ نَ | ان لوگوں نے جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوۡۤا | کَ فَ رُوۡ.. | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | اَنۡ | اَ ئِیۡ | کہ | | |
| | یَّتَّخِذُوۡا | یَت تَ خِ ذُوۡ | وہ ٹھہرائیں | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُوَاخَذہ کرنا، |
| | عِبَادِیۡ | عِ بَا دِیۡ | میرے بندوں کو | ع ب د | عَبدُ اللّٰہ، عِبَاد، عِبَادُ الرَّحمٰن |
| | مِنۡ دُوۡنِیۡۤ | مِنۡ دُوۡ نِیۡ.. | میرے سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اَوۡلِیَآءَ ؕ | اَوۡ لِ یَا...ءَ | مددگار؟ | و ل ی | وَلِیُّ اللّٰہ، وِلَایت، اَولِیَاءِ کِرَام |
| | اِنَّاۤ | اِن نَا.. | بلاشبہ ہم نے | | |
| | اَعۡتَدۡنَا | اَعۡ تَ دۡ نَا | تیار کیا ہے | ع ت د | |
| | جَهَنَّمَ | جَ هَنۡ نَ مَ | جہنم کو | ج ه م | جَہنّم کا عذاب، جَہنّم کی وادی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَاۗءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ

کہ میرے سوا وہ میرے بندوں کو اپنا حمایتی بنالیں گے؟ (سنو) ہم نے تو ان کفار کی مہمانی کے لئے جہنم کو تیار

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلْكٰفِرِيْنَ | لِلْ کَا فِ رِیْ نَ | کافروں کے لئے | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّار، مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | نُزُلًا ۱۰۲ | نُ زُ لَا | بطورِ مہمانی | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| ۱۰۳ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | هَلْ | ہَ لْ | کیا | | |
| | نُنَبِّئُكُمْ | نُ نَبْ بِ ءُ كُ مْ | ہم تمہیں خبر دیں | ن ب ء | نَبی، اَنبِیاء، خَاتَمُ النَّبِیّین |
| | بِالْاَخْسَرِيْنَ | بِلْ اَخْ سَ رِیْ نَ | زیادہ خسارہ پانے والوں کی | خ س ر | خَسارہ اُٹھانے والا، خَائِب وخَاسِر |
| | اَعْمَالًا ۱۰۳ | اَعْ مَا لَا | عملوں کے اعتبار سے؟ | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ۱۰۴ | اَلَّذِيْنَ | اَلْ لَ ذِیْ نَ | وہ لوگ کہ | | |
| | ضَلَّ | ضَلْ لَ | ضائع ہوگئی | ض ل ل | ضَلالت (گُمراہی)، ضَلالت وگُمراہی |

لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۱۰۲ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۱۰۳ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ

کررکھا ہے ۱۰۲ کہہ دیجئے کہ اگر (تم کہوتو) میں تمہیں بتادوں کہ باعتبارِ اعمال سب سے زیادہ خسارے میں کون ہیں؟ ۱۰۳ وہ ہیں کہ جن کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَعْيُهُمْ | سَ عْ یُ ہُمْ | ان کی کوشش | س ع ی | سَعیِ لاحاصل، سَعیِ بِسیار، سَعی بَینَ الصَّفا وَالمَروۃ |
| | فِي الْحَيٰوةِ | فِلْ حَ یَا تِ | زندگی میں | ح ی ی | حَیاتِ جَاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنْيَا | دْ دُنْ یَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | وَهُمْ | وَ ہُمْ | جبکہ وہ | | |
| | يَحْسَبُوْنَ | یَ حْ سَ بُوْ نَ | خیال کرتے ہیں | ح س ب | حَسبِ حَال، حِساب، حَسِیب |
| | اَنَّهُمْ | اَنْ نَ ہُمْ | کہ بے شک وہ | | |
| | يُحْسِنُوْنَ | یُ حْ سِ نُوْ نَ | اچھے کررہے ہیں | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسِن، مُحسِنات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ | صُ نْ عَا | کام | ص ن ع | صانِع، مَصْنَع (فیکٹری)، صَنْعَتی شہر، صَنْعَت وحِرفَت |

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾

دنیوی زندگی کی تمام تر کوششیں بیکار ہو گئیں اور وہ اسی گمان میں رہے کہ وہ بہت اچھے کام کر رہے ہیں ﴿۱۰۴﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
یہ ہے صحیح واقعہ عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) کا، یہی ہے وہ حق بات جس میں لوگ شک وشبہ میں مبتلا ہیں ۝٣٤ اللہ تعالیٰ کیلئے اولاد کا ہونا لائق نہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ يَّتَّخِذَ | اَ ئِیْ یَت تَ خِ ذَ | یہ کہ وہ بنائے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُوَاخَذہ کرنا، |
| | مِنْ وَّلَدٍ لا | مِیْ وْ وَ لَ دِنْ | کوئی اولاد | و ل د | وَالِدہ، وَلَد، وَالِد، وَالِدَین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سُبْحٰنَهٗ ؕ | سُبْ حَا نَ هٗ | وہ پاک ہے | س ب ح | سُبحانَ اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |
| | اِذَا قَضٰٓى | اِ ذَا قَ ضَا.. | جب وہ فیصلہ کرتا ہے | ق ض ی | قضاوقدر، قضائے اِلٰہی، قاضی |
| | اَمْرًا | اَمْ رَنْ | کسی کام کا | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مامُور |
| | فَاِنَّمَا | فَ اِن نَ مَا | تو بس | | |
| | يَقُوْلُ | یَ قُوْ لُ | وہ (یہی) کہتا ہے | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے لئے: | | |
| | كُنْ | كُنْ | تو ہو جا | ك و ن | کُنْ (اللہ تعالیٰ کی کُنْ) |
| | فَيَكُوْنُ ؕ ۳۵ | فَ یَ کُوْ نُ | تو وہ ہو جاتا ہے | ك و ن | فَیَکُوْنُ (تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہو جاتا ہے) |

اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ ۳۵

وہ تو بالکل پاک ذات ہے، وہ تو جب کسی کام کے سرانجام دینے کا ارادہ کرتا ہے تو اسے کہہ دیتا ہے کہ ہو جا، وہ اسی وقت ہو جاتا ہے ۳۵

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۶ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ (ہی) ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | رَبِّیْ | رَب بِیْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | وَرَبُّكُمْ | وَ رَب بُ کُ مْ | اور تمہارا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | فَاعْبُدُوْهُ ؕ | فَ عْ بُ دُوْ هُ | لہٰذا تم اُسی کی عبادت کرو | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرَّحمٰن |
| | هٰذَا | هَا ذَا | یہی ہے | | |
| | صِرَاطٌ | صِ رَا طُ | راہ | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |
| | مُّسْتَقِيْمٌ ۳۶ | م مُس تَ قِیْ مُ | سیدھی | ق و م | اِستقامت فِی الدِّین، مُقیم، خطِ مُستقیم |
| ۳۷ | فَاخْتَلَفَ | فَ خْ تَ لَ فَ | پھر اختلاف کیا | خ ل ف | خلاف، مخالفت، مخالف، اِختلاف |
| | الْاَحْزَابُ | لْ اَحْ زَا بُ | (ان) گروہوں نے | ح ز ب | حِزب (گروہ)، حِزبُ اللہ، غزوۂ اَحزاب، سُورۃُ الاَحزاب |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ۝٣٦ فَاخۡتَلَفَ الۡاَحۡزَابُ** | | | | |
| | میرا اور تم سب کا پروردگار صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے، تم سب اِسی کی عبادت کرو، یہی سیدھی راہ ہے ۝٣٦ پھر یہ فرقے آپس میں اختلاف | | | | |
| | مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ ۚ | مِم بَا ئِی نِ ہِم | آپس میں | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاقوامی |
| | فَوَيۡلٌ | فَ وَا ئِی لُ | چنانچہ ہلاکت ہے | و ی ل | وَیل (جہنم کی وادی) |
| | لِّلَّذِيۡنَ | لِل لَ ذِی نَ | ان لوگوں کے لئے جنھوں نے | | |
| | كَفَرُوۡا | كَ فَ رُو | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | مِنۡ مَّشۡهَدِ | مِم مَش هَ دِ | حاضری سے | ش ه د | شہادت، شاہِد، شَہیدِ مِلّت |
| | يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ۝٣٧ | یَا ؤ مِن عَ ظِی م | بہت بڑے دن (قیامت) کی | ی و م ع ظ م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید عَظیم، اعظم، عظمت، وزارتِ عُظمٰی |
| ٣٨ | اَسۡمِعۡ | اَس مِ عۡ | کیا ہی خوب سنتے ہوں گے | س م ع | سامع، قوتِ سماعت، آلۂ سماعت |
| | **مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ ۚ فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ مَّشۡهَدِ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ۝٣٧ اَسۡمِعۡ** | | | | |
| | کرنے لگے، پس کافروں کے لئے ''ویل'' ہے ایک بڑے (سخت) دن کی حاضری سے ۝٣٧ کیا خوب دیکھنے سننے والے | | | | |
| | بِهِمۡ | بِ ہِم | وہ لوگ | | |
| | وَاَبۡصِرۡ ۙ | وَ اَب صِ ر | اور کیا ہی خوب دیکھتے ہوں گے | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، اَبصار، سَمع وبَصر |
| | يَوۡمَ | یَا ؤ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | يَاۡتُوۡنَنَا | یَ x تُو نَ نَا | وہ ہمارے پاس آئیں گے | ء ت ی | |
| | لٰكِنِ | لَا كِ نِ | لیکن | | |
| | الظّٰلِمُوۡنَ | ظ ظَا لِ مُو نَ | وہ ظالم لوگ | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مظلوم، ظالمین |
| | الۡيَوۡمَ | لۡ یَا ؤ مَ | آج کے دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | فِىۡ ضَلٰلٍ | فِی ضَ لَا لِ | گمراہی میں ہیں | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگمراہی |
| | مُّبِيۡنٍ ۝٣٨ | مُ مُ بِی نِ | کھلی | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دلیلِ بَیِّن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾

ہوں گے اس دن جبکہ ہمارے سامنے حاضر ہوں گے، لیکن آج تو یہ ظالم لوگ صریح گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۳۸﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۹ | وَاَنْذِرْهُمْ | وَ اَنْ ذِ رْ هُمْ | اور آپ انہیں ڈرائیں | ن ذ ر | نذیر و بشیر، اِنذار (ڈرانا)، نذر (نام)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | يَوْمَ الْحَسْرَةِ | يَا وْ مَ لْ حَسْ رَةِ | روزِ حسرت سے | ی و م<br>ح س ر | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید<br>حسرت بھری نگاہیں، حسرتین |
| | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | قُضِيَ | قُ ضِ يَ | فیصلہ کیا جائے گا | ق ض ی | قضا و قدر، قضائے الٰہی، قاضی |
| | الْاَمْرُ | لْ اَمْ رُ | ہر معاملے کا | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمر، مامُور |
| | وَهُمْ | وَ هُمْ | اور (اب) وہ | | رحم و کرم، شان و شوکت، عقل و شعور |
| | فِيْ غَفْلَةٍ | فِيْ غَفْ لَ تِنْ وْ | غفلت میں ہیں | غ ف ل | غفلت، غافل آدمی، تغافل |
| | وَّهُمْ | وَ هُمْ | اور وہ | | رحم و کرم، شان و شوکت، عقل و شعور |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾ | لَا يُ x مِ نُوْ نَ | ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾

تو انہیں اس رنج و افسوس کے دن کا ڈر سنا دے جبکہ کام انجام کو پہنچا دیا جائے گا، اور یہ لوگ غفلت اور بے ایمانی میں ہی رہ جائیں گے ﴿۳۹﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۰ | اِنَّا نَحْنُ | اِنْ نَا نَ حْ نُ | بلاشبہ ہم ہی | | |
| | نَرِثُ | نَ رِ ثُ | وارث ہوں گے | و ر ث | وارِث، علمِ وراثت، موروثی |
| | الْاَرْضَ | لْ اَرْ ضَ | زمین کے | ء ر ض | ارض و سماء، اَراضی، کُرۂ ارض |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور ان کے بھی جو | | رحم و کرم، شان و شوکت، عقل و شعور |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ئِيْ هَا | اس پر (رہنے والے) ہیں | | علیٰ وجہ البصیرت، علی الاعلان |
| | وَاِلَيْنَا | وَ اِ لَا ئِيْ نَا | اور ہماری ہی طرف | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز<br>رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع | يُ رْ جَ عُوْ نَ | وہ لوٹائے جائیں گے | ر ج ع | راجع، مرجع، رُجوع کرنا (بار بار پلٹنا) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱ | وَاذْكُرْ | وَ ذْ كُ رْ | اور ذکر کیجئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | فِي الْكِتٰبِ | فِلْ كِ تَا بِ | کتاب میں | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |

اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿٤٠﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ

خود زمین کے اور تمام زمین والوں کے وارث ہم ہی ہوں گے اور سب لوگ ہماری ہی طرف لوٹا کر لائے جائیں گے ﴿٤٠﴾ اس کتاب میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِبْرٰهِيْمَ ۬ | اِ بْ رَا هِیْ مَ | ابراہیم کا | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بے شک وہ | | |
| | كَانَ | كَ ا نَ | تھا | ك و ن | |
| | صِدِّيْقًا | صِ د دِ يْ قَ | نہایت سچا | ص د ق | صادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | نَّبِيًّا ﴿٤١﴾ | ن نَ بِ يْ يَا | نبی | ن ب ء | نَبِی، اَنبِیاء، خَاتَمُ النَّبِیّین |
| ۴۲ | اِذْ قَالَ | اِذْ قَا لَ | جب اس نے کہا | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لِاَبِيْهِ | لِ اَ بِیْ هِ | اپنے باپ سے: | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | يٰٓاَبَتِ | یَا.. اَ بَ تِ | اے میرے باپ! | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | لِمَ تَعْبُدُ | لِ مَ تَ عْ بُ دُ | تو کیوں عبادت کرتا ہے | ع ب د | عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود |
| | مَا | مَا | اس چیز کی جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، ماتحت |

اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٤١﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا

ابراہیم (علیہ السلام) کا قصہ بیان کر، بیشک وہ بڑی سچائی والے پیغمبر تھے ﴿٤١﴾ جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ اباجان! آپ ان کی پوجا پاٹ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا يَسْمَعُ | لَا يَسْ مَ عُ | نہ سنتی ہے | س م ع | سامِع، قُوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |
| | وَلَا يُبْصِرُ | وَلَا يُبْ صِ رُ | اور نہ دیکھتی ہے | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصار، سَمع و بَصر |
| | وَلَا يُغْنِيْ | وَلَا يُ غْ نِيْ | اور نہ وہ کام آسکتی ہے | غ ن ی | غِنا، اَغنِیا، عَبدُالغَنی (نام ہے) |
| | عَنْكَ | عَنْ كَ | تیرے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَيْـًٔا ﴿٤٢﴾ | شَ ئْ ءً آ | کچھ بھی؟ | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضُروریہ شَئے، اَشیائے خُورد ونوش |
| ۴۳ | يٰۤاَبَتِ | یَا.. اَ بَ تِ | اے میرے باپ! | ء ب و | آباؤاَجدَاد، اِسکے آبَاء، آبَائی عَلاقَہ |
| | اِنِّىْ | اِن نِیْ | بے شک میں | | |
| | قَدْ | قَ دْ | یقیناً | | |
| | جَآءَنِىْ | جَا... ءَ نِیْ | میرے پاس آیا ہے | ج ی ء | |
| | مِنَ الْعِلْمِ | مِنَ لْ عِلْ مِ | وہ علم | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |

لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِىْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿٤٢﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّىْ قَدْ جَآءَنِىْ مِنَ الْعِلْمِ

کیوں کر رہے ہیں جو نہ سنیں نہ دیکھیں؟ نہ آپ کو کچھ بھی فائدہ پہنچا سکیں ﴿٤٢﴾ میرے مہربان باپ! آپ دیکھیے میرے پاس وہ علم آیا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | جو | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | لَمْ يَاْتِكَ | لَ مْ یَ x تِ کَ | تیرے پاس نہیں آیا | ء ت ی | |
| | فَاتَّبِعْنِىْٓ | فَت تَ بِ عْ نِیْ.. | لہٰذا تو میری پیروی کر | ت ب ع | تَابِعدَار، تَابِعِ فَرمَاں، اِتّبَاعِ سُنَّت |
| | اَهْدِكَ | اَ ہْ دِ کَ | میں تجھے بتلاؤں گا | ہ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عَالَم، ہَادِیٔ کَائِنَات |
| | صِرَاطًا | صِ رَا طَنْ | راہ | ص ر ط | پُل صِرَاط، صِرَاطِ مُستَقِیم (رسالہ کا نام) |
| | سَوِيًّا ﴿٤٣﴾ | سَ وِیْ یَا | سیدھی | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُسَاوات، مُسَاوِی |
| ۴۴ | يٰۤاَبَتِ | یَا.. اَ بَ تِ | اے میرے باپ! | ء ب و | آباؤاَجدَاد، اِسکے آبَاء، آبَائی عَلاقَہ |
| | لَا تَعْبُدِ | لَا تَ عْ بُ دِ | تو عبادت نہ کر | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عَابِد، مَعبُود |
| | الشَّيْطٰنَ ؕ | ش شَ ئْ طَا نَ | شیطان کی | ش ط ن | شَیطَانِیّت، شَیطَان صِفت آدمی |

مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِىْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿٤٣﴾ يٰۤاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ؕ

جو آپ کے پاس آیا ہی نہیں، تو آپ میری ہی مانیں میں بالکل سیدھی راہ کی طرف آپ کی رہبری کروں گا ﴿٤٣﴾ میرے ابا جان آپ شیطان کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الشَّيْطٰنَ | ش شَا ئِ طَا نَ | شیطان | ش ط ن | شَیطَانیّت، شَیطَان صِفت آدمی |
| | كَانَ | کَ ا نَ | ہمیشہ سے ہے | ك و ن | |
| | لِلرَّحْمٰنِ | لِر رَح مَا نِ | رحمٰن کا | ر ح م | رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | عَصِيًّا ﴿٤٤﴾ | عَ صِی یَا | بہت نافرمان | ع ص ی | عَاصی آدمی، عِصیَان (نافرمانی) |
| ٤٥ | يٰٓاَبَتِ | یَا .. اَ بَ تِ | اے میرے باپ! | ء ب و | آباؤاَجدَاد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِیْ.. | بے شک میں | | |
| | اَخَافُ | اَ خَا فُ | ڈرتا ہوں | خ و ف | خَوف وہِرَاس، بِلاخَوف، خَوفناک |
| | اَنْ | اَ ئیْں | اس بات سے کہ | | |
| | يَّمَسَّكَ | یَ مَس سَ کَ | تجھے چھوئے | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَسَاس کرنا |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُ م | کوئی عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہَنَّم، عَذَابِ آخرت |

اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿٤٤﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ

پرستش سے باز آجائیں شیطان تو رحم وکرم والے اللہ تعالیٰ کا بڑا ہی نافرمان ہے ﴿٤٤﴾ اباجان! مجھے خوف لگا ہوا ہے کہ کہیں آپ پر کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ الرَّحْمٰنِ | مِ نَر رَح مَا نِ | رحمٰن کی طرف سے | ر ح م | رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | فَتَكُوْنَ | فَ تَ کُو نَ | پھر تو ہوجائے | ك و ن | |
| | لِلشَّيْطٰنِ | لِش شَا ئِ طَا نِ | شیطان کا | ش ط ن | شَیطَانیّت، شَیطَان صِفت آدمی |
| | وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ | وَ لِی یَا | دوست | و ل ی | وَلِیُ اللہ، وَلَایت، اَولیَاءِ کِرَام |
| ٤٦ | قَالَ | قَا لَ | اس (آزر) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اَرَاغِبٌ | اَ رَا غِ بُن | کیا منہ پھیرتا ہے | ر غ ب | رَاغِب اَصفہانی، رَغبَت، مَرغُوب |
| | اَنْتَ | اَن تَ | تُو | | |
| | عَنْ اٰلِهَتِيْ | عَن آ لِ ہَ تِیْ | میرے معبودوں سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ

عذاب الٰہی نہ آپڑے کہ آپ شیطان کے ساتھی بن جائیں ﴿٤٥﴾ اس نے جواب دیا کہ اے ابراہیم! کیا تُو ہمارے معبودوں سے روگردانی کر رہا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ج | یَا..اِبْ رَا ہِیْ م | اے ابراہیم؟ | | حضرت ابراہیم علیہ السلام نبی کا نام |
| | لَئِنْ | لَ ءِ | بلاشبہ اگر | | اِن شَاءَ اللّٰہ |
| | لَّمْ تَنْتَهِ | ل لَمْ تَنْ تَ ہِ | تو باز نہ آیا | ن ھ ی | نَہِیْ عَنِ الْمُنْکَر، مَنْہِیَات (رُکنا) |
| | لَاَرْجُمَنَّكَ | لَ اَرْ جُ مَنْ نَ کَ | تو یقیناً میں تجھے ضرور سنگسار کردوں گا | ر ج م | رَجم کرنا، حَدِّرَجم لگانا |
| | وَاهْجُرْنِيْ | وَہْ جُ رْنِیْ | اور تو مجھے چھوڑ جا | ہ ج ر | ہجرتِ مدینہ، مُہاجرِ مکّی، مُہاجرین |
| | مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ | مَ لِیْ یَا | لمبا عرصہ | م ل و | |
| ٤٧ | قَالَ | قَالَ | اس (ابراہیم) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | سَلٰمٌ | سَ لَامُنْ | سلام ہو | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |
| | عَلَيْكَ ج | عَ لَیْ کَ | تجھ پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |

يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ج لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ج

سن! اگر تُو باز نہ آیا تو میں تجھے پتھروں سے مار ڈالوں گا، جا ایک مدت دراز تک مجھ سے الگ رہ ﴿٤٦﴾ کہا اچھا تم پر سلام ہو، میں تو اپنے پروردگار سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَاَسْتَغْفِرُ | سَ اَسْ تَ غْ فِ رُ | میں ضرور بخشش طلب کروں گا | غ ف ر | غَفّار، عَبدُ الغَفور، غافِر، اِستِغفار |
| | لَكَ | لَ کَ | تیرے لئے | | |
| | رَبِّيْ ط | رَب بِیْ | اپنے رب سے | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانَ | کَ انَ | ہمیشہ سے ہے | ك و ن | |
| | بِيْ | بِیْ | مجھ پر | | |
| | حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ | حَ فِیْ یَا | نہایت مہربان | ح ف و | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸ | وَاَعْتَزِلُكُمْ | وَاَعْ تَ زِ لُ كُ مْ | اور میں تم سے کنارہ کرتا ہوں | ع ز ل | عَزَل کرنا، مَعزُول کرنا، فِرقہ مُعتزِلہ |
| | وَمَا | وَ مَا | اور ان سے بھی جنہیں | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | تَدْعُوْنَ | تَ دْ عُوْ نَ | تم پکارتے ہو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْ نِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |

سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

تمہاری بخشش کی دعا کرتا رہونگا، وہ مجھ پر حد درجہ مہربان ہے ﴿٤٧﴾ میں تو تمہیں بھی اور جن کو تم اللہ تعالیٰ کے سوا پکارتے ہو انہیں بھی سب کو چھوڑ رہا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَاَدْعُوْا | وَ اَ دْ عُوْ | اور میں پکارتا ہوں | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | رَبِّيْ ښ | رَ بْ بِيْ | اپنے رب کو | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | عَسٰٓى | عَ سَا.. | امید ہے | | |
| | اَلَّآ اَكُوْنَ | اَ ل لَا.. اَ كُوْ نَ | کہ میں نہیں ہوں گا | ك و ن | |
| | بِدُعَآءِ | بِ دُ عَا..ءِ | پکار کر | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | رَبِّيْ | رَ بْ بِيْ | اپنے رب کو | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | شَقِيًّا ﴿٤٨﴾ | شَ قِيْ يَا | محروم (بے نصیب) | ش ق و | شَقی آدمی، اَشقِیَاء لوگ، شَقِیُّ القلب |
| ۴۹ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | |
| | اعْتَزَلَهُمْ | عْ تَ زَ لَ هُمْ | وہ (ابراہیم) ان سے کنارہ کر گیا | ع ز ل | عَزَل کرنا، مَعزُول کرنا، فِرقہ مُعتزِلہ |
| | وَمَا | وَ مَا | اور ان سے بھی جن کی | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |

اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ښ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا

ہوں، صرف اپنے پروردگار کو پکارتا رہوں گا، مجھے یقین ہے کہ میں اپنے پروردگار سے دعا مانگنے میں محروم نہ رہوں گا ﴿٤٨﴾ جب ابراہیم (علیہ السلام) ان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَعْبُدُوْنَ | يَ عْ بُ دُوْ نَ | وہ عبادت کرتے تھے | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْنِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ ۚ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَهَبْنَا | وَ ہَبْ نَا | تو ہم نے عطا کئے | و ھ ب | ہِبہ کرنا، واہِب، عَبدُالوَہاب وَہّاب (دینے والا/اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| | لَهٗٓ | لَ ہُوْ.. | اسے | | |
| | اِسْحٰقَ | اِس حا قَ | اسحاق | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَيَعْقُوْبَ ۭ | وَ یَ ع قُو ب | اور یعقوب | | حضرت یعقوب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَكُلًّا | وَ کُل لَن | اور ہر ایک کو | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | جَعَلْنَا | جَ عَ لْ نَا | ہم نے بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | نَبِيًّا ﴿۴۹﴾ | نَ بِی یَا | نبی | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خاتَمُ النَّبِیّین |

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾

سب کو اور اللہ تعالیٰ کے سوا ان کی سب معبودوں کو چھوڑ چکے تو ہم نے انہیں اسحاق و یعقوب (علیہما السلام) عطا فرمائے، اور دونوں کو نبی بنا دیا ﴿۴۹﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | وَوَهَبْنَا | وَ وَہَبْ نَا | اور ہم نے نوازا | و ھ ب | ہِبہ کرنا، واہِب، عَبدُالوَہاب وَہّاب (دینے والا/اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| | لَهُمْ | لَ ہُم | انہیں | | |
| | مِّنْ رَّحْمَتِنَا | مِر رَح مَ تِ نَا | اپنی رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَل نَا | اور ہم نے کر دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَهُمْ | لَ ہُم | ان کے لئے | | |
| | لِسَانَ | لِ سَا نَ | زبان | ل س ن | لِسانی گروہ، لِسانیات لِسانی فَسادات |
| | صِدْقٍ | صِ دْ قِ ن | سچائی کی (ان کے ذکر خیر) کو | ص د ق | صادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ | عَ لِی یَا | بہت بلند | ع ل و | عُلُوّ، عُلیا، اَعلیٰ وارفع، عالی مَقام |
| ۵۱ | وَاذْكُرْ | وَ ذْ کُ رْ | اور ذکر کیجئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکور، ذِکرِ الٰہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝٥٠ ع وَاذْكُرْ

اور ان سب کو ہم اپنی بہت سی رحمتیں عطا فرمائیں اور ہم نے ان کے ذکر جمیل کو بلند درجے کا کردیا ۝٥٠ اس قرآن میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْكِتٰبِ | فِل کِ تا بِ | کتاب میں | ك ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | مُوْسٰٓى | مُو سا.. | موسیٰ کا | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُو | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | تھا | ك و ن | |
| | مُخْلَصًا | مُ خ لَ صا ؤں | چنا ہوا | خ ل ص | خالص، اخلاص، مخلص، خلوص |
| | وَّكَانَ | وَ کَ ا نَ | اور وہ تھا | ك و ن | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | رَسُوْلًا | رَ سُو لَ | رسول | ر س ل | رسول، رُسُل، مرسل، رسالتِ محمدیہ |
| | نَّبِيًّا ۝٥١ | ن نَ بِی یا | نبی | ن ب ء | نبی، انبیاء، خاتم النبیین |
| ٥٢ | وَنَادَيْنٰهُ | وَ نا دَ اَئِ نا ہُ | اور ہم نے اسے آواز دی | ن د و | ندا آئی، منادی کرنا، ندائے ملت |

فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝٥١ وَنَادَيْنٰهُ

(حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) کا ذکر بھی کر جو چُنا ہوا اور رسول اور نبی تھا ۝٥١ ہم نے اسے طُور کی دائیں جانب سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ جَانِبِ | مِن جا نِ بِ | جانب سے | ج ن ب | منجانب، من حیث القوم |
| | الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ | ط طُو رِ لْ آ ئِ مَ نِ | طُور (پہاڑ) کی دائیں | ط و ر<br>ی م ن | سورۂ طور، قوم طور، طور پہاڑ، یمین و یسار، یمنیٰ یسریٰ، اُمّ ایمن |
| | وَقَرَّبْنٰهُ | وَ قَر رَ بْ نا ہُ | اور ہم نے اسے قریب کیا | ق ر ب | قُرب، قریب، اقرب، قریبی عزیز و اقارب |
| | نَجِيًّا ۝٥٢ | نَ جی یا | سرگوشی کرتے ہوئے | ن ج و | نجویٰ (سرگوشی کرنا)، مناجی ہونا |
| ٥٣ | وَوَهَبْنَا | وَ وَ ہَبْ نا | اور ہم نے عطا کیا | و ہ ب | ہبہ کرنا، واہب، عبد الوہاب، وہّاب (دینے والا/اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| | لَهٗ | لَ ہُو | اسے | | |
| | مِنْ رَّحْمَتِنَآ | مِر رَح مَ تِ نا.. | اپنی رحمت سے | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم و کرم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَخَاہُ | اَ خَا ہُ | اس کا بھائی | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُؤاخات، اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمین |

مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ

ندا کی اور راز گوئی کرتے ہوئے اسے قریب کر لیا ﴿٥٢﴾ اور اپنی خاص مہربانی سے اس کے بھائی کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰرُوْنَ | ہَا رُوْ نَ | ہارون | | حضرت ہارون علیہ السلام نبی کا نام |
| | نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ | نَ بِی یَا | نبی (بنا کر) | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَاتَمُ النَّبِیّٖن |
| ٥٤ | وَاذْكُرْ | وَ ذْ كُ رْ | اور ذکر کیجیے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | فِي الْكِتٰبِ | فِلْ كِ تَا بِ | کتاب میں | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | اِسْمٰعِيْلَ | اِسْ مَا عِیْ لَ | اسماعیل کا | | حضرت اسماعیل علیہ السلام نبی کا نام |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانَ | كَ ا نَ | تھا | ك و ن | |
| | صَادِقَ | صَا دِ قَ | سچا | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | الْوَعْدِ | لْ وَ عْ دِ | وعدے کا | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَعِید، وَعدہ کرنا |
| | وَكَانَ | وَ كَ ا نَ | اور وہ تھا | ك و ن | عَدل و اِنصَاف، قَول و قَرار، مَکر و فَریب |

هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ

نبی بنا کر اُسے عطا فرمایا﴿٥٣﴾ اس کتاب میں اسماعیل (علیہ السلام) کا واقعہ بھی بیان کر، وہ بڑا ہی وعدے کا سچا تھا اور تھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَسُوْلًا | رَ سُوْ لَ | رسول | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| | نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾ | ن نَ بِی یَا | نبی | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَاتَمُ النَّبِیّٖن |
| ٥٥ | وَكَانَ يَاْمُرُ | وَ كَ ا نَ يَ x مُ رُ | اور وہ حکم دیتا تھا | ك و ن<br>ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اَهْلَهٗ | اَ ہْ لَ ہُوْ | اپنے گھر والوں کو | ء ه ل | اَہلِ مَحلّہ، اَہلِ دُنیا، اَہلِ خَانہ |
| | بِالصَّلٰوةِ | بِص صَ لَا ةِ | نماز کا | ص ل و | صَلٰوۃِ ظُہر، صَلٰوۃِ عِید، صَلٰوۃِ جُمعہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالزَّكٰوةِ ۚ | وَ زْ زَ كَا ةِ | اور زکاۃ کا | ز ك و | زَکٰوۃُ الفِطر، مَالِ زَکٰوۃ، نِصَابِ زَکٰوۃ، بکریوں کی زکٰوۃ |
| | وَكَانَ | وَ كَ ا نَ | اور وہ تھا | ك و ن | سَیر و سِیَاحت، عِلم و حِکمت، شب و روز |
| | عِنْدَ رَبِّهٖ | عِنْ دَ رَ بْ بِ هِیْ | اپنے رب کے نزدیک | ع ن د<br>ر ب ب | عِندَاللہ ماجور ہوں<br>رَبّ، مُرَبِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |

رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۪ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ

بھی رسول اور نبی ﴿٥٤﴾ وہ اپنے گھر والوں کو برابر نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا، اور تھا بھی اپنے پروردگار کی بارگاہ میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾ | مَ رْ ضِیْ يَا | پسندیدہ | ر ض و | رَضَامندی، اللہ کی رَضَا، تَسلیم و رَضَا |
| ٥٦ | وَاذْكُرْ | وَذْ كُ رْ | اور ذکر کیجئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | فِی الْكِتٰبِ | فِلْ كِ تَا بِ | کتاب میں | ك ت ب | کِتَابِ حِکمت، کِتَابُ اللہ، کِتَابت |
| | اِدْرِيْسَ ۫ | اِ دْ رِیْ سَ | ادریس کا | | حضرت ادریس علیہ السلام نبی کا نام |
| | اِنَّهٗ | اِنْ نَ هُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانَ | كَ ا نَ | تھا | ك و ن | |
| | صِدِّيْقًا | صِدْ دِیْ قَ | نہایت سچا | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | نَّبِيًّا ۖ ﴿٥٦﴾ | نْ نَ بِیْ يَا | نبی | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَاتَمُ النَّبِیِّین |
| ٥٧ | وَّرَفَعْنٰهُ | وَ رَ فَ عْ نَا هُ | اور ہم نے اسے اُٹھایا | ر ف ع | رَافِع، مَرفُوع، رِفعت، اَرفَع و اَعلیٰ |

مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۖ ﴿٥٦﴾ وَّرَفَعْنٰهُ

پسندیدہ اور مقبول ﴿٥٥﴾ اور اس کتاب میں (حضرت) ادریس (علیہ السلام) کا بھی ذکر کر، وہ بھی نیک کردار پیغمبر تھا ﴿٥٦﴾ ہم نے اسے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَكَانًا | مَ كَا نَنْ | مکان | ك و ن | |
| | عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ | عَ لِیْ يَا | بلند میں | ع ل و | عُلُوّ، عُلیَا، اَعلیٰ و اَرفَع، عَالی مقام |
| ٥٨ | اُولٰٓئِكَ | اُ لَا...ءِ كَ | یہی | | |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | وہ لوگ ہیں کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْعَمَ | اَ نْ عَ مَ | انعام کیا ہے | ن ع م | نِعمت، نِعمتیں، اِنعام، مُنعِم |
| | اللّٰهُ | ل لاَ هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِم | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | مِّنَ النَّبِيّٖنَ | مِ نَن نَ بِ يِ ي نَ | نبیوں میں سے | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خاتَمُ النّبیّین |
| | مِنْ ذُرِّيَّةِ | مِنْ ذُ رِ رِی یَ ةِ | اولاد | ذ ر ر | ذُرّیّتِ آدم علیہ السلام، ذُرّیّتِ اِبلیس |

مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ

بلند مقام پر اُٹھالیا﴿57﴾ یہی وہ انبیاء (علیہم السلام) ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے فضل و کرم کیا جو اولاد آدم (علیہ السلام) میں سے ہیں اور ان لوگوں کی نسل سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰدَمَ ق | آ دَ مَ | آدم سے | | حضرت آدم علیہ السلام نبی کا نام |
| | وَمِمَّنْ | وَ مِم مَنْ | اور ان لوگوں (کی نسل) سے جنہیں | | عَدل و انصاف، قَول و قَرار، مَکر و فریب، مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | حَمَلْنَا | حَ مَ لْ نَا | ہم نے اُٹھایا (سوار کیا) | ح م ل | حَمل، وَضعِ حَمل، اِسقاطِ حَمل |
| | مَعَ | مَ عَ | ساتھ | | مَع اَہل و عَیال، مَعیّت |
| | نُوْحٍ ز | نُو حِ اُوْں | نوح کے | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ | وَ مِنْ ذُ رِ رِی یَ ةِ | اور اولاد سے | ذ ر ر | ذُرّیّتِ آدم علیہ السلام، ذُرّیّتِ اِبلیس |
| | اِبْرٰهِيْمَ | اِ بْ رَا ہِی مَ | ابراہیم کی | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاِسْرَآءِيْلَ ز | وَ اِسْ رَا...ءِی لَ | اور اسرائیل (یعقوب) کی | | حضرت یعقوب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَمِمَّنْ | وَ مِم مَنْ | اور ان لوگوں میں سے جنہیں | | عَدل و انصاف، قَول و قَرار، مَکر و فریب، مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |

اٰدَمَ ق وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ز وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ز وَمِمَّنْ

ہیں جنہیں ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ کشتی میں چڑھالیا تھا، اور اولاد ابراہیم و یعقوب (علیہما السلام) سے اور ہماری طرف سے راہ یافتہ اور ہمارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَدَيْنَا | ہَ دَا ئِ نَا | ہم نے ہدایت دی | ھ د ی | ہِدایت، ہادیِ عالَم، ہادیِ کائنات |
| | وَاجْتَبَيْنَا ط | وَ جْ تَ بَا ئِ نَا | اور ہم نے چن لیا | ج ب ی | مُحمّد مُجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (پسندیدہ) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِذَا تُتْلٰى | اِذَا تُتْ لَا | جب تلاوت کی جاتی تھیں | ت ل و | تِلاوت، وَحی مَتلو، وَحی غیر مَتلو |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ هِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | اٰيٰتُ | آ یا تُ | آیتیں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | الرَّحْمٰنِ | رَ رَحْ مَا نِ | رحمٰن کی | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | خَرُّوْا | خَرْ رُوْ | تو وہ گر پڑتے تھے | خ ر ر | |
| | سُجَّدًا | سُ جْ جَ دَا ؤں | سجدہ کرتے ہوئے | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجَد |
| | وَّبُكِيًّا ۩ ۵۸ السجدة | وَ بُ کِيْ يَا | اور روتے ہوئے | ب ك ی | مَیّت پر آہ و بُکا کرنا |

هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۩ ۵۸ السجدة

پسندیدہ لوگوں میں سے، انکے سامنے جب اللہ رحمان کی آیتوں کی تلاوت کی جاتی تھی یہ سجدہ کرتے اور روتے گڑگڑاتے گر پڑتے تھے ۵۸

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۹ | فَخَلَفَ | فَ خَ لَ فَ | پھر جانشین ہوئے | خ ل ف | ناخلف، سَلَف وخَلَف، خَلِیفہ، خِلافَت |
| | مِنْۢ بَعْدِهِمْ | مِمْ بَ عْ دِ هِمْ | ان کے بعد | ب ع د | بَعد ازاں، بَعد از طَعام، بَعِید |
| | خَلْفٌ | خَ لْ فُنْ | ناخلف (بُرے) لوگ | خ ل ف | خِلاف، مُخالَفَت، مُخالِف، اِختِلاف |
| | اَضَاعُوا | اَ ضَا عُ | انہوں نے ضائع کیا | ض ی ع | ضَائع کرنا، وقت کا ضِیاع، پانی کا ضِیاع |
| | الصَّلٰوةَ | صْ صَ لَا ةَ | نماز کو | ص ل و | صَلوٰۃِ ظُہر، صَلوٰۃِ عید، صَلوٰۃِ جُمعہ |
| | وَاتَّبَعُوا | وَتْ تَ بَ عُ | اور انہیں نے پیروی کی | ت ب ع | تابِعدار، تابِع فرماں، اِتّباعِ سُنَّت |
| | الشَّهَوٰتِ | شْ شَ هَ وَا تِ | خواہشات کی | ش ه و | شَہوَت رَانی، قُوّتِ اِشتِہاء |
| | فَسَوْفَ | فَ سَا وْ فَ | پس عنقریب | | |

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

پھران کے بعد ایسے ناخلف پیدا ہوئے کہ انہوں نے نماز ضائع کر دی اور نفسانی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے، سو ان کا نقصان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَلْقَوْنَ | يَ لْ قَا ؤ نَ | وہ ملیں گے | ل ق ی | مُلاقاتی حضرات، شَرفِ مُلاقات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَيًّا ﴿٥٩﴾ لا | غَائِ يَا | ہلاکت کو | غ و ی | |
| ٦٠ | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | مَنۡ تَابَ | مَن تَا بَ | جس نے توبہ کی | ت و ب | توبہ تائب، تائبین، توبۃُ النّصوح |
| | وَاٰمَنَ | وَ آ مَ نَ | اور ایمان لایا | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | وَعَمِلَ | وَ عَ مِ لَ | اور عمل کیا | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامل، مَعمول |
| | صَالِحًا | صَا لِ حَنۡ | اچھا | ص ل ح | صُلح، صَالحین، صُلحاء، اَعمالِ صَالح |
| | فَاُولٰٓئِكَ | فَ اُ لَا ... ءِ كَ | تو یہ لوگ | | |
| | يَدۡخُلُوۡنَ | یَ دۡ خُ لُوۡ نَ | داخل ہوں گے | د خ ل | دَاخل، دُخول، وَزارتِ دَاخلہ |
| | الۡجَنَّةَ | لۡ جَن نَ ةَ | جنت میں | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |

يَلۡقَوۡنَ غَيًّا ﴿٥٩﴾ لا اِلَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ

ان کے آگے آئے گا ﴿٥٩﴾ سوائے ان کے جو توبہ کرلیں اور ایمان لائیں اور نیک عمل کریں، ایسے لوگ جنت میں جائیں گے اور ان کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا يُظۡلَمُوۡنَ | وَ لَا یُ ظۡ لَ مُوۡ نَ | اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا | ظ ل م | ظُلم، ظَالم، مظلوم، ظَالمین |
| | شَيۡـًٔا ﴿٦٠﴾ لا | شَائِ آ | کچھ بھی | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَئے، اَشیائے خورد ونوش |
| ٦١ | جَنّٰتِ | جَن نَا تِ | (یعنی) باغات | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | عَدۡنِ | عَ دۡ نِ | ہمیشگی کے | | عَدن (نام) |
| | الَّتِيۡ | اِل لَ تِی | وہ جن کا | | |
| | وَعَدَ | وَ عَ دَ | وعدہ کیا ہے | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَعید، وَعدہ کرنا |
| | الرَّحۡمٰنُ | رَرۡ حۡ مَا نُ | (اللہ) رحمٰن نے | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | عِبَادَهٗ | عِ بَا دَ ہُوۡ | اپنے بندوں سے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرَّحمٰن |
| | بِالۡغَيۡبِ ط | بِلۡ غَائِ بِ | بن دیکھے | غ ی ب | غَیب کا علم، غِیاب، غَیبی اَمداد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ شان یہ ہے کہ | | |

وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ﴿٦٠﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ

ذرا سی بھی حق تلفی نہ کی جائے گی ﴿٦٠﴾ ہمیشگی والی جنتوں میں جن کا غائبانہ وعدہ اللہ مہربان نے اپنے بندوں سے کیا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانَ | کَ انَ | ہمیشہ سے ہے | ك و ن | |
| | وَعْدُهٗ | وَ عْ دُ ہُوْ | اس کا وعدہ | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَعید، وَعدہ کرنا |
| | مَاْتِيًّا ﴿٦١﴾ | مَ x تِیْ یَا | (ہرصورت) آنے والا | ء ت ی | |
| ٦٢ | لَا يَسْمَعُوْنَ | لَا یَسْ مَ عُوْنَ | وہ نہیں سنیں گے | س م ع | سَامع، قُوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس (جنت) میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | لَغْوًا | لَ غْ وَنْ | کوئی لغو بات | ل غ و | لَغو بَات، لَغوِیات، لَغو کلام |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | سَلٰمًا ۭ | سَ لَا مَا | سلام ہی | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |
| | وَلَهُمْ | وَ لَ ہُمْ | اور ان کے لئے | | عَدل واِنصاف، قَول وقَرار، مَکروفَریب |
| | رِزْقُهُمْ | رِ زْ قُ ہُمْ | ان کا رزق ہوگا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، رِزقِ حَلال |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |

كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا

بیشک اس کا وعدہ پورا ہونے والا ہی ہے ﴿٦١﴾ وہ لوگ وہاں کوئی لغو بات نہ سنیں گے صرف سلام ہی سلام سنیں گے ، ان کے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بُكْرَةً | بُ کْ رَ تَا ؤں | صبح | ب ك ر | بَاکرہ عورت، بَاکرہ لڑکی (کنواری) |
| | وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ | وَ عَ شِیْ یَا | اور شام | ع ش و | عِشَائیہ، نَمازِ عِشاء، وَقتِ عِشاء |
| ٦٣ | تِلْكَ | تِ لْ کَ | یہ | | |
| | الْجَنَّةُ | لْ جَن نَ تُ | وہ جنت ہے | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّتِيْ | ل لَ تِيْ | جس کا | | |
| | نُوْرِثُ | نُ وْ رِ ثُ | ہم وارث بنائیں گے | و ر ث | وَارِث، عِلم وَرَاثَت، مَورُوثی |
| | مِنْ عِبَادِنَا | مِنْ عِ بَا دِ نَا | اپنے بندوں میں سے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِبَاد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | مَنْ كَانَ | مَنْ کَ ا نَ | اس کو جو ہوگا | ك و ن | |
| | تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ | تَ قِیْ یَا | پرہیزگار | و ق ی | مُتَّقِی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |

بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾

وہاں صبح اور شام ان کا رزق ہوگا ﴿٦٢﴾ یہ ہے وہ جنت جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے انہیں بناتے ہیں جو متقی ہوں ﴿٦٣﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٤ | وَمَا نَتَنَزَّلُ | وَ مَا نَ تَ نَزْ زَ لُ | اور ہم (فرشتے) نہیں اترتے | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | بِاَمْرِ | بِ اَمْ رِ | حکم سے | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | رَبِّكَ ج | رَب بِ کَ | آپ کے رب کے | ر ب ب | اَربَاب، مُربِّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اُسی کے لئے ہے | | |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | بَيْنَ اَيْدِيْنَا | بَا ئِ نَ اَ ئِ دِیْ نَا | ہمارے آگے ہے | | |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | خَلْفَنَا | خَ لْ فَ نَا | ہمارے پیچھے ہے | خ ل ف | نَاخلَف، سَلَف و خَلَف، خَلِیفہ، خِلَافت |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | بَيْنَ ذٰلِكَ ج | بَا ئِ نَ ذَا لِ کَ | اس کے درمیان ہے | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ج لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ج

ہم بغیر تیرے رب کے حکم کے اتر نہیں سکتے، ہمارے آگے پیچھے اور ان کے درمیان کی کل چیزیں اسی کی ملکیت میں ہیں،

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| رَحم وکرم، شان وشوکت، عَقل وشُعور | ك و ن | اور کبھی نہیں ہے | وَ مَا کَ انَ | وَمَا كَانَ | |
| اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ | ر ب ب | آپ کا رب | رَ ب بُ کَ | رَبُّكَ | |
| نِسیان، نَاسی اِنسان نَسیًا منسیًا (بھولا بسرا) | ن س ی | بھولنے والا | نَ سِی یَا | نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ | |
| اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ | ر ب ب | (وہ) رب ہے | رَ ب بُ | رَبُّ | ٦٥ |
| سَماوی کُتُب، اَرض وسَماء | س م و | آسمانوں کا | س سَ مَا وَا تِ | السَّمٰوٰتِ | |
| اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض | ء ر ض | اور زمین کا | وَلْ اَ رْ ضِ | وَالْاَرْضِ | |
| | | اور اس کا جو بھی | وَ مَا | وَمَا | |
| بَین بَین، ان کے مَابین فیصلہ بَینُ الاَقوامی | ب ی ن | ان دونوں کے درمیان ہے | بَا یْ نَ ہُ مَا | بَيْنَهُمَا | |
| عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود | ع ب د | پس آپ اسی کی عبادت کریں | فَ عْ بُ دْ ہُ | فَاعْبُدْهُ | |

وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ

تیرا پروردگار بھولنے والا نہیں ﴿٦٤﴾ آسمانوں کا، زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب وہی ہے تو اس کی بندگی کر اور اس کی

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| صَبر، صَابر، صَبُور، صَابرین | ص ب ر | اور قائم رہیں | وَصْ طَ بِ رْ | وَاصْطَبِرْ | |
| عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود | ع ب د | اس کی عبادت پر | لِ عِ بَا دَ تِ ہٖ | لِعِبَادَتِهٖ ؕ | |
| | | کیا | ہَ لْ | هَلْ | |
| عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ | ع ل م | آپ جانتے ہیں | تَ عْ لَ مُ | تَعْلَمُ | |
| | | اس کا | لَ ہُوْ | لَهٗ | |
| اِسم بَا مُسمّٰی، مُسَمّاۃ، اِسمِ گرامی | س م و | کوئی ہم نام؟ | سَ مِی یَا | سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ | |
| قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ | ق و ل | اور کہتا ہے | وَ یَ قُوْ لُ | وَيَقُوْلُ | ٦٦ |
| اِنسانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار | ن س ی | انسان: | لْ اِنْ سَا نُ | الْاِنْسَانُ | |
| | | کیا | ءَ | ءَ | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | إِذَا مَا | اِ ذَ ا مَا | جب | | مَا حَول، مَا فَوقَ الفِطرَت، مَا جَرَہ |
| | مِتُّ | مِت تُ | میں مر جاؤں گا | م و ت | موت، اَموات، حَیات و مَمَات |

**وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ ۧ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ**

عبادت پر جم جا، کیا تیرے علم میں اس کا ہم پلہ کوئی اور بھی ہے؟ ﴿٦٥﴾ انسان کہتا ہے کہ جب میں مر جاؤں گا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَسَوْفَ | لَ سَا وْ فَ | تو یقیناً عنقریب | | |
| | أُخْرَجُ | اُ خْ رَ جُ | میں نکالا جاؤں گا (قبر سے) | خ ر ج | خارج، وَزارتِ خارجہ، مَخرَج، خُرُوج |
| | حَيًّا ﴿٦٦﴾ | حَا ئِ يَا | زندہ (کر کے؟) | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| ٦٧ | أَوَلَا يَذْكُرُ | اَ وَ لَا يَ ذْ كُ رُ | کیا اور نہیں یاد کرتا | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | الْإِنْسَانُ | لْ اِنْ سَا نُ | انسان | ن س ی | اِنسانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار |
| | أَنَّا | اَن نَا | کہ بے شک ہم ہی نے | | |
| | خَلَقْنٰهُ | خَ لَقْ نَا هُ | اسے پیدا کیا ہے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | وَلَمْ يَكُ | وَ لَ مْ يَ كُ | اور نہ تھا وہ | ك و ن | عدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب |

**لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ**

تو کیا پھر زندہ کر کے نکالا جاؤں گا؟ ﴿٦٦﴾ کیا یہ انسان اتنا بھی یاد نہیں رکھتا کہ ہم نے اسے اس سے پہلے پیدا کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾ | شَا ئِ اَ | کچھ بھی؟ | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَرُوریہ، شَیئے، اَشیائے خُورد و نوش |
| ٦٨ | فَوَرَبِّكَ | فَ وَ رَبْ بِ كَ | پس قسم ہے آپ کے رب کی! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | لَنَحْشُرَنَّهُمْ | لَ نَ حْ شُ رَنْ نَ هُمْ | یقیناً ہم انہیں ضرور اکٹھا کریں گے | ح ش ر | حشر کا دن، حاشر، یوم محشر، حشر نشر |
| | وَالشَّيٰطِيْنَ | وَشْ شَ يَا طِيْ نَ | شیطانوں کے ہمراہ | ش ط ن | شیطانیت، شیطان صفت آدمی |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَنُحۡضِرَنَّهُمۡ | لَ نُ حۡ ضِ رَن نَ هُمۡ | یقیناً ہم انہیں ضرور حاضر کریں گے | ح ض ر | حاضر و ناظر، حاضرِ خدمت |
| | حَوۡلَ جَهَنَّمَ | حَاوۡلَ جَ هَن نَ مَ | جہنم کے اِردگرد | ح و ل | ماحول، ماحولیاتی آلودگی |

شَيۡـًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحۡشُرَنَّهُمۡ وَالشَّيٰطِيۡنَ ثُمَّ لَنُحۡضِرَنَّهُمۡ حَوۡلَ جَهَنَّمَ

حالانکہ وہ کچھ بھی نہ تھا ﴿٦٧﴾ تیرے پروردگار کی قسم! ہم انہیں اور شیطانوں کو جمع کر کے ضرور ضرور جہنم کے اردگرد گھٹنوں کے بل گرے ہوئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ | جِ ثِی یَا | گھٹنوں کے بل گرے ہوئے | ج ث و | |
| ٦٩ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لَنَنۡزِعَنَّ | لَ نَنۡ زِ عَن نَ | یقیناً ہم ضرور کھینچ لیں گے | ن ز ع | نزاع، وقتِ نزع، حالتِ نزع |
| | مِنۡ كُلِّ | مِنۡ کُل لِ | ہر | ک ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شِيۡعَةٍ | شِیۡ عَ تِن | گروہ میں سے | ش ی ع | شِیعانِ علی، شیعہ (گروہ) |
| | اَيُّهُمۡ | اَی یُ هُمۡ | جو ان میں سے | | |
| | اَشَدُّ | اَ شَدۡ دُ | زیادہ سخت تھا | ش د د | شدید، شدّت، اَشد ضروری |
| | عَلَى الرَّحۡمٰنِ | عَ لَرۡ رَحۡ مَانِ | رحمٰن کے خلاف | ر ح م | رحم و کرم، رَحم، رَحمان، اَرحم |
| | عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ | عِ تِی یَا | سرکشی میں | ع ت و | |

جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنۡزِعَنَّ مِنۡ كُلِّ شِيۡعَةٍ اَيُّهُمۡ اَشَدُّ عَلَى الرَّحۡمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾

حاضر کر دیں گے ﴿٦٨﴾ ہم پھر ہر ہر گروہ سے انہیں الگ نکال کھڑا کریں گے جو اللہ رحمٰن سے بہت اکڑے اکڑے پھرتے تھے ﴿٦٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٠ | ثُمَّ لَنَحۡنُ | ثُم مَ لَ نَ حۡ نُ | پھر یقیناً ہم | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَعۡلَمُ | اَ عۡ لَ مُ | خوب جانتے ہیں | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| | بِالَّذِيۡنَ | بِل لَ ذِی نَ | ان لوگوں کو کہ | | |
| | هُمۡ اَوۡلٰى | هُمۡ اَوۡلَا | وہ زیادہ لائق ہیں | و ل ی | اَعلیٰ و اَولیٰ، آقا و مولیٰ، بدرجہ اَولیٰ |
| | بِهَا | بِ هَا | اس (جہنم) میں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صِلِيًّا ۝٧٠ | صِ لِ يَا | داخل ہونے کے | ص ل ی | |
| ٧١ | وَاِنْ | وَاِ | اور نہیں ہے | | سَیروسیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | مِّنْكُمْ | م مِنْ كُ مْ | تم میں سے (کوئی بھی) | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا ما شَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | وَارِدُهَا ج | وَا رِ دُ هَا | وہ اس پر وارد ہوگا | و ر د | وارِد ہونا، وُرُودِ مَسعُود (تشریف لانا) |

ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ۝٧٠ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ج

پھر ہم انہیں بھی خوب جانتے ہیں جو جہنم کے داخلے کے زیادہ سزاوار ہیں ۝٧٠ تم میں سے ہر ایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانَ | كَ ا نَ | (یہ) ہمیشہ سے ہے | ك و ن | |
| | عَلٰى رَبِّكَ | عَ لَا رَب بِ كَ | آپ کے رب کے ذمے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | حَتْمًا | حَ تْ مَ | حتمی بات | ح ت م | حَتمی طَور پر، غیر حَتمی طَور پر |
| | مَّقْضِيًّا ج ۝٧١ | مَقْ ضِي يَا | فیصلہ کی ہوئی | ق ض ی | قضاوقدر، قضائے اِلٰہی، قاضی |
| ٧٢ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | نُنَجِّي | نُ نَ ج جِ | ہم نجات دے دیں گے | ن ج و | نَجات، فِرقہ ناجِیہ، نَجات دَہندہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ ىْ نَ | ان لوگوں کو جنہوں نے | | |
| | اتَّقَوْا | ت تَ قَ وْ | تقویٰ اختیار کیا | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | وَّنَذَرُ | وَ نَ ذَ رُ | اور ہم چھوڑ دیں گے | و ذ ر | |
| | الظّٰلِمِيْنَ | ظ ظَا لِ مِىْ نَ | ظالموں کو | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مظلوم، ظالمین |

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ج ۝٧١ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ

یہ تیرے پروردگار کے ذمے قطعی، فیصل شدہ امر ہے ۝٧١ پھر ہم پرہیزگاروں کو تو بچالیں گے اور نافرمانوں کو اسی میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ | جِ ثِ يْ يَا | گھٹنوں کے بل گرے ہوئے | ج ث ی | |
| ٧٣ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |
| | تُتْلٰى | تُتْ لَا | تلاوت کی جاتی ہے | ت ل و | تلاوت، وحی متلو، وحی غیر متلو |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ هِمْ | ان پر | | علی الاعلان، علی العموم |
| | اٰيٰتُنَا | آ يَا تُ نَا | ہماری آیتیں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃ الکرسی، آیتِ کریمہ |
| | بَيِّنٰتٍ | بَ ا ئِ يِ نَا تِنْ | واضح | ب ی ن | بیان، مبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| | قَالَ | قَ ا لَ | تو کہتے ہیں | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کفر، کافر، کفارِ مکّہ، کفرانِ نعمت |
| | لِلَّذِيْنَ | لِلْ لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں سے جو | | |

فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ

گھٹنوں کے بل گرا ہوا چھوڑ دیں گے ﴿٧٢﴾ جب ان کے سامنے ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو کافر مسلمانوں سے کہتے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰمَنُوْٓا ۙ | آ مَ نُوْ.. | ایمان لائے: | ء م ن | امن وامان، مومن، ایمان |
| | اَيُّ | اَ يْ يُ | کون سا | | |
| | الْفَرِيْقَيْنِ | لْ فَ رِيْ قَا ئِ نِ | دونوں فریقوں میں سے | ف ر ق | فرق، فریق، فرقہ، متفرّق |
| | خَيْرٌ | خَا ئِ رُ | بہت بہتر ہے | خ ی ر | خیر خواہی، خیر وشر، خیر وبرکت |
| | مَّقَامًا | م مَ قَا مَا ؤں | مقام ومرتبہ میں | ق و م | مقام ومرتبہ، بلند مقام، مقامِ ابراہیم |
| | وَّاَحْسَنُ | وَ اَ حْ سَ نُ | اور زیادہ اچھا ہے | ح س ن | حسن، احسان، محسن، احسن الجزاء |
| | نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ | نَ دِ يْ يَا | مجلس کے اعتبار سے؟ | ن د و | دار الندوہ، ندوۃ العلماء، نادیہ (نام) |
| ٧٤ | وَكَمْ | وَ كَ مْ | اور بہت سی | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَهْلَكْنَا | اَہْ لَ کْ نَا | ہم نے ہلاک کیں | ه ل ك | ہَلاک ہونا، مُہلِک، ہلاکت |
| | قَبْلَهُمْ | قَبْ لَ ہُمْ | ان سے پہلے | ق ب ل | قبل اَز نماز، قبل اَز طعام والکلام |

اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّ اَحْسَنُ نَدِيًّا ۝٧٣ وَ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

بتاؤ ہم تم دونوں جماعتوں میں سے کس کا مرتبہ زیادہ ہے؟ اور کس کی مجلس شاندار ہے؟ ۝٧٣ ہم تو ان سے پہلے بہت سی جماعتوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ قَرْنٍ | مِنْ قَ رْ نِنْ | قومیں کہ | ق ر ن | قُرونِ اُولیٰ، قَرنُ المَنازِل |
| | هُمْ | ہُمْ | وہ | | |
| | اَحْسَنُ | اَحْ سَ نُ | (ان سے) زیادہ اچھی تھیں | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، اَحسَنُ الجزاء |
| | اَثَاثًا | اَ ثَا ثَا ؤں | ساز وسامان میں | ء ث ث | اَثاثہ جات، وَراثتی اَثاثہ |
| | وَّرِءْيًا ۝٧٤ | وَرِ x یَا | اور ظاہری ٹیپ ٹاپ میں | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غیر مرئی |
| ٧٥ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | مَنْ كَانَ | مَنْ کَا نَ | جو شخص ہے | ك و ن | |
| | فِي الضَّلٰلَةِ | فِضْ ضَ لَا لَ ةِ | گمراہی میں | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگمراہی |
| | فَلْيَمْدُدْ | فَ لْ یَمْ دُ دْ | تو ڈھیل دیتا ہے | م د د | مُدّتِ مَدید، کُل مُدّت، مَدِّ متّصل |
| | لَهُ | لَ ہُ | اسے | | |

مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّ رِءْيًا ۝٧٤ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ

غارت کر چکے ہیں جو ساز و سامان اور نام و نمود میں ان سے بڑھ چڑھ کر تھیں ۝٧٤ کہہ دیجئے! جو گمراہی میں ہوتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الرَّحْمٰنُ | رَرْ حْ مَا نُ | رحمٰن | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | مَدًّا ۚ | مَدْ دَا | لمبی ڈھیل دینا | م د د | مُدّتِ مَدید، کُل مُدّت، مَدِّ متّصل |
| | حَتّٰٓى | حَتْ تَا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الامکان، حَتّیٰ کہ |
| | اِذَا رَاَوْا | اِ ذَا رَ اَ وْ | جب وہ دیکھ لیں گے | ر ء ی | رِیاکاری، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | اس چیز کو جس کا | | مَاشَاءَاللّٰہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يُوْعَدُوْنَ | یُوْعَ دُوْنَ | ان سے وعدہ کیا جاتا ہے | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَوَعید، وَعدہ کرنا |
| | اِمَّا | اِم مَ | یا | | |
| | الْعَذَابَ | لْ عَ ذَا بَ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | وَاِمَّا | وَاِم مَ | اور یا | | سَیر وسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز |
| | السَّاعَةَ ط | سْ سَا عَ ةَ | قیامت | س و ع | سَاعات، یَومُ السَّاعۃ (قیامت کا دن) |

الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ط

اللہ رحمٰن اس کو خوب لمبی مہلت دیتا ہے، یہاں تک کہ وہ ان چیزوں کو دیکھ لیں جن کا وعدہ کیے جاتے ہیں یعنی عذاب یا قیامت کو اس وقت ان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَسَيَعْلَمُوْنَ | فَ سَ یَ عْ لَ مُوْ نَ | تو وہ ضرور جان لیں گے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | مَنْ | مَنْ | کون ہے جو | | |
| | هُوَ شَرٌّ | ہُوَ شَرْ رُ | وہ بدتر ہے | ش ر ر | شَرّ، شَرِیر، شَرِیر آدمی، خَیر وشَرّ |
| | مَّكَانًا | م مَ کَا نَا ؤں | مرتبے کے اعتبار سے | ك و ن | کَون ومَکان، مَکین، مَکانات |
| | وَّاَضْعَفُ | وَّ اَضْ عَ فُ | اور کمزور تر ہے | ض ع ف | ضَعِیف، ضُعفاء، ضَعِیف آدمی |
| | جُنْدًا ۝٧٥ | جُنْ دَا | لشکر کے اعتبار سے؟ | ج ن د | جُنُودِ شَام، جُنُودِ جَالُوت، جُنُودِ کُفّار |
| ٧٦ | وَيَزِيْدُ | وَ یَ زِیْ دُ | اور زیادہ کرتا ہے | ز ی د | زِیادہ، زَائِد، مَزِید، زِیَادات |
| | اللّٰهُ | لْ لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کو جنہوں نے | | |

فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضْعَفُ جُنْدًا ۝٧٥ وَ يَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

کو صحیح طور پر معلوم ہو جائے گا کہ کون بُرے مرتبے والا اور کس کا جتھا کمزور ہے ۝٧٥ اور ہدایت یافتہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ ہدایت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اهْتَدَوْا | ہْ تَ دَوْ | ہدایت پائی | ھ د ی | ہِدایت، ہَادیٔ عالَم، ہَادیٔ کائنات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُدًى ؕ | ہُ دَا | ہدایت میں | ھ د ی | ہِدایت، ہَادِیٔ عالَم، ہَادِیٔ کائنات |
| | وَالْبٰقِيٰتُ | وَلْ بَاقِ یَاتُ | اور باقی رہنے والی | ب ق ی | بَاقِی، بَقِیہ مَواد، بَقا، بَقایا |
| | الصّٰلِحٰتُ | ص صَالِ حَاتُ | نیکیاں | ص ل ح | صَالِحِین، صُلَحاء، اَعمالِ صالِح |
| | خَيْرٌ | خَائِ رُنْ | بہت بہتر ہیں | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر وشَر، خَیر وبَرکت |
| | عِنْدَ رَبِّكَ | عِنْ دَ رَب بِکَ | آپ کے رب کے نزدیک | ع ن د<br>ر ب ب | عِندَ اللہ مَاجُور ہوں<br>رَبّ، مُرَبّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | ثَوَابًا | ثَ وَا بَاؤں | ثواب میں | ث و ب | ثَواب دَارَین، اَجر وثَواب |
| | وَّخَيْرٌ | وَ خَائِ رُ | اور بہت بہتر ہیں | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر وشَر، خَیر وبَرکت |
| | مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ | م مَ رَد دَا | انجام کے اعتبار سے | ر د د | رَدّ کرنا، فِتنہ اِرتِداد، مُرتَد، مَردُود |

اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾

میں بڑھاتا ہے، اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے رب کے نزدیک ثواب کے لحاظ سے اور انجام کے لحاظ سے بہت ہی بہتر ہیں ﴿٧٦﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٧ | اَفَرَءَيْتَ | اَفَ رَ آئِ تَ | کیا پھر آپ نے دیکھا | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غَیر مَرئی |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِیْ | اس شخص کو جس نے | | |
| | كَفَرَ | کَ فَ رَ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نِعمت |
| | بِاٰيٰتِنَا | بِ آیَاتِ نَا | ہماری آیتوں کے ساتھ | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی<br>آیتِ کَرِیمہ |
| | وَقَالَ | وَ قَ الَ | اور اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | لَاُوْتَيَنَّ | لَ اُوْ تَ یَنْ نَ | یقیناً مجھے ضرور دیا جائے گا | ء ت ی | |
| | مَالًا | مَا لَاؤں | مال | م و ل | مَال، اَموال، مَالِ غَنِیمت |
| | وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ | وَ وَلَ دَا | اور اولاد؟ | و ل د | وَالِد، وَلَد، مَولُود، اَولاد، وَلَادَت |
| ٧٨ | اَطَّلَعَ | اَطْ طَ لَ عَ | کیا اس نے اطلاع پائی ہے | ط ل ع | اِطّلاع، وَزیرِ اِطّلَاعات، مُطّلِع کرنا |
| | الْغَيْبَ | لْ غَائِ بَ | غیب کی | غ ی ب | غَیب کا عِلم، غِیاب، غَیبی اَمداد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

## اَفَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوۡتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۷۷﴾ اَطَّلَعَ الۡغَيۡبَ

کیا تو نے اسے بھی دیکھا جس نے ہماری آیتوں سے کفر کیا اور کہا کہ مجھے تو مال و اولاد ضرور ہی دی جائے گی ﴿۷۷﴾ کیا وہ غیب پر مطلع ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمِ اتَّخَذَ | اَمِت تَ خَ ذَ | یا اس نے لیا ہے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ | عِنۡ دَر رَح مَانِ | رحمٰن کے ہاں سے | ع ن د<br>ر ح م | عِندَاللہ مَاجُور ہوں<br>رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | عَهۡدًا ﴿۷۸﴾ | عَ ہۡ دَا | کوئی عہد؟ | ع ھ د | عَہد، مُعاہد، مُعاہدہ، عہدِ خلافت |
| ۷۹ | كَلَّا ؕ | کَل لَا | ہر گز نہیں! | | |
| | سَنَكۡتُبُ | سَ نَ کۡ تُ بُ | ہم ضرور لکھیں گے | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يَقُوۡلُ | یَ قُوۡ لُ | وہ کہتا ہے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | وَنَمُدُّ | وَ نَ مُدۡ دُ | اور ہم بڑھا دیں گے | م د د | مَدّ لمبا کرنا (بڑھانا)، مَدّ مُتَّصل |
| | لَهٗ | لَ ہُوۡ | اس کے لئے | | |

## اَمِ اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ﴿۷۸﴾ كَلَّا ؕ سَنَكۡتُبُ مَا يَقُوۡلُ وَنَمُدُّ لَهٗ

یا اللہ کا کوئی وعدہ لے چکا ہے؟ ﴿۷۸﴾ ہرگز نہیں یہ جو بھی کہہ رہا ہے ہم اسے ضرور لکھ لیں گے، اور اس کے لئے عذاب بڑھائے چلے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الۡعَذَابِ | مِنَ لۡ عَ ذَا بِ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جَہنّم<br>عَذابِ آخرت |
| | مَدًّا ﴿۷۹﴾ | مَد دَا | بہت بڑھانا | م د د | مَدّ لمبا کرنا (بڑھانا)، مَدّ مُتَّصل |
| ۸۰ | وَّنَرِثُهٗ | وَ نَ رِ ثُ ہُوۡ | اور ہم اسکے وارث ہوں گے | و ر ث | وَارِث، عِلمِ وَرَاثَت، مَورُوثی |
| | مَا | مَا | ان چیزوں میں جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يَقُوۡلُ | یَ قُوۡ لُ | وہ کہتا ہے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | وَيَاۡتِيۡنَا | وَ یَ x تِیۡ نَا | اور وہ (روزِ قیامت)<br>ہمارے پاس آئے گا | ء ت ی | رَحم وکَرم، شَان وشَوکَت، عَقل وشُعُور |
| | فَرۡدًا ﴿۸۰﴾ | فَ رۡ دَا | اکیلا ہی | ف ر د | فَردِ وَاحِد، مُفرِد اَعضَاء، اَفراد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸۱ | وَاتَّخَذُوْا | وَتْ تَ خَ ذُوْ | اورانہوں نے بنالئے | ء خ ذ | اَخذُالکتاب، مَاخذ، مَاخوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْنِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |

مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿۷۹﴾ وَّ نَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَ يَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿۸۰﴾ وَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

جائیں گے ﴿۷۹﴾ یہ جن چیزوں کو کہہ رہا ہے اسے ہم اسکے بعد لے لیں گے، اور یہ تو بالکل اکیلا ہی ہمارے سامنے حاضر ہوگا ﴿۸۰﴾ انہوں نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | اٰلِهَةً | آ لِ ہَ تً | اور معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | لِّيَكُوْنُوْا | ل لِ يَ كُوْ نُوْ | تاکہ وہ ہوں | ك و ن | |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |
| | عِزًّا ﴿۸۱﴾ | عِزْ زًا | مددگار | ع ز ز | عَزیزِ مصر، مُعزَّز، مُعزَّزات |
| ۸۲ | كَلَّا ط | كَلْ لَا | ہرگز نہیں! | | |
| | سَيَكْفُرُوْنَ | سَ يَ كْ فُ رُوْ نَ | عنقریب وہ (خودہی) انکار کردیں گے | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | بِعِبَادَتِهِمْ | بِ عِ بَا دَ تِ هِمْ | ان کی عبادت کا | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| | وَيَكُوْنُوْنَ | وَ يَ كُوْ نُوْ نَ | اور وہ ہوجائیں گے | ك و ن | عَدل واِنصاف، قول وقرار، مکروفریب |

اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ؕ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَ يَكُوْنُوْنَ

اللہ تعالیٰ کے سوا دوسرے معبود بنا رکھے ہیں کہ وہ ان کیلئے باعث عزت ہوں ﴿۸۱﴾ لیکن ایسا ہرگز ہونا نہیں، وہ تو ان کی پوجا سے منکر ہو جائیں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ هِمْ | ان کے | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | ضِدًّا ﴿۸۲﴾ | ضِدْ دًا | مخالف | ض د د | ضِد، اَضداد، ضِدّی بچّہ، مُتضاد |
| ۸۳ | اَلَمْ تَرَ | اَلَمْ تَ رَ | کیا آپ نے نہیں دیکھا | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | اَنَّآ | اَنْ نَا.. | کہ بے شک ہم نے | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَرْ سَلْ نَا | چھوڑ رکھا ہے | ر س ل | رسول، رُسُل، مُرسَل، رسالتِ محمدیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الشَّيٰطِيْنَ | ش شَ يَا طِيْ نَ | شیطانوں کو | ش ط ن | شیطانیّت، شیطان صفت آدمی |
| | عَلَى الْكٰفِرِيْنَ | عَ لَلْ كَا فِ رِيْ نَ | کافروں پر | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | تَؤُزُّهُمْ | تَ ءُ زْ زُ هُمْ | اس حال میں کہ وہ انہیں (گناہوں پر) ابھارتے ہیں | ء ز ز | |
| | اَزًّا ﴿٨٣﴾ | اَ زْ زَا | خوب اُبھارنا؟ | ء ز ز | |

عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾

اور اُلٹے انکے دشمن بن جائیں گے ﴿٨٢﴾ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ ہم کافروں کے پاس شیطانوں کو بھیجتے ہیں جو انہیں خوب اکساتے ہیں ﴿٨٣﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٤ | فَلَا تَعْجَلْ | فَ لَا تَ عْ جَلْ | پس آپ جلدی نہ کریں | ع ج ل | عُجلت پسندی، عاجل، مہرِ مُعجّل |
| | عَلَيْهِمْ ط | عَ لَا ئِ هِمْ | ان پر | | عَلَى الاِعلان، عَلَى العُموم |
| | اِنَّمَا | اِن نَ مَا | بس | | |
| | نَعُدُّ | نَ عُدْ دُ | ہم گن رہے ہیں | ع د د | عدد، اَعداد، مَعدُود، اَعداد و شُمار |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |
| | عَدًّا ﴿٨٤﴾ | عَدْ دَا | اچھی طرح گننا | ع د د | عدد، اَعداد، مَعدُود، اَعداد و شُمار |
| ٨٥ | يَوْمَ | يَ وْ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | نَحْشُرُ | نَ حْ شُ رُ | ہم اکٹھا کریں گے | ح ش ر | حشر کا دِن، حاشر، یومِ محشر، حشر نشر |
| | الْمُتَّقِيْنَ | لْ مُتْ تَ قِيْ نَ | متقیوں کو | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | اِلَى الرَّحْمٰنِ | اِ لَرْ رَحْ مَا نِ | رحمٰن کی طرف | ر ح م | رحم و کرم، رَحم، رَحمان، اَرحم |

فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ط اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ

تو انکے بارے میں جلدی نہ کر، ہم تو خود ہی ان کیلئے مدت شماری کر رہے ہیں ﴿٨٤﴾ جس دن ہم پرہیزگاروں کو اللہ رحمان کی طرف بطور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَفْدًا ﴿٨٥﴾ | وَفْ دَا | مہمان (بنا کر) | و ف د | وَفد، وَفُود، وَفدِ تجّار، وَفدِ عُلَماء |
| ٨٦ | وَّنَسُوْقُ | وَ نَ سُوْ قُ | اور ہم ہانکیں گے | س و ق | سَائق (ڈرائیور)، سُوق (بازار) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُجْرِمِيْنَ | لْ مُ جْ رِ مِىْ نَ | مجرموں کو | ج ر م | جُرم، مُجرم، فردِ جرم، جرائم پیشہ |
| | اِلٰى جَهَنَّمَ | اِلَا جَ هَن نَ مَ | جہنم کی طرف | | اَلدَّاعِی اِلَی الْخَیر، مَکْتُوب اِلَیہ، مُرْسَل اِلَیہ |
| | وِرْدًا ۝٨٦ | وِرْ دَا | پیاسے | و ر د | |
| ٨٧ | لَا يَمْلِكُوْنَ | لَا یَ مْ لِ كُوْ نَ | وہ اختیار نہیں رکھیں گے | م ل ك | مِلک، مَلکیّت، اِملاک، مُلک |
| | الشَّفَاعَةَ | ش شَ فَا عَ ةَ | سفارش کرنے کا | ش ف ع | شَفاعت، شَفیع، شافعِ روزِ محشر |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |

وَفْدًا ۝٨٥ وَّ نَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ۝٨٦ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا

مہمان کے جمع کرینگے ۝٨٥ اور گناہگاروں کو سخت پیاس کی حالت میں جہنم کی طرف ہانک لے جائیں گے ۝٨٦ کسی کو شفاعت کا اختیار نہ ہوگا سوائے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنِ اتَّخَذَ | مَ نِت تَ خَ ذَ | جس نے لیا | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | عِنْدَ الرَّحْمٰنِ | عِنْ دَ رر حْ مَا نِ | (اللہ) رحمٰن سے | ع ن د<br>ر ح م | عِندَالنّاس، عِندَالطّلب، عِندَاللہ ماجور ہوں<br>رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | عَهْدًا ۝٨٧ | عَ هْ دَا | کوئی عہد | ع ھ د | عَہد، مُعاہِد، مُعاہدہ، عہدِ خلافت |
| ٨٨ | وَقَالُوا | وَ قَا لُ | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اتَّخَذَ | ت تَ خَ ذَ | بنا رکھی ہے | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ |
| | الرَّحْمٰنُ | رر حْ مَا نُ | رحمٰن نے | ر ح م | رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | وَلَدًا ۝٨٨ | وَ لَ دَا | اولاد | و ل د | والِد، وَلَد، مَولُود، اَولاد، وِلادت |
| ٨٩ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | جِئْتُمْ | جِ x تُمْ | تم نے کی ہے | ج ی ء | |

مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝٨٧ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝٨٨ لَقَدْ جِئْتُمْ

ان کے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی قول قرار لے لیا ہے ۝٨٧ ان کا قول تو یہ ہے کہ اللہ رحمٰن نے بھی اولاد اختیار کی ہے ۝٨٨ یقیناً تم بہت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَيْـًٔا | شَا ئِ ءَ نْ | بات | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَئے، اَشیائے خورد و نوش |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِدًّا ﴿٨٩﴾ | اِ د دَا | ایک بڑی بھاری | ا د د | |
| ٩٠ | تَكَادُ | تَ كَا دُ | قریب ہیں کہ | ك و د | |
| | السَّمٰوٰتُ | س سَ مَا وَا تُ | سب آسمان | س م و | سَماوی کُتُب ، اَرض وسَماء |
| | يَتَفَطَّرْنَ | يَ تَ فَ طْ طَ رْ نَ | پھٹ پڑیں | ف ط ر | فاطِر (پیدا کرنے والا) سُورۃ فاطِر |
| | مِنْهُ | مِنْ هُ | اس (بات) سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَتَنْشَقُّ | وَ تَنْ شَقْ قُ | اور پھٹ جائے | ش ق ق | شَقِّ قمر، اِنشِقاق، واقعہ شَقِّ صَدر |
| | الْاَرْضُ | لْ اَ رْ ضُ | زمین | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَتَخِرُّ | وَ تَ خِرْ رُ | اور گر پڑیں | خ ر ر | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | الْجِبَالُ | لْ جِ بَا لُ | پہاڑ | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رَحمت |

شَيْـًٔا اِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ

بُری اور بھاری چیز لائے ہو ﴿٨٩﴾ قریب ہے کہ اس قول کی وجہ سے آسمان پھٹ جائیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَدًّا ﴿٩٠﴾ | هَدْ دَا | ریزہ ریزہ ہو کر | ه د د | |
| ٩١ | اَنْ | اَنْ | اس بات سے کہ | | |
| | دَعَوْا | دَ عَوْ | انہوں نے دعویٰ کیا | د ع و | دَعوت دینا، مَدعُو کرنا، دَعویٰ کرنا، مُدّعی، مُدّعِیہ |
| | لِلرَّحْمٰنِ | لِرْ رَحْ مَا نِ | رحمٰن کے لئے | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | وَلَدًا ﴿٩١﴾ | وَلَ دَا | اولاد کا | و ل د | والِد، وَلَد، مَولُود، اَولاد، وَلادَت |
| ٩٢ | وَمَا يَنْۢبَغِيْ | وَ مَا يَمْ بَ غِيْ | اور نہیں لائق | ب غ ی | |
| | لِلرَّحْمٰنِ | لِرْ رَحْ مَا نِ | رحمٰن کے | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | اَنْ يَّتَّخِذَ | آئِیْ یَتْ تَ خِ ذَ | یہ کہ وہ بنا رکھے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | وَلَدًا ﴿٩٢﴾ | وَلَ دَا | اولاد | و ل د | والِد، وَلَد، مَولُود، اَولاد، وَلادَت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

هَدًّا ۙ﴿۹۰﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۚ﴿۹۱﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۗ﴿۹۲﴾

ریزے ریزے ہوجائیں ﴿۹۰﴾ کہ وہ رحمان کی اولاد ثابت کرنے بیٹھے ﴿۹۱﴾ شان رحمٰن کے لائق نہیں کہ وہ اولاد رکھے ﴿۹۲﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۳ | اِنْ | اِنْ | نہیں ہے | | |
| | كُلُّ مَنْ | کُل لُ مَنْ | کوئی بھی (مخلوق) | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | فِي السَّمٰوٰتِ | فِس سَ مَا وَا تِ | آسمانوں میں | س م و | سماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَرْضِ | اور زمین (میں) | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | اٰتِي | آ تِ | وہ آنے والی ہے | ء ت ی | |
| | الرَّحْمٰنِ | رَرحْ مَانِ | رحمٰن کے پاس | ر ح م | رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | عَبْدًا ۗ﴿۹۳﴾ | عَبْ دَا | غلام بن کر | ع ب د | عَبد (غلام)، عَبید، عُبَیدُ اللہ |
| ۹۴ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | اَحْصٰىهُمْ | اَحْ صَا ہُمْ | اس نے ان کو شمار کر رکھا ہے | ح ص ی | مُحْصِی (شمار کرنے والا) |

اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۗ﴿۹۳﴾ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ

آسمان وزمین میں جو بھی ہیں سب کے سب اللہ تعالیٰ کے غلام بن کر ہی آنے والے ہیں ﴿۹۳﴾ ان سب کو اس نے گھیر رکھا ہے اور سب کو پوری طرح

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَدَّهُمْ | وَعَدْ دَ ہُمْ | اور انہیں گن رکھا ہے | ع د د | عدد، اَعداد، مَعدُود، اَعداد وشُمار |
| | عَدًّا ۗ﴿۹۴﴾ | عَدْ دَا | اچھی طرح گننا | ع د د | عدد، اَعداد، مَعدُود، اَعداد وشُمار |
| ۹۵ | وَكُلُّهُمْ | وَکُل لُ ہُمْ | اور وہ سبھی | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | اٰتِيْهِ | آ تِیْ ہِ | اس (اللہ) کے پاس آنے والے ہیں | ء ت ی | |
| | يَوْمَ | یَا وْ مَ | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الْقِيٰمَةِ | لْ قِ یَا مَ ةِ | قیامت کے | ق و م | قِیامت، روزِ قِیامت، سُورۃُ القِیامہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَرْدًا ﴿٩٥﴾ | فَ رْ دَ ا | اکیلے اکیلے | ف ر د | فرد واحد، مُفرد اعضاء، اَفراد |
| ٩٦ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

گن بھی رکھا ہے ﴿٩٤﴾ یہ سارے کے سارے قیامت کے دن اکیلے اس کے پاس حاضر ہونے والے ہیں ﴿٩٥﴾ بیشک جو ایمان لائے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَمِلُوا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| | سَيَجْعَلُ | سَ یَ جْ عَ لُ | عنقریب پیدا کر دے گا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَهُمُ | لَ ہُمُ | ان کے لئے | | |
| | الرَّحْمٰنُ | رر حْ مَا نُ | رحمٰن | ر ح م | رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | وُدًّا ﴿٩٦﴾ | وُ د دَ ا | محبت | و د د | وَدُود (اللہ کا نام)، مَوَدَّت (محبّت) |
| ٩٧ | فَاِنَّمَا | فَ اِن نَ مَا | پس یقیناً | | |
| | يَسَّرْنٰهُ | یَس سَ رْ نَا ہُ | ہم نے اس (قرآن) کو آسان کر دیا | ی س ر | یُسر، مَیسر، اَیسرُ القرآن، تَیسیرُ القرآن |
| | بِلِسَانِكَ | بِ لِ سَا نِ کَ | آپ کی زبان (عربی) میں | ل س ن | لِسانی گروہ، لِسانیات، لِسانی فَسادات |

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ

اور جنہوں نے شائستہ اعمال کئے ہیں ان کے لئے اللہ رحمٰن محبت پیدا کر دے گا ﴿٩٦﴾ ہم نے اس قرآن کو تیری زبان میں بہت ہی آسان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِتُبَشِّرَ | لِ تُ بَش شِ رَ | تا کہ آپ خوشخبری دیں | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشیر، بُشریٰ |
| | بِهِ | بِ ہٖ | اس کے ساتھ | | |
| | الْمُتَّقِيْنَ | لْ مُت تَ قِیْ نَ | پرہیزگاروں کو | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ وپرہیزگاری |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَتُنۡذِرَ | وَ تُنۡ ذِ رَ | اور (تا کہ) آپ ڈرائیں | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنۡذِر (ڈرانے والا) |
| | بِهٖ | بِ ہِیۡ | اس کے ساتھ | | |
| | قَوۡمًا | قَ وۡ مَ | قوم کو | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | لُّدًّا ﴿۹۷﴾ | ل لُد دَا | سخت جھگڑالو | ل د د | |
| ۹۸ | وَكَمۡ | وَ کَ مۡ | اور کتنی ہی | | رَحم و کَرَم، شَان و شَوکَت، عَقل و شُعُور |
| | اَهۡلَكۡنَا | اَہۡ لَ کۡ نَا | ہم نے ہلاک کر دیں | ه ل ك | ہَلاک ہونا، مُہلِک، ہَلاکَت |
| | قَبۡلَهُمۡ | قَبۡ لَ ہُمۡ | ان سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعام و الکَلام |
| | مِّنۡ قَرۡنٍ ؕ | مِنۡ قَ رۡنۡ | قومیں؟ | ق ر ن | قُرُونِ اُولیٰ، قَرنُ المَنَازِل |

لِتُبَشِّرَ بِهِ الۡمُتَّقِيۡنَ وَتُنۡذِرَ بِهٖ قَوۡمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾ وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ؕ

کر دیا ہے کہ تُو اسکے ذریعہ سے پرہیزگاروں کو خوشخبری دے اور جھگڑالو لوگوں کو ڈرا دے ﴿۹۷﴾ ہم نے ان سے پہلے بہت سی جماعتیں تباہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَلۡ | ہَ لۡ | کیا | | |
| | تُحِسُّ | تُ حِس سُ | آپ محسوس کرتے ہیں | ح س س | اِحسَاس پروگرام، مَحسُوس کرنا |
| | مِنۡهُمۡ | مِنۡ ہُمۡ | ان میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | مِّنۡ اَحَدٍ | مِنۡ اَ حَ دِنۡ | کسی ایک کو (آنکھ یا ہاتھ سے) | ء ح د | وَاحِد، وَحدَانِیت، اَحَد |
| | اَوۡ | اَ وۡ | یا | | |
| | تَسۡمَعُ | تَسۡ مَ عُ | آپ سنتے ہیں | س م ع | سَامِع، قُوّتِ سَماعَت، آلۂ سَماعَت |
| | لَهُمۡ | لَ ہُمۡ | ان کی | | |
| | رِكۡزًا ﴿۹۸﴾ | رِکۡ زَا | کوئی بھنک بھی؟ | ر ك ز | |

هَلۡ تُحِسُّ مِنۡهُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزًا ﴿۹۸﴾

کر دی ہیں، کیا ان میں سے ایک کی بھی آہٹ تو پاتا ہے یا ان کی آواز کی بھنک بھی تیرے کان میں پڑتی ہے؟ ﴿۹۸﴾

اٰيَاتُهَا ١٣٥ (٢٠) سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ (٤٥) رُكُوْعَاتُهَا ٨

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | طٰهٰ ج ① | طَا ہَا | طٰہٰ | | حُرُوف مُقَطَّعات (علیحدہ علیحدہ حرف پڑھنا) |
| ٢ | مَآ اَنْزَلْنَا | مَا.. اَنْ زَلْ نَا | ہم نے نازل نہیں کیا | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِ کَ | آپ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | الْقُرْاٰنَ | لْ قُرْ آ نَ | یہ قرآن | ق ر ء | قُرآنِ عَظِیم، قِرأت، قَارِی |
| | لِتَشْقٰٓى لا ② | لِ تَشْ قَا.. | تاکہ آپ مشقت میں پڑیں | ش ق و | شَاق گزرنا، مُشَقَّت، مُشَقَّتی آدمی |
| ٣ | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | تَذْكِرَةً | تَ ذْ کِ رَ تَ | نصیحت کے لئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | لِّمَنْ | لْ لِ مَا ئِیْں | اس شخص کے واسطے جو | | |
| | يَّخْشٰى لا ③ | یَ خْ شَا | ڈرتا ہے | خ ش ی | خَشیَتِ الٰہی، خَشیَّت طاری ہونا |
| ٤ | تَنْزِيْلًا | تَ نْ زِ یْ لَ | نازل کیا گیا ہے | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |

طٰهٰ ۚ ① مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۙ ② اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۙ ③ تَنْزِيْلًا

طٰہٰ ① ہم نے یہ قرآن تجھ پر اس لئے نہیں اتارا کہ تو مشقت میں پڑ جائے ② بلکہ اس کی نصیحت کیلئے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے ③ اس کا اتارنا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّمَّنْ | م مِم مَنْ | اس ذات کی طرف سے جس نے | | |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | الْاَرْضَ | لْ اَرْ ضَ | زمین کو | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَرَاضِی، کُرۂ اَرض |
| | وَالسَّمٰوٰتِ | وَ سْ سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | الْعُلٰى ط ④ | لْ عُ لَا | اور بلند | ع ل و | عُلُوّ، عُلیَا، اَعلیٰ و اَرفَع، عَالِی مَقَام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥ | اَلرَّحْمٰنُ | اَ رْ رَ حْ مَا نُ | (وہ) رحمٰن ہے | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | عَلَى الْعَرْشِ | عَ لَلْ عَ رْ شِ | عرش پر | ع ر ش | عَرشِ الٰہی، عَرشِ مُعَلّٰی، عَرشِ بَریں |
| | اسْتَوٰى ⑤ | سْ تَ وَا | مستوی ہے | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوَات، مُساوِی، مُستوِی |
| ٦ | لَهٗ | لَ هُوْ | اسی کا ہے | | |
| | مَا | مَا | جو کچھ ہے | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |

مِمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ④ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ⑤ لَهٗ مَا

اس کی طرف سے ہے جس نے زمین کو اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا ہے ④ جو رحمٰن ہے، عرش پر قائم ہے ⑤ جس کی ملکیت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي السَّمٰوٰتِ | فِسْ سَ مَا وَا تِ | آسمانوں میں | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ ہے | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَ رْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضی، کُرۂ اَرض |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ ہے | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | بَيْنَهُمَا | بَا ئِيْ نَ هُ مَا | ان دونوں کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ ہے | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | تَحْتَ | تَ حْ تَ | نیچے | ت ح ت | تَحتَ الشُّعُور، مَاتحت، تَحتَ الاَرض |
| | الثَّرٰى ⑥ | ثْ ثَ رَا | گیلی زمین کے | ث ر ی | |
| ٧ | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | سَیر وسِیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز اِن شَاءَاللہ |
| | تَجْهَرْ | تَ جْ هَ رْ | آپ بلند آواز سے | ج ه ر | جَہری نَماز، جَاہِر، آمین بِالجَہر |
| | بِالْقَوْلِ | بِلْ قَا وْ لِ | بات کریں | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ⑥ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ

آسمانوں اور زمین اور ان دونوں کے درمیان اور (کرۂ خاک) کے نیچے کی ہر ایک چیز ہے ⑥ اگر تُو اونچی بات کہے تو وہ تو ہر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاِنَّهٗ | فَ اِن نَ ہُوْ | تو بلاشبہ وہ | | |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | السِّرَّ | س سِرْ رَ | پوشیدہ | س ر ر | سِرّی نماز، پُراَسرار، اَسرار و رُمُوز |
| | وَاَخْفٰى ⑦ | وَ اَ خْ فَا | اور پوشیدہ تر بات کو بھی | خ ف ی | خُفیہ پالیسی، خُفیہ ایجنسی، مخفی |
| ۸ | اَللّٰهُ | اَل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَآ اِلٰهَ | لَا.. اِلَا هَ | کوئی بھی معبود نہیں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اِلَّا هُوَ ؕ | اِل لَا ہُ وَ | مگر وہی | | اِلّا ما شاءَ اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قَلیل |
| | لَهُ الْاَسْمَآءُ | لَ ہُ لْ اَ سْ مَا... ءُ | اسی کے ہیں نام | س م و | وجہِ تسمیہ، اِسمِ بامُسمّٰی، مُسمّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | الْحُسْنٰى ⑧ | لْ حُسْ نَا | سب سے اچھے | ح س ن | حسن، اِحسان، مُحسِن، اَسمائے حُسنٰی |

فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ⑦ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ⑧

ایک پوشیدہ، بلکہ پوشیدہ سے پوشیدہ تر چیز کو بھی بخوبی جانتا ہے ⑦ وہی اللہ تعالیٰ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، بہترین نام اسی کے ہیں ⑧

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | وَهَلْ | وَ ہَ لْ | اور کیا | | سَیر و سَیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | اَتٰىكَ | اَ تَا کَ | آپ کے پاس آئی ہے | ء ت ی | |
| | حَدِيْثُ | حَ دِیْ ثُ | بات | ح د ث | حدیث، تحدیثِ نعمت، مُحدِّث |
| | مُوْسٰى ⑨ | مُوْ سَا | موسیٰ کی؟ | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |
| ۱۰ | اِذْ رَاٰ | اِ ذْ رَ آ | جب اس نے دیکھی | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | نَارًا | نَا رَنْ | آگ | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِاَهْلِهِ | لِ اَ ہْ لِ ہِ | اپنے گھر والوں سے | ء ہ ل | اَہلِ محلّہ، اَہلِ دُنیا، اَہلِ خانہ |
| | امْكُثُوْٓا | مْ کُ ثُوْ.. | تم ٹھہرو | م ک ث | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنِّيْٓ | اِن نِیْ.. | بلاشبہ میں نے | | |
| | اٰنَسْتُ | آ نَس تُ | دیکھی ہے | ء ن س | اُنسیّت، مَانُوس ہونا، اُنس ہونا |
| | نَارًا | نَا رَ | آگ | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنّم، نارِ سَموم |

**وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ⑨ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا**

تجھے موسیٰ (علیہ السلام) کا قصہ بھی معلوم ہے؟ ⑨ جبکہ اس نے آگ دیکھ کر اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم ذرا سی دیر ٹھر جاؤ مجھے آگ دکھائی دی ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّعَلِّيْٓ | ل لَ عَل لِیْ.. | تا کہ میں | | |
| | اٰتِيْكُمْ | آ تِیْ کُ مْ | تمہارے پاس لے آؤں | ء ت ی | |
| | مِّنْهَا | مِن ہَا | اس میں سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | بِقَبَسٍ | بِ قَ بَ سِن | کوئی انگارا | ق ب س | |
| | اَوْ اَجِدُ | آ وْ اَ جِ دُ | یا میں پاؤں | و ج د | وَجد، وَجدان، وَاجِد (نام)، مَوجُود |
| | عَلَى النَّارِ | عَ لَن نا رِ | آگ کے پاس | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنّم، نارِ سَموم |
| | هُدًى ⑩ | ہُ دَا | کوئی راستہ بتانے والا | ہ د ی | ہِدایت، ہَادِیٔ عَالَم، ہَادِیٔ کَائِنَات |
| ۱۱ | فَلَمَّآ | فَ لَم مَا.. | پھر جب | | |
| | اَتٰىهَا | آ تا ہَا | وہ اس (آگ) کے پاس آیا | ء ت ی | |
| | نُوْدِيَ | نُو دِ یَ | تو اسے آواز دی گئی | ن د و | نِدا آئی، مُنَادِی کرنا، نِدائے مِلّت |

**لَعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ⑩ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ**

بہت ممکن ہے کہ میں اس کا کوئی انگارا تمہارے پاس لاؤں یا آگ کے پاس سے راستے کی اطلاع پاؤں ⑩ جب وہ وہاں پہنچے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يٰمُوْسٰى ط ⑪ | یَا مُو سَا | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |
| ۱۲ | اِنِّيْٓ اَنَا | اِن نِیْ.. آ نَا | بے شک میں | | |
| | رَبُّكَ | رَب بُ کَ | تیرا رب ہوں | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وسلم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاخْلَعْ | فَ خْ لَ عْ | لہٰذا تو اتار دے | خ ل ع | خَلْعَت سُلْطَانِی پہننا |
| | نَعْلَيْكَ ج | نَ عْ لَا ئِ کَ | اپنی جوتیاں | ن ع ل | نَعْلَیْنِ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم |
| | اِنَّكَ | اِن نَ کَ | بلاشبہ تو | | |
| | بِالْوَادِ | بِلْ وَادِ | وادی | و د ی | وَادی طَیِّبَہ، وَادی مُقَدَّس |
| | الْمُقَدَّسِ | لْ مُ قَد دَ سِ | مقدس | ق د س | بَیْتُ الْمُقَدِس، رُوحُ الْقُدُس، قُدُّوسی |
| | طُوًى ط ⑫ | طُ وَا | طویٰ میں ہے | ط و ی | طُویٰ ایک وادی ہے |

يٰمُوْسٰى ط ⑪ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ج اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ط ⑫

تو آواز دی گئی اے موسیٰ! ⑪ یقیناً میں ہی تیرا پروردگار ہوں تو اپنی جوتیاں اتار، کیونکہ تو پاک میدان طویٰ میں ہے ⑫

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳ | وَاَنَا | وَ اَ نَ | اور میں نے | | |
| | اخْتَرْتُكَ | خْ تَ رْ تُ کَ | تجھے پسند کرلیا ہے | خ ی ر | اِخْتِیَار، اِخْتِیَاری مَضَامِین، مُخْتَار |
| | فَاسْتَمِعْ | فَسْ تَ مِ عْ | پس تو غور سے سن | س م ع | سَامِع، قُوّتِ سَمَاعَت، آلۂ سَمَاعَت |
| | لِمَا | لِ مَا | اس کو جو | | |
| | يُوْحٰى ⑬ | یُوْ حَا | وحی کی جاتی ہے | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غَیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| ۱۴ | اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ | اِن نَ نِیْ.. اَ نَ ل لَا ہُ | بلاشبہ میں ہی اللہ ہوں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | لَآ | لَا.. | نہیں | | لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ<br>لَاتعداد، لَاعِلاج، لَاعِلْم، لَاجواب |
| | اِلٰهَ | اِ لَا ہَ | کوئی معبودِ برحق | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِلَّآ اَنَا | اِل لَا.. اَ نَا | مگر میں ہی | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | فَاعْبُدْنِيْ لا | فَ عْ بُ دْ نِیْ | لہٰذا تو میری ہی عبادت کر | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عَابِد، مَعبُود |

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ⑬ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ لا

اور میں نے تجھے منتخب کرلیا ہے اب جو وحی کی جائے اسے کان لگا کر سن ⑬ بیشک میں ہی اللہ تعالیٰ ہوں، میرے سوا عبادت کے لائق اور کوئی نہیں پس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَ اَقِمِ | وَ اَ قِ مِ | اور قائم کر | ق و م | اِقَامَتِ صَلٰوۃ، مُقِیم، قِیَام، قَوْمَہ |
| | الصَّلٰوۃَ | ص صَ لَا ۃَ | نماز | ص ل و | صَلٰوۃِ ظُہر، صَلٰوۃِ عِید، صَلٰوۃِ جُمعَہ |
| | لِذِكْرِیْ ﴿۱۴﴾ | لِ ذِ كْ رِیْ | میرے ذکر کے لئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| ۱۵ | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | السَّاعَةَ | س سَا عَ ۃَ | قیامت | س و ع | سَاعَات، یَومُ السَّاعَۃ (قیامت کا دن) |
| | اٰتِيَةٌ | آ تِ یَ تُنْ | آنے والی ہے | ء ت ی | |
| | اَكَادُ اُخْفِيْهَا | اَ کَا دُ اُخْ فِیْ ہَا | میں اسے خفیہ ہی رکھنا چاہتا ہوں | ك و د<br>خ ف ی | خُفیہ پَالِیسی، خُفیہ ایجَنسی، مَخفی |
| | لِتُجْزٰی | لِ تُ جْ زَا | تا کہ بدلہ دیا جائے | ج ز ی | جَزَائے خیر، جَزَاکُمُ اللہ |
| | كُلُّ | کُل لُ | ہر | ك ل ل | کُل کَائِنَات، کُل جَہان، کُل عَالَم |
| | نَفْسٍ | نَفْ سِمْ | جان کو | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتَنَفَّس |

وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِكْرِیْ ﴿۱۴﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰی كُلُّ نَفْسٍ

تُو میری ہی عبادت کر، اور میری یاد کیلئے نماز قائم رکھ ﴿۱۴﴾ قیامت یقیناً آنیوالی ہے جسے میں پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تا کہ ہر شخص کو وہ بدلہ دیا جائے جو اس نے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | اس کا جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجِرَہ |
| | تَسْعٰی ﴿۱۵﴾ | تَسْ عَا | وہ کوشش کرتی ہے | س ع ی | سَعیِ لَاحَاصِل، سَعیِ بِسیَار<br>سَعیِ بَینَ الصَّفَا وَالمَروَۃ |
| ۱۶ | فَلَا يَصُدَّنَّكَ | فَ لَا یَ صُدْ دَنْ نَ کَ | پس تجھے ہرگز نہ روکے | ص د د | لَاتعداد، لَاعِلَاج، لَاعِلم، لَاجَواب |
| | عَنْهَا | عَنْ ہَا | اس سے | | |
| | مَنْ | مَ ل | وہ شخص جو | | |
| | لَّا يُؤْمِنُ | لَا یُ x مِنُ | ایمان نہیں رکھتا | ء م ن | اَمن و اَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | بِهَا | بِ ہَا | اس پر | | |
| | وَاتَّبَعَ | وَت تَ بَ عَ | اور اس نے پیروی کی | ت ب ع | تَابِعدَار، تَابِعِ فَرمَاں، اِتّبَاعِ سُنَّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَوٰىهُ | ہَ وَا ہُ | اپنی خواہش کی | ھ و ی | ہَوَائے نَفْس، ہَوَا و ہَوَس |
| | فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾ | فَ تَ رْ دَا | ورنہ تو (بھی) ہلاک ہوجائے گا | ر د ی | |

بِمَا تَسْعٰى ﴿١٥﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾

کوشش کی ہو﴿۱۵﴾ پس اب اسکے یقین سے تجھے کوئی ایسا شخص روک نہ دے جو اس پر ایمان نہ رکھتا ہو اور اپنی خواہش کے پیچھے پڑا ہو، ورنہ تو ہلاک ہو جائیگا﴿۱۶﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٧ | وَمَا تِلْكَ | وَ مَا تِ لْ کَ | اور وہ کیا ہے | | رَحم وکَرَم، شَان وشَوکَت، عَقل وشُعُور |
| | بِيَمِيْنِكَ | بِ یَ مِیْ نِ کَ | تیرے دائیں ہاتھ میں؟ | ی م ن | یَمِین ویَسَار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمِّ اَیمَن |
| | يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ | یَا مُوْ سَا | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |
| ١٨ | قَالَ | قَا لَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | هِيَ | ہِ یَ | یہ | | |
| | عَصَايَ ج | عَ صَا یَ | میرا عصا ہے | ع ص و | عَصَا (لاٹھی)، عَصَاءِ مُوسیٰ علیہ السلام |
| | اَتَوَكَّؤُا | اَ تَ وَ کْ کَ ءُ | میں ٹیک لگاتا ہوں | و ك ء | |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا یْ ہَا | اس پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | وَاَهُشُّ | وَ اَ ہُ شْ شُ | اور پتے جھاڑتا ہوں | ھ ش ش | |
| | بِهَا | بِ ہَا | اس کے ساتھ | | |

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ج اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا

اے موسیٰ! تیرے اس دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟ ﴿۱۷﴾ جواب دیا کہ یہ میری لاٹھی ہے، جس پر میں ٹیک لگاتا ہوں اور جس سے میں اپنی بکریوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى غَنَمِيْ | عَ لَا غَ نَ مِیْ | اپنی بھیڑ بکریوں پر | غ ن م | اَلْغَنَمُ (بکری یا بھیڑ) |
| | وَلِيَ | وَ لِ یَ | اور میرے لئے | | سَیر وسَیَاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب وروز |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿١٨﴾ | مَ آ رِ بُ اُ خْ رَا | اور بھی مقاصد ہیں | ء ر ب<br>ء خ ر | آخَر، اُخریٰ، تَاخِیر، مُؤَخَّر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹ | قَالَ | قَالَ | اس (اللہ) نے فرمایا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَلْقِهَا | اَلْ قِ ہَا | تو اسے پھینک دے | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | يٰمُوْسٰى ⑲ | یَا مُوْسَا | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |
| ۲۰ | فَاَلْقٰهَا | فَ اَلْ قَا ہَا | پھر جب اس نے اسے پھینک دیا | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | فَاِذَا | فَ اِذَا | تو اچانک | | |

عَلٰى غَنَمِیْ وَلِیَ فِیْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ⑱ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ⑲ فَاَلْقٰهَا فَاِذَا

کیلئے پتے جھاڑ لیا کرتا ہوں اور بھی اس میں مجھے بہت سے فائدے ہیں ⑱ فرمایا اے موسیٰ! اسے ہاتھ سے نیچے ڈال دے ⑲ ڈالتے ہی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | هِيَ حَيَّةٌ | ہِ یَ حَایَ یَ تُنْ | وہ سانپ تھا | ح ی ی | |
| | تَسْعٰى ⑳ | تَسْ عَا | دوڑتا ہوا | س ع ی | سعی لاحاصل، سعی بسیار، سعی بین الصفا والمروۃ |
| ۲۱ | قَالَ | قَالَ | اس (اللہ) نے فرمایا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | خُذْهَا | خُ ذْ ہَا | تو اسے پکڑ لے | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | وَلَا تَخَفْ وقفة | وَلَا تَ خَفْ | اور تو مت ڈر | خ و ف | خوف، خائف، مخافۃُ اللہ، خوفزدہ |
| | سَنُعِيْدُهَا | سَ نُ عِیْ دُ ہَا | ہم اسے ابھی لوٹا دیں گے | ع و د | عود کرنا (لوٹنا)، اِعادہ کرنا، عید |
| | سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ㉑ | سِیْ رَ تَ ہَلْ اُوْ لَا | اس کی پہلی حالت میں | س ی ر<br>ء و ل | سیرتِ مصطفیٰ ﷺ، سیرت نگار<br>اوّل، اُولیٰ، اوائل، اوّل و آخر |

هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ⑳ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ وقفة سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ㉑

وہ سانپ بن کر دوڑنے لگی ⑳ فرمایا بے خوف ہو کر اسے پکڑ لے، ہم اسے اُسی پہلی سی صورت میں دوبارہ لا دیں گے ㉑

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲ | وَاضْمُمْ | وَضْ مُمْ | اور تو ملا | ض م م | ضم ہونا، ضمیمہ جات، ضمیمہ اخبار |
| | يَدَكَ | یَ دَ کَ | اپنا ہاتھ | ی د ی | ید بیضا، ید طولیٰ، رفع یدین، قطع ید |
| | اِلٰى جَنَاحِكَ | اِلَا جَ نَا حِ کَ | اپنی بغل کے ساتھ | ج ن ح | |
| | تَخْرُجْ | تَ خْ رُجْ | وہ نکلے گا | خ ر ج | خارج، وزارت خارجہ<br>مخرج، خروج |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْضَآءَ | بَ ائْ ضَا...ءَ | چمکتا ہوا | ب ی ض | بَیضَہ، بَیاض، بَیاضِ کَبیر، یدِ بَیضا |
| | مِنْ غَيْرِ | مِنْ غَ ائْ رِ | بغیر | غ ی ر | غیر آدمی، غَیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | سُوْٓءٍ | سُوْ...ءِ نْ | کسی بیماری کے | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | اٰيَةً | آ یَ تَنْ | جبکہ یہ نشانی ہے | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کریمہ |
| | اُخْرٰى ۙ﴿۲۲﴾ | اُ خْ رَا | ایک اور یا دوسرا | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤَخّر طاؤس و رُباب آخر |

**وَ اضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ۙ﴿۲۲﴾**

اور اپنا ہاتھ اپنی بغل میں ڈال لے تو وہ سفید چمکتا ہوا ہو کر نکلے گا، لیکن بغیر کسی عیب (اور روگ) کے یہ دوسرا معجزہ ہے ﴿۲۲﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳ | لِنُرِيَكَ | لِ نُ رِ یَ کَ | تا کہ ہم تجھے دکھائیں | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | مِنْ اٰيٰتِنَا | مِنْ آ یَا تِ نَا | اپنی کچھ نشانیاں | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کریمہ |
| | الْكُبْرٰى ۚ﴿۲۳﴾ | اَلْ کُبْ رَا | بڑی بڑی | ک ب ر | کِبَر، اَکبَر، کُبریٰ، کَبِیر، تَکَبُّر |
| ۲۴ | اِذْهَبْ | اِذْ ہَبْ | تو جا | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبِیَّت، ذَہاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاہِب |
| | اِلٰى فِرْعَوْنَ | اِلَا فِ رْ عَوْ نَ | فرعون کی طرف | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بے شک وہ | | |
| | طَغٰى ۧ﴿۲۴﴾ | طَ غَا | سرکش ہو گیا ہے | ط غ ی | طُغیَانی، سَمُندر میں طُغیانی، طاغُوت |
| ۲۵ | قَالَ | قَا لَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقولہ |
| | رَبِّ | رَ بْ بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |

**لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ۚ﴿۲۳﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۧ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ**

یہ اس لئے کہ ہم تجھے اپنی بڑی بڑی نشانیاں دکھانا چاہتے ہیں ﴿۲۳﴾ اب تو فرعون کی طرف جا اس نے بڑی سرکشی مچا رکھی ہے ﴿۲۴﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اشْرَحْ | شْ رَحْ | تو کھول دے | ش ر ح | شَرح، شَارِح، تَشرِیح، شَرحِ صَدر |
| | لِيْ | لِیْ | میرے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صَدْرِيْ ۝٢٥ | صَدْ رِيْ | میرا سینہ | ص د ر | صَدر، صُدُور (سینے)، شرحِ صَدر، شقِ صَدر کا واقعہ |
| ٢٦ | وَيَسِّرْ لِيْٓ | وَيَس سِرْ لِيْ.. | اور آسان کر دے میرے لئے | ی س ر | یُسر، مَیسر، اَیسَرُ القرآن، تَیسیرُ القرآن |
| | اَمْرِيْ ۝٢٦ | اَمْ رِيْ | میرا کام | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| ٢٧ | وَاحْلُلْ | وَحْ لُلْ | اور کھول دے | ح ل ل | عُقدہ حَل کرنا، عُقدہ حَل ہونا |
| | عُقْدَةً | عُقْ دَةَ | گرہ | ع ق د | عُقدہ، عَقدِ نِکاح، عَقِیدہ |
| | مِّنْ لِّسَانِيْ ۝٢٧ | مِلْ لِ سَانِيْ | میری زبان کی | ل س ن | لِسانی گروہ، لِسانیات، لِسانی فَسادات |

اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝٢٥ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝٢٦ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝٢٧

اے میرے پروردگار! میرا سینہ میرے لئے کھول دے ۝٢٥ اور میرے کام کو مجھ پر آسان کر دے ۝٢٦ اور میری زبان کی گرہ بھی کھول دے ۝٢٧

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٨ | يَفْقَهُوْا | يَفْ قَ هُوْ | (تاکہ) وہ سمجھ سکیں | ف ق ه | فِقہ، فَقِیہ، فُقَہاء، تَفَقُّہ فِی الدِّین |
| | قَوْلِيْ ۝٢٨ | قَوْ لِيْ | میری بات | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| ٢٩ | وَاجْعَلْ | وَجْ عَلْ | اور تو بنا دے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لِّيْ | لِيْ | میرے لئے | | |
| | وَزِيْرًا | وَزِيْ رَ | ایک وزیر | و ز ر | وُزَراء، وَزِیرِ اَعلیٰ، وَزِیرِ اَعظم |
| | مِّنْ اَهْلِيْ ۝٢٩ | مِمْ مِنْ اَهْ لِيْ | میرے اہل میں سے | ء ه ل | اَہل و عَیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| ٣٠ | هٰرُوْنَ | هَا رُوْنَ | (یعنی) ہارون | | حضرت ہارون علیہ السلام نبی کا نام |
| | اَخِيْ ۝٣٠ | اَ خِيْ | میرے بھائی کو | ء خ و | اُخُوَّت پروگرام، مُواخات، اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| ٣١ | اشْدُدْ | اُشْ دُدْ | تو مضبوط کر دے | ش د د | شِدَّت، شَدائِد، تَشَدُّد، اَشَدّ |
| | بِهٖٓ | بِ هِيْ.. | اس کے ساتھ | | |

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝٢٨ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ۝٢٩ هٰرُوْنَ اَخِي ۝٣٠ اشْدُدْ بِهٖٓ

تاکہ لوگ میری بات اچھی طرح سمجھ سکیں ۝٢٨ اور میرا وزیر میرے کنبے میں سے کر دے ۝٢٩ یعنی میرے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو ۝٣٠ تو اس سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَزۡرِیۡ ۙ﴿۳۱﴾ | آ زۡ رِیۡ | میری کمر | ء ز ر | |
| ۳۲ | وَ اَشۡرِکۡهُ | وَ آ شۡ رِ کۡ هُ | اور اسے شریک کردے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| | فِیۡۤ اَمۡرِیۡ ۙ﴿۳۲﴾ | فِیۡ.. آ مۡ رِیۡ | میرے کام (نبوت) میں | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| ۳۳ | کَیۡ | کَا ئِیۡ | تاکہ | | |
| | نُسَبِّحَكَ | نُ سَ بۡ بِ حَ کَ | ہم تیری تسبیح بیان کریں | س ب ح | سُبحَانَ اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |
| | کَثِیۡرًا ۙ﴿۳۳﴾ | کَ ثِیۡ رَا | بہت زیادہ | ك ث ر | خَیرِ کَثِیر، کَثرت، اَکثر، کَثِیر لوگ |
| ۳۴ | وَّ نَذۡکُرَكَ | وَ نَ ذۡ کُ رَ کَ | اور (تاکہ) ہم تجھے یاد کریں | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | کَثِیۡرًا ؕ﴿۳۴﴾ | کَ ثِیۡ رَا | بہت زیادہ | ك ث ر | خَیرِ کَثِیر، کَثرت، اَکثر، کَثِیر لوگ |

اَزۡرِیۡ ﴿۳۱﴾ۙ وَ اَشۡرِکۡهُ فِیۡۤ اَمۡرِیۡ ﴿۳۲﴾ۙ کَیۡ نُسَبِّحَكَ کَثِیۡرًا ﴿۳۳﴾ۙ وَّ نَذۡکُرَكَ کَثِیۡرًا ﴿۳۴﴾ؕ

میری کمر کس دے ﴿۳۱﴾ اور اسے میرا شریک کار کر دے ﴿۳۲﴾ تاکہ ہم دونوں بکثرت تیری تسبیح بیان کریں ﴿۳۳﴾ اور بکثرت تیری یاد کریں ﴿۳۴﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۵ | اِنَّكَ کُنۡتَ | اِن نَ کَ کُنۡ تَ | بلاشبہ تو ہی ہے | ك و ن | |
| | بِنَا | بِ نَا | ہمیں | | |
| | بَصِیۡرًا ﴿۳۵﴾ | بَ صِیۡ رَا | خوب دیکھنے والا | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصَار |
| ۳۶ | قَالَ | قَا لَ | اس (اللہ) نے فرمایا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | قَدۡ | قَ دۡ | تحقیق | | |
| | اُوۡتِیۡتَ | اُوۡ تِیۡ تَ | تجھے دے دیا گیا | ء ت ی | |
| | سُؤۡلَكَ | سُ x لَ کَ | تیرا سوال | س ء ل | سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سَائِل |
| | یٰمُوۡسٰی ﴿۳۶﴾ | یَا مُوۡ سَا | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |
| ۳۷ | وَلَقَدۡ | وَ لَ قَ دۡ | اور بلاشبہ تحقیق | | عَدل وانصَاف، قَول وقَرَار، مَکر وفَریب |
| | مَنَنَّاۤ | مَ نَنۡ نَا | ہم احسان کر چکے ہیں | م ن ن | مَنّ واحسَان، عَبدُ المَنَّان، مَمنُون |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ۳۵ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ۳۶ وَلَقَدْ مَنَنَّا

بیشک تُو ہمیں خوب دیکھنے بھالنے والا ہے ۳۵ جناب باری تعالیٰ نے فرمایا موسیٰ! تیرے تمام سوالات پورے کر دیئے گئے ۳۶ ہم نے تو تجھ پر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِ كَ | تجھ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | مَرَّةً | مَ رْ رَ تَنْ | ایک مرتبہ | م ر ر | روزمرّہ |
| | اُخْرٰٓى ۳۷ | اُخْ رَا.. | اور (بھی) | ء خ ر | آخر، آخرین، اُخریٰ |
| ۳۸ | اِذْ اَوْحَيْنَآ | اِذْ اَوْ حَا ئِ نَا.. | جب ہم نے الہام کیا (تھا) | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | اِلٰٓى اُمِّكَ | اِلَا.. اُم مِ كَ | تیری ماں کی طرف | ء م م | اُمِّ کلثوم، اُمِّ اَیمن، اُمِّ سلمہ |
| | مَا | مَا | وہ جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يُوْحٰٓى ۳۸ | يُوْ حَا.. | (اب) وحی کی جاتی ہے | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| ۳۹ | اَنِ | اَنِ | یہ کہ | | |
| | اقْذِفِيْهِ | قْ ذِ فِيْ هِ | تو اس (موسیٰ) کو ڈال دے | ق ذ ف | |

عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ۳۷ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ۳۸ اَنِ اقْذِفِيْهِ

ایک بار اور بھی بڑا احسان کیا ہے ۳۷ جبکہ ہم نے تیری ماں کو وہ الہام کیا جس کا ذکر اب کیا جا رہا ہے ۳۸ کہ تُو اسے صندوق میں بند کر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي التَّابُوْتِ | فِتْ تَا بُو تِ | صندوق میں | | تابُوت (صَندُوق)، مَیّت کا تابُوت |
| | فَاقْذِفِيْهِ | فَقْ ذِ فِيْ هِ | پھر اس (صندوق) کو ڈال دے | ق ذ ف | |
| | فِي الْيَمِّ | فِلْ يَمْ مِ | دریا میں | ی م م | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | فَلْيُلْقِهِ | فَلْ يُلْ قِ هِ | پھر اس کو لا ڈالے گا | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | الْيَمُّ | لْ يَمْ مُ | دریا | ی م م | |
| | بِالسَّاحِلِ | بِسْ سَا حِ لِ | ساحل پر | س ح ل | سَاحِلِ سَمُندر، سَاحلی عِلاقہ جات |
| | يَاْخُذْهُ | يَ x خُ ذْ هُ | کہ اس کو پکڑے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخذہ کرنا، |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَدُوٌّ لِّيْ | عَ دُ وُ وُ ل لِیْ | میرا دشمن | ع د و | عَدُو، عَداوت، عُدوَان، تَعَدّی |

فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ

کے دریا میں چھوڑ دے، پس دریا اسے کنارے لا ڈالے گا اور میرا اور خود اس کا دشمن اسے لے لے گا، اور میں نے اپنی طرف کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَدُوٌّ لَّهٗ ط | وَ عَ دُ وُ وُ ل لَ ہُ | اور اس کا دشمن | ع د و | عَدُو، عَداوت، عُدوَان، تَعَدّی |
| | وَاَلْقَيْتُ | وَ اَلْ قَ ائْ تُ | اور میں نے ڈال دی | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئْ کَ | تجھ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | مَحَبَّةً | مَ حَ بْ بَ تً | خاص محبت | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحَبّت |
| | مِّنِّيْ ج | م مِن نِیْ | اپنی طرف سے | | |
| | وَلِتُصْنَعَ | وَ لِ تُ صْ نَ عَ | اور تاکہ تیری پرورش کی جائے | ص ن ع | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | عَلٰى عَيْنِيْ ۝٣٩ | عَ لَا عَ ائْ نِیْ | میری آنکھوں کے سامنے | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) قُرّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| ۴۰ | اِذْ تَمْشِيْٓ | اِ ذْ تَمْ شِیْ.. | جب چلی جا رہی تھی | م ش ی | |

وَعَدُوٌّ لَّهٗ ط وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ج وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝٣٩ اِذْ تَمْشِيْٓ

خاص محبت و مقبولیت تجھ پر ڈال دی، تاکہ تیری پرورش میری آنکھوں کے سامنے کی جائے ۝٣٩ (یاد کر) جبکہ تیری بہن چل رہی تھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُخْتُكَ | اُ خْ تُ کَ | تیری بہن | ء خ و | اُختِ علی (علی کی بہن)، اَخَوات (جمع) |
| | فَتَقُوْلُ | فَ تَ قُوْ لُ | اور وہ کہتی تھی | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | هَلْ | ہَ لْ | کیا | | |
| | اَدُلُّكُمْ | اَ دُ لْ لُ کُ مْ | میں تمہاری رہنمائی کروں | د ل ل | دَلَالَت کرنا، دَالّ (رہنما)، دَلیل |
| | عَلٰى مَنْ | عَ لَا مَ ائْن | اس شخص پر جو | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | يَّكْفُلُهٗ ط | یَ کْ فُ لُ ہُ | اس کی پرورش کرے؟ | ک ف ل | کَفِیل، کَفَالَت، ذُوالکِفل (نام) |
| | فَرَجَعْنٰكَ | فَ رَ جَ عْ نَا کَ | پھر ہم نے تجھے لوٹایا | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (بار بار پلٹنا) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰٓى اُمِّكَ | اِلَاْ ...... اُم مِ کَ | تیری ماں کی طرف | ء م م | اُمِّ موسیٰ، اُمّ کتاب، اُمہاتُ المؤمنین |
| | كَیْ | کَا ئِیْ | تا کہ | | |
| | تَقَرَّ | تَ قَر رَ | ٹھنڈی ہوں | ق ر ر | قُرَّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |

اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ یَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ

اور کہہ رہی تھی کہ اگر تم کہو تو میں اسے بتا دوں جو اس کی نگہبانی کرے، اس تدبیر سے ہم نے تجھے پھر تیری ماں کے پاس پہنچایا کہ اس کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَیْنُهَا | عَا ئِیْ نُ ہَا | اس کی آنکھیں | ع ی ن | عُیُون، اعیُن، عَین (آنکھ) قُرَّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | وَلَا تَحْزَنَ ؕ | وَلَاْ تَ حْ زَ نَ | اور وہ غم نہ کھائے | ح ز ن | حُزن و ملال، عامُ الحُزن، غم و حُزن |
| | وَقَتَلْتَ | وَقَ تَ لْ تَ | اور تو نے قتل کیا | ق ت ل | قَتل، قاتِل، مَقتُول، مَقتَل |
| | نَفْسًا | نَفْ سَنْ | ایک شخص کو | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسا نَفسی، مُتنفِّس |
| | فَنَجَّیْنٰكَ | فَ نَ جْ جَا ئِیْ نَا کَ | تو ہم نے تجھے نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجِیہ، نَجات دِہندہ |
| | مِنَ الْغَمِّ | مِنَ لْ غَم مِ | غم سے | غ م م | غَم و حُزن، ہُمُوم و غُمُوم، غَم کھانا |
| | وَفَتَنّٰكَ | وَفَ تَن نَا کَ | اور ہم نے تجھے آزمایا | ف ت ن | فِتنہ پَرور، شَدید فِتنہ، پُرفِتَن دَور |
| | فُتُوْنًا ۫ قف | فُ تُو نَا | خوب آزمانا | ف ت ن | فِتنہ پَرور، شَدید فِتنہ، پُرفِتَن دَور |

عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ قف

آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ غمگین نہ ہو، اور تو نے ایک شخص کو مار ڈالا تھا اس پر بھی ہم نے تجھے غم سے بچالیا، غرض ہم نے تجھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَلَبِثْتَ | فَ لَ بِثْ تَ | پھر تو ٹھہرا رہا | ل ب ث | |
| | سِنِیْنَ | سِ نِیْ نَ | کئی سال | س ن و | سَنِّ وِلَادت، سَنِّ وَفات، ۲۰۲۲ء |
| | فِیْٓ اَهْلِ مَدْیَنَ ۫ لا | فِیْ .. اَہْ لِ مَ دْ یَ نَ | اہلِ مدین میں | ء ھ ل | اَہلِ مَحلّہ، اَہلِ دُنیا، اَہلِ خَانہ مَدیَن (ایک علاقہ) |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | جِئْتَ | جِ x تَ | تو آیا | ج ی ء | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى قَدَرٍ | عَ لَا قَ دَ رِ یْں | ایک مقرر وقت پر | ق د ر | قضاوقدر، تقدیر، مُقدّر |
| | يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾ | یَا مُوْ سَا | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |

فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ڏ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾

اچھی طرح آزما لیا، پھر تُو کئی سال تک مدین کے لوگوں میں ٹھرا رہا، پھر تقدیر الٰہی کے مطابق اے موسیٰ! تُو آیا ﴿۴۰﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱ | وَاصْطَنَعْتُكَ | وَ صْ طَ نَ عْ تُ کَ | اور میں نے تجھے خاص کر لیا ہے | ص ن ع | |
| | لِنَفْسِيْ ج ﴿۴۱﴾ | لِ نَفْ سِیْ | اپنے (کام کے) لئے | ن ف س | نفس، اَنفس، نَفسانَفسی، مُتنفّس |
| ۴۲ | اِذْهَبْ | اِذْ ہَبْ | جا | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہبیّت، ذَہاب، مَذہب، بَینَ المَذاہِب |
| | اَنْتَ | اَنْ تَ | تو | | |
| | وَاَخُوْكَ | وَ اَ خُوْ کَ | اور تیرا بھائی | ء خ و | اَخ شَقِیق (سوتیلا بھائی)، مُواخات، اُخوّت، اَخوان المُسلمین |
| | بِاٰيٰتِيْ | بِ آ یَا تِیْ | میری نشانیاں (معجزے) لے کر | ء ی ی | آیتْ (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | وَلَا تَنِيَا | وَ لَا تَ نِ یَا | اور تم دونوں سستی نہ کرنا | و ن ی | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | فِيْ ذِكْرِيْ ج ﴿۴۲﴾ | فِیْ ذِ کْ رِیْ | میری یاد میں | ذ ک ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکور، ذِکرِ الٰہی |

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ج ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ج ﴿۴۲﴾

اور میں نے تجھے خاص اپنی ذات کیلئے پسند فرما لیا ﴿۴۱﴾ اب تُو اپنے بھائی سمیت میری نشانیاں ہمراہ لئے ہوئے جا، اور خبردار! میرے ذکر میں سستی نہ کرنا ﴿۴۲﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۳ | اِذْهَبَآ | اِذْ ہَ بَا.. | تم دونوں جاؤ | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہبیّت، ذَہاب، مَذہب، بَینَ المَذاہِب |
| | اِلٰى فِرْعَوْنَ | اِلَا فِ رْ عَا ؤ نَ | فرعون کی طرف | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | طَغٰى صلے ج ﴿۴۳﴾ | طَ غَا | سرکش ہو چکا ہے | ط غ ی | طُغیانی، سمندر میں طُغیانی، طاغوت |
| ۴۴ | فَقُوْلَا | فَ قُوْ لَا | تم دونوں کہو | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس سے | | |

[illegible]

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّنِیْ | اِن نَ نِیْ | بلاشبہ میں | | |
| | مَعَكُمَآ | مَ عَ کُ مَا.. | تم دونوں کے ساتھ ہوں | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اُسکی مَعِیَّت میں |
| | اَسْمَعُ | اَس مَ عُ | میں سنتا ہوں | س م ع | سَامِع، قُوتِ سَماعَت، آلَہ سَماعَت |
| | وَاَرٰى ۝٤٦ | وَ آ رَا | اور میں دیکھتا ہوں | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| ٤٧ | فَاْتِيٰهُ | فَ x تِ یَا ہُ | اب تم دونوں اس کے پاس جاؤ | ء ت ی | |
| | فَقُوْلَآ | فَ قُوْ لَا.. | اور کہو: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | رَسُوْلَا | رَ سُوْ لَا | رسول ہیں | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | تیرے رب کے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | فَاَرْسِلْ | فَ اَرْ سِلْ | لہٰذا تو بھیج دے | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |

لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَ اَرٰى ۝٤٦ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ

تم مطلقاً خوف نہ کرو میں تمہارے ساتھ ہوں اور سنتا دیکھتا رہوں گا ۝٤٦ تم اس کے پاس جاکر کہو کہ ہم تیرے پروردگار کے پیغمبر ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَعَنَا | مَ عَ نَا | ہمارے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اُسکی مَعِیَّت میں |
| | بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ | بَ نِیْ...اِس رَا...ءِ یْ لَ | بنی اسرائیل کو | ب ن ی | بَنِی آدم، بَنِی ہاشم، بَنِی اِسرائیل |
| | وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ | وَلَا تُ عَذ ذِ بْ ہُمْ | اور انہیں مت ستا | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہَنَّم عَذَابِ آخرت |
| | قَدْ جِئْنٰكَ | قَ دْ جِ x نَا کَ | تحقیق ہم تیرے پاس لائے ہیں | ج ی ء | |
| | بِاٰيَةٍ | بِ آ یَ ةٍ | عظیم نشانی | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیَات (جمع) |
| | مِّنْ رَّبِّكَ ؕ | م مِرْ رَب بِ کَ | تیرے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَالسَّلٰمُ | وَ س سَ لَا مُ | اور سلامتی ہے | س ل م | اِسلَام، مُسلِم، مُسلمَان، سَلَامَتی |
| | عَلٰى مَنِ | عَ لَا مَنِ | اس شخص پر جس نے | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَعَنَا بَنِيٓ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ۬ وَلَا تُعَذِّبۡهُمۡ ؕ قَدۡ جِئۡنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ | | | | |
| | تُو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے، ان کی سزائیں موقوف کر، ہم تو تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے نشانی لے کر آئے ہیں اور سلامتی | | | | |
| | اتَّبَعَ | ت تَ بَ عَ | پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اتّباعِ سُنّت |
| | الۡهُدٰى ۝٤٧ | لۡ هُ دَا | ہدایت کی | ه د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |
| ٤٨ | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | قَدۡ اُوۡحِيَ | قَ دۡ اُوۡ حِ يَ | یقیناً وحی کی گئی ہے | و ح ی | وحی متلو، وحی غیر متلو، وحی کا آنا |
| | اِلَيۡنَآ | اِلَا يۡ نَا.. | ہماری طرف | | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اَنَّ الۡعَذَابَ | اَن نَ لۡ عَ ذَا بَ | کہ بے شک عذاب | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنّم، عذابِ آخرت |
| | عَلٰى مَنۡ | عَ لَا مَنۡ | اس شخص پر ہے جس نے | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | كَذَّبَ | كَذۡ ذَ بَ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب، مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | وَتَوَلّٰى ۝٤٨ | وَ تَ وَلۡ لَا | اور منہ پھیرا | و ل ی | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | اتَّبَعَ الۡهُدٰى ۝٤٧ اِنَّا قَدۡ اُوۡحِيَ اِلَيۡنَآ اَنَّ الۡعَذَابَ عَلٰى مَنۡ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝٤٨ | | | | |
| | اس کے لئے ہے جو ہدایت کا پابند ہو جائے ۝٤٧ ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ جو جھٹلائے اور روگردانی کرے اس کے لئے عذاب ہے ۝٤٨ | | | | |
| ٤٩ | قَالَ | قَالَ | اس (فرعون) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | فَمَنۡ | فَ مَ نۡ | آخر کون ہے | | |
| | رَّبُّكُمَا | رَب بُ كُ مَا | تم دونوں کا رب؟ | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | يٰمُوۡسٰى ۝٤٩ | يَا مُوۡ سَا | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |
| ٥٠ | قَالَ | قَالَ | موسیٰ نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | رَبُّنَا | رَب بُ نَ | ہمارا رب | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | الَّذِيۡۤ | ل لَ ذِ يۡ.. | وہ ہے جس نے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعْطٰی | اَ عْ طَا | دی | ع ط ی | عطائے الٰہی، اللہ کی عطا، عطیات |
| | كُلَّ شَیْءٍ | كُل لَ شَا ئِ ءِ نْ | ہر چیز کو | ك ل ل<br>ش ی ء | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالم<br>شَئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | خَلْقَهٗ | خَ لْ قَ ہُوْ | اس کی شکل وصورت | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمّ آمین |

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ

فرعون نے پوچھا کہ اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟ ﴿۴۹﴾ جواب دیا کہ ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر ایک کو اس کی خاص صورت، شکل عنایت فرمائی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَدٰى ﴿٥٠﴾ | ہَ دَا | راہ دکھائی | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |
| ۵۱ | قَالَ | قَا لَ | اس (فرعون) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | فَمَا | فَ مَا | پس کیا | | |
| | بَالُ | بَا لُ | حال ہے | | |
| | الْقُرُوْنِ | لْ قُ رُوْ نِ | اُمتوں کا؟ | ق ر ن | قُرونِ اُولیٰ، قَرنُ المنازِل |
| | الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾ | لْ اُوْ لَا | پہلی | ء و ل | قُرونِ اُولیٰ، اَوائل، اَوّل وآخر |
| ۵۲ | قَالَ | قَا لَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | عِلْمُهَا | عِلْ مُ ہَا | ان کا علم | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| | عِنْدَ رَبِّيْ | عِنْ دَ رَب بِيْ | میرے رب کے پاس ہے | ع ن د<br>ر ب ب | عِندَاللہ ماجور ہوں، عِندَالطّلب<br>رَبّ، مُربّی، اَرباب، رَبُّ الارض |
| | فِيْ كِتٰبٍ ج | فِيْ كِ تَا بِ | لوحِ محفوظ میں | ك ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |

هُدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ج

پھر راہ سجھا دی ﴿۵۰﴾ اس نے کہا اچھا یہ تو بتاؤ اگلے زمانے والوں کا حال کیا ہونا ہے ﴿۵۱﴾ جواب دیا کہ ان کا علم میرے رب کے ہاں کتاب میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا يَضِلُّ | لَا يَ ضِل لُ | نہ بھٹکتا ہے | ض ل ل | ضلالت (گمراہی)، ضلالت وگمراہی |
| | رَبِّيْ | رَب بِيْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا يَنْسَى ۝٥٢ | وَلَا یَنْ سَا | اور نہ وہ بھولتا ہے | ن س ی | نِسیان، نَاسی اِنسان<br>نَسیًا مَنسیًا (بھولا بسرا) |
| ۵۳ | الَّذِىْ | اَل لَ ذِی | وہ ذات جس نے | | |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غِذات |
| | لَكُمُ | لَ کُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْاَرْضَ | لْ اَرْ ضَ | زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | مَهْدًا | مَ ہْ دَاؤں | بچھونا | م ہ د | مَہدُ اللُّغَہ، تَمہید، مَہد سے لَحد تک |
| | وَّسَلَكَ | وَ سَ لَ کَ | اور اس نے بنا دیے | س ل ك | سَالِک (چلنے والا)، سُلُوک، مَسلک |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے (چلنے کے) لئے | | |

لَا يَضِلُّ رَبِّىْ وَلَا يَنْسَى ۝٥٢ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ

موجود ہے، نہ تو میرا رب غلطی کرتا ہے نہ بھولتا ہے ۝٥٢ اس نے تمہارے لئے زمین کو فرش بنایا ہے اور اس میں تمہارے چلنے کیلئے راستے بنائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | سُبُلًا | سُ بُ لَاؤں | راستے | س ب ل | سَبیل، سُبُل، فِی سَبیلِ الله |
| | وَّاَنْزَلَ | وَ اَنْ زَلَ | اور اس نے نازل کیا | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | مِنَ السَّمَآءِ | مِ نَس سَ مَا... ءِ | آسمان سے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | مَآءً ؕ | مَا... آ | پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیریں، مَاءِ بَارِد |
| | فَاَخْرَجْنَا | فَ اَخْ رَجْ نَا | پھر ہم نے نکالیں | خ ر ج | خَارِج، وَزَارتِ خَارِجَہ<br>مَخرَج، خُرُوج |
| | بِهٖٓ | بِ ہِیْ.. | اس کے ذریعے سے | | |
| | اَزْوَاجًا | اَزْ وَا جَ | کئی قسمیں | ز و ج | زَوجَہ، زَوج، اَزوَاجِ مُطَہَّرَات |
| | مِّنْ نَّبَاتٍ | م مِنْ نَ بَا تِنْ | نباتات کی | ن ب ت | جنگلی نَباتات، نَباتِ اَرضی،<br>عِلمِ نَباتات، نَباتات کی کِتاب |
| | شَتّٰى ۝٥٣ | شَت تَا | مختلف | ش ت ت | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

## فِيْهَا سُبُلًا وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾

ہیں اور آسمان سے پانی بھی وہی برساتا ہے، پھر اس برسات کی وجہ سے بہت سی نشانیاں مختلف قسم کی پیداوار بھی ہم ہی پیدا کرتے ہیں ﴿۵۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۴ | كُلُوْا | کُ لُوْ | تم (خود بھی) کھاؤ | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | وَارْعَوْا | وَ رْ عَاوْ | اور چراؤ | ر ع ی | رَعِیَّت، رَاعیِ (چرواہا)، رَعَایا |
| | اَنْعَامَكُمْ ؕ | اَنْ عَا مَ کُ مْ | اپنے چوپایوں کو | ن ع م | نِعمت، نِعمتیں، اِنعام، مُنعِم |
| | اِنَّ | اِنْ نَ | بے شک | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَا لِ كَ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | لَاٰيٰتٍ | لَ آ يَا تِ | یقیناً بڑی نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۵۴﴾ | ل لِ اُوْ لِنْ نُ ہَا | عقل مندوں کے لئے | ء و ل<br>ن ھ ی | اَوّل، اُولیٰ، اَوَائِل، اَوّل و آخر |
| ۵۵ | مِنْهَا | مِنْ ہَا | اسی (زمین) سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | خَلَقْنٰكُمْ | خَ لَقْ نَا كُ مْ | ہم نے تمہیں پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |

## كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۵۴﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ

تم خود کھاؤ اور اپنے چوپایوں کو بھی چراؤ، کچھ شک نہیں کہ اس میں عقلمندوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں ﴿۵۴﴾ اسی زمین میں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَفِيْهَا | وَ فِيْ ہَا | اور اسی میں | | سَیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز<br>فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | نُعِيْدُكُمْ | نُ عِيْ دُ كُ مْ | ہم تمہیں لوٹائیں گے | ع و د | عَود کرنا (لوٹنا)، عَائِد (لوٹنے والا) |
| | وَمِنْهَا | وَ مِنْ ہَا | اور اسی میں سے | | عَدل و انصاف، قَول و قرار، مَکر و فریب<br>مِنجَانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | نُخْرِجُكُمْ | نُ خْ رِ جُ كُ مْ | ہم تمہیں نکالیں گے | خ ر ج | خَارِج، وَزَارتِ خارجہ<br>مَخرَج، خُرُوج |
| | تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ | تَا رَ تَنْ اُ خْ رَا | ایک بار پھر | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤَخَّر<br>طَاؤس و رُباب آخر |
| ۵۶ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَدْ | اور بلا شبہ تحقیق | | عَدل و انصاف، قَول و قرار، مَکر و فریب |
| | اَرَيْنٰهُ | اَ رَ اَيْ نَا هُ | ہم نے اس (فرعون) کو دکھائیں | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰيٰتِنَا كُلَّهَا | آ يَا تِ نَا كُل لَ هَا | اپنی سب نشانیاں | ء ی ی<br>ك ل ل | آیَت (نشانی/واحد)، آیات (جمع)<br>کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالم |

وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿٥٥﴾ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا

ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں پھر واپس لوٹائیں گے اور اسی سے پھر دوبارہ تم سب کو نکال کھڑا کریں گے ﴿٥٥﴾ ہم نے اسے اپنی سب نشانیاں دکھا دیں لیکن

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَكَذَّبَ | فَ كَذْ ذَ بَ | پھر بھی اس نے جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب<br>مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | وَاَبٰى ﴿٥٦﴾ | وَ آ بَا | اور انکار (ہی) کیا | ء ب ی | |
| ٥٧ | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَجِئْتَنَا | اَ جِ x تَ نَا | کیا تو ہمارے پاس آیا ہے | ج ی ء | |
| | لِتُخْرِجَنَا | لِ تُ خْ رِ جَ نَا | تا کہ تو ہمیں نکال دے | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ<br>مخرج، خروج |
| | مِنْ اَرْضِنَا | مِنْ اَرْ ضِ نَا | ہماری زمین سے | ء ر ض | اَرض وسماء، اَراضی، کُرۂ ارض |
| | بِسِحْرِكَ | بِ سِ حْ رِ كَ | اپنے جادو کے ذریعے سے | س ح ر | سِحر بیانی، ساحر، مسحور کن (جادو زدہ) |
| | يٰمُوْسٰى ﴿٥٧﴾ | يَا مُوْ سَا | اے موسیٰ؟ | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |

فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿٥٦﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٥٧﴾

پھر بھی اس نے جھٹلایا اور انکار کر دیا ﴿٥٦﴾ کہنے لگا اے موسیٰ! کیا تُو اسی لئے آیا ہے کہ ہمیں اپنے جادو کے زور سے ہمارے ملک سے باہر نکال دے ﴿٥٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥٨ | فَلَنَاْتِيَنَّكَ | فَلْ نَ x تِ يَنْ نَ كَ | اب یقیناً ہم تیرے پاس ضرور لائیں گے | ء ت ی | |
| | بِسِحْرٍ | بِ سِ حْ رِ | جادو | س ح ر | سِحر بیانی، ساحر، مسحور کن (جادو زدہ) |
| | مِّثْلِهٖ | م مِثْ لِ هِیْ | اس جیسا ہی | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تمثیل، مِثالیں |
| | فَاجْعَلْ | فَ جْ عَ لْ | پس تو مقرر کر | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ<br>جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |
| | بَيْنَنَا | بَا ئِ نَ نَا | ہمارے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابین فیصلہ<br>بَینُ الاقوامی |
| | وَبَيْنَكَ | وَ بَا ئِ نَ كَ | اور اپنے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابین فیصلہ<br>بَینُ الاقوامی |
| | مَوْعِدًا | مَا وْ عِ دَ | وعدے کا ایک وقت | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ وعید، وعدہ کرنا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّا نُخْلِفُهٗ | ل لَا نُ خْ لِ فُ ہُوْ | (کہ) نہ خلاف کریں اس کا | خ ل ف | خِلاف، مُخالَفت، مُخالِف، اِختِلاف |
| | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم | | |
| | وَلَآ اَنْتَ | وَلَا۔۔ اَنْ تَ | اور نہ تو | | عَدل و اِنصاف، قول و قرار، مکروفریب لَاتعداد، لَاعِلاج، لَاعِلم، لَاجواب |

فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ

اچھا ہم بھی تیرے مقابلے میں اسی جیسا جادو ضرور لائیں گے، پس تُو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدے کا وقت مقرر کر لے، کہ نہ ہم اس کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَكَانًا | مَ كَا نَنْ | جگہ ہو | ك و ن | کَون و مَکان، مَکین، مَکانات |
| | سُوًى ﴿۵۸﴾ | سُ وَا | ہموار | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوات، مُساوِی |
| ۵۹ | قَالَ | قَالَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | مَوْعِدُكُمْ | مَا وْ عِ دُ كُ مْ | تمہارے وعدے کا وقت | و ع د | وَعدہ، وَعدہ وَعید، مَوعُود، مَواعِد |
| | يَوْمُ الزِّيْنَةِ | يَا وْ مُ زِ زِیْ نَ ةِ | زینت (جشن) کا دن ہے | ی و م / ز ی ن | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید زَینُ العَابِدین، مُزَیَّن، زِینت |
| | وَاَنْ | وَ آ ئِیْں | اور یہ کہ | | عَدل و اِنصاف، قول و قرار، مکروفریب |
| | يُّحْشَرَ | يُ حْ شَ رَ | اکٹھے کئے جائیں | ح ش ر | حشر کا دن، حاشر، یومِ محشر، حشر نشر |
| | النَّاسُ | ن نَا سُ | لوگ | ن و س | خَیرُ النَّاس، عامّۃُ النَّاس، عوامُ النَّاس |

اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ

خلاف کریں اور نہ تُو، صاف میدان میں مقابلہ ہو ﴿۵۸﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے جواب دیا کہ زینت اور جشن کے دن کا وعدہ ہے اور یہ کہ لوگ دن

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ضُحًى ﴿۵۹﴾ | ضُ حَا | دن چڑھے | ض ح و | نمازِ ضُحیٰ (چاشت کی نماز)، شَمسُ الضُّحیٰ |
| ۶۰ | فَتَوَلّٰى | فَ تَ وَل لَا | پھر پلٹا | و ل ی | |
| | فِرْعَوْنُ | فِ رْ عَا وْ نُ | فرعون | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | فَجَمَعَ | فَ جَ مَ عَ | اور اس نے جمع کیا | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مجموعہ |
| | كَيْدَهٗ | كَا ئِیْ دَ ہُوْ | اپنا مکر (وفریب کا سامان) | ك ی د | کائد، مکائد (مکار) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَتٰى ۞ | آ تا | وہ آ گیا | ء ت ی | |
| ۶۱ | قَالَ | قَا لَ | کہا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | لَهُمۡ | لَ ہُم | ان (جادوگروں) سے | | |
| | مُّوۡسٰى | مُو سَا | موسیٰ نے: | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَيۡلَكُمۡ | وَ ائِ لَ کُ مۡ | تمہارے لئے ہلاکت ہو | | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |

ضُحًى ۞ فَتَوَلّٰى فِرۡعَوۡنُ فَجَمَعَ كَيۡدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ۞ قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰى وَيۡلَكُمۡ

چڑھے ہی جمع ہو جائیں (۵۹) پس فرعون لوٹ گیا اور اس نے اپنے ہتھکنڈے جمع کئے پھر آ گیا (۶۰) موسیٰ (علیہ السلام) نے ان سے کہا تمہاری شامت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا تَفۡتَرُوۡا | لَا تَ فۡ تَ رُوۡ | تم نہ باندھو | ف ر ی | مُفتَری (بُہتان طراز)، اِفتراء پردازی کِذب و اِفتِراء، مُفتَری لوگ |
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَلّ لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | كَذِبًا | کَ ذِ بَنۡ | جھوٹ | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | فَيُسۡحِتَكُمۡ | فَ یُسۡ حِ تَ کُ مۡ | ورنہ وہ تمہیں تباہ کر دے گا | س ح ت | |
| | بِعَذَابٍ ج | بِ عَ ذَا ب | کسی عذاب کے ساتھ | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم عَذابِ آخرت |
| | وَقَدۡ | وَ قَ دۡ | اور یقیناً | | عَدل و اِنصاف، قَول وقَرار، مکروفریب |
| | خَابَ | خَا بَ | ناکام ہوا | خ ی ب | خسارہ اُٹھانے والا، خائِب وخاسِر |
| | مَنِ | مَ نِ | وہ شخص جس نے | | |
| | افۡتَرٰى ۞ | فۡ تَ رَا | جھوٹ باندھا | ف ر ی | مُفتَری (بُہتان طراز)، اِفتراء پردازی کِذب و اِفتِراء، مُفتَری لوگ |

لَا تَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسۡحِتَكُمۡ بِعَذَابٍ ج وَقَدۡ خَابَ مَنِ افۡتَرٰى ۞

آ چکی، اللہ تعالیٰ پر جھوٹ اور افترا نہ باندھو کہ وہ تمہیں عذابوں سے ملیا میٹ کر دے، یاد رکھو وہ کبھی کامیاب نہ ہو گا جس نے جھوٹی بات گھڑی (۶۱)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۲ | فَتَنَازَعُوۡۤا | فَ تَ نَا زَ عُوۡ.. | پس انہوں نے اختلاف کیا | ن ز ع | تنازُعہ، مُتنازِعہ مَعاملات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْرَهُمْ | اَمْ رَ هُمْ | اپنے معاملے میں | ء م ر | اَمْرِ رَبِّی، اَمْر، آمِر، مَامُور |
| | بَيْنَهُمْ | بَ ئِ نَ هُمْ | آپس میں | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَاَسَرُّوا | وَ اَ سَ رُ | اور انہوں نے چپکے چپکے کی | س ر ر | سِرّی نماز، پُر اَسرار، اَسرار و رُموز |
| | النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ | ن نَ جْ وَا | سرگوشی | ن ج و | نَجوٰی (سرگوشی کرنا)، مُناجی ہونا |
| ٦٣ | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اِنْ هٰذٰنِ | اِنْ ہَا ذَا نِ | بلاشبہ یہ دونوں | | لِہٰذا، ہٰذا مِن فَضلِ رَبّی |
| | لَسٰحِرٰنِ | لَ سَا حِ رَا نِ | یقیناً جادوگر ہیں | س ح ر | سِحر بَیَانی، ساحِر، مَسحُورکُن (جادو زدہ) |

**فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ**

پس یہ لوگ آپس کے مشوروں میں مختلف رائے ہو گئے اور چھپ کر چپکے چپکے مشورہ کرنے لگے ﴿٦٢﴾ کہنے لگے یہ دونوں محض جادوگر ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُرِيْدٰنِ | یُ رِیْ دَا نِ | دونوں چاہتے ہیں | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُرِیدِ صادِق |
| | اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ | اَ ئیں یُ خْ رِ جَا کُ مْ | یہ کہ تمہیں نکال دیں | خ ر ج | خارِج، وَزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |
| | مِّنْ اَرْضِكُمْ | مِنْ اَرْ ضِ کُ مْ | تمہاری سرزمین سے | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرہ اَرض |
| | بِسِحْرِهِمَا | بِ سِ حْ رِ ہِ مَا | اپنے جادو کے ذریعے سے | س ح ر | سِحر بَیَانی، ساحِر، مَسحُورکُن (جادو زدہ) |
| | وَيَذْهَبَا | وَ یَ ذْ ہَ بَا | اور وہ لے جائیں (برباد کر دیں) | ذ ه ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبیّت، ذَہاب، مَذہَب، بَینَ المَذاہِب |
| | بِطَرِيْقَتِكُمُ | بِ طَ رِیْ قَ تِ کُ مُ | تمہارا طریقہ | ط ر ق | طَرِیق (سعودی عرب میں سب سے زیادہ بولا جاتا ہے) طُرُق (راستے)، سُنّت طَرِیقہ |

**يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ**

اور ان کا پختہ ارادہ ہے کہ اپنے جادو کے زور سے تمہیں تمہارے ملک سے نکال باہر کریں اور تمہارے بہترین مذہب کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ | لْ مُثْ لَا | نہایت عمدہ | م ث ل | مِثالی، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثالیں |
| ٦٤ | فَاَجْمِعُوْا | فَ اَ جْ مِ عُوْ | لہٰذا تم پختہ کر لو | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| | كَيْدَكُمْ | کَ ئِ دَ کُ مْ | اپنی تدبیریں | ك ی د | کَائِد، مَکائِد (مکار) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمِین |
| | ائْتُوْا | x تُوْ | تم آجاؤ | ء ت ی | |
| | صَفًّا ج | صَف فَا | صف باندھ کر | ص ف ف | صُفُوف، صَف آراء ہونا، صَف بَندی، نمازی کی صف |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | اور یقیناً | | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مَکروفریب |
| | اَفْلَحَ | اَفْ لَ حَ | کامیاب ٹھہرا | ف ل ح | فَلَاح وبَہبود، حَیَّ عَلَى الفَلَاح |
| | الْيَوْمَ | لْ یَا وْ مَ | آج کے دن | ی و م | یَومِ قائِد، یَومِ اِقبال، یَومِ عِید |
| | مَنِ | مَ نِ | وہ شخص جو | | |
| | اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ | سْ تَ عْ لَا | غالب آیا | ع ل و | عُلُوّ، عُلیا، اَعلیٰ وارفع، عالی مَقام |

الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ج وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾

برباد کریں ﴿٦٣﴾ تو تم بھی اپنا کوئی داؤ اٹھا نہ رکھو، پھر صف بندی کر کے آؤ، جو آج غالب آگیا وہی بازی لے گیا ﴿٦٤﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٥ | قَالُوْا | قَا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | يٰمُوْسٰى | یَا مُوْسَا.. | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِمَّآ اَنْ | اِم مَا.. اَنْ | یا تو یہ ہے کہ | | |
| | تُلْقِيَ | تُ لْ قِ یَ | تو ڈالے | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | وَاِمَّآ اَنْ | وَ اِمَا.. اَنْ | اور یا یہ کہ | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکَت، عَقل وشُعُور |
| | نَّكُوْنَ | نَ کُوْ نَ | ہم ہی ہوں | ك و ن | |
| | اَوَّلَ | اَو وَ لَ | پہلے | ء و ل | اَوَّل، اُولیٰ، اَوَائِل، اَوَّل وآخر |
| | مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ | مَنْ اَلْ قَا | جو ڈالیں گے؟ | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| ٦٦ | قَالَ | قَا لَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ

کہنے لگے کہ اے موسیٰ! یا تو تُو پہلے ڈال یا ہم پہلے ڈالنے والے بن جائیں ﴿۶۵﴾ جواب دیا کہ نہیں تم ہی پہلے ڈالو،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْقُوْا ج | اَلْ قُوْ | تم ہی (پہلے) ڈالو | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | (انہوں نے ڈالیں) تو اچانک | | |
| | حِبَالُهُمْ | حِ بَا لُ ہُمْ | ان کی رسیاں | ح ب ل | حَبالہ، حَبلُ اللہ (اللہ کی رسّی) |
| | وَعِصِيُّهُمْ | وَ عِ صِی یُ ہُمْ | اور ان کی لاٹھیاں | ع ص و | عَصَا (لاٹھی)، عَصاءِ مُوسیٰ علیہ السلام |
| | يُخَيَّلُ | یُ خَیْ یَ لُ | خیال میں ڈالا گیا | خ ی ل | خَیال ومحَال، خَیالات، تخیُّل |
| | اِلَيْهِ | اِ لَیْ ہِ | اس (موسیٰ) کے | | رُجوع اِلیَ اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | مِنْ سِحْرِهِمْ | مِنْ سِ حْ رِ ہِمْ | ان کے جادو کی وجہ سے | س ح ر | سِحرِ بَیانی، ساحِر، مَسحُور کُن (جادو زدہ) |
| | اَنَّهَا | اَنْ نَ ہَا | کہ بے شک وہ | | |
| | تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ | تَسْ عَا | دوڑ رہی ہیں | س ع ی | سَعی لاحاصل، سَعیِ بسیار، سَعی بَینَ الصَّفا والمَروۃ |

اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾

اب تو موسیٰ (علیہ السلام) کو یہ خیال گزرنے لگا کہ ان کی رسیاں اور لکڑیاں ان کے جادو کے زور سے دوڑ بھاگ رہی ہیں ﴿۶۶﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٧ | فَاَوْجَسَ | فَ آ وْ جَ سَ | تو محسوس کیا | و ج س | |
| | فِيْ نَفْسِهٖ | فِیْ نَفْ سِ ہِیْ | اپنے دل میں | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسا نَفسی، مُتَنفِّس |
| | خِيْفَةً | خِیْ فَ ۃً | خوف | خ و ف | خَوف، خَائِف، مَخافۃُ اللہ، خوفزدہ |
| | مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ | م مُوْ سَا | موسیٰ نے | | حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی کا نام |
| ٦٨ | قُلْنَا | قُ لْ نَا | ہم نے کہا: | ق و ل | قول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَا تَخَفْ | لَا تَ خَفْ | تو مت ڈر | خ و ف | خَوف، خَائِف، مَخافۃُ اللہ، خوفزدہ |
| | اِنَّكَ اَنْتَ | اِنْ نَ کَ اَنْ تَ | بلاشبہ تو ہی | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَعْلٰى ۞۶۸ | لْ اَ عْ لَا | غالب ہے | ع ل و | عُلُوّ، عَلیا، اَعلیٰ و ارفع، عالی مقام |

فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ۞۶۷ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۞۶۸

پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے دل ہی دل میں ڈر محسوس کیا۶۷ ہم نے فرمایا کچھ خوف نہ کر یقیناً تو ہی غالب اور برتر رہے گا۶۸

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹ | وَ اَلْقِ | وَ اَ لْ قِ | اور تو (اپنی لاٹھی) ڈال | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | مَا | مَا | جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | فِيْ يَمِيْنِكَ | فِيْ يَ مِيْ نِ كَ | تیرے دائیں ہاتھ میں ہے | ی م ن | یَمین و یَسار (دائیں بائیں)، مَیمنہ و مَیسرہ |
| | تَلْقَفْ | تَ لْ قَفْ | وہ نگل جائے گی | ل ق ف | |
| | مَا صَنَعُوْا ط | مَا صَ نَ عُوْ | اس کو جو کچھ انہوں نے بنایا ہے | ص ن ع | صَنعت کاری، صَنعتی شہر، مَصنُوعات |
| | اِنَّمَا صَنَعُوْا | اِنْ نَ مَا صَ نَ عُوْ | بلاشبہ انہوں نے جو کچھ بنایا ہے | ص ن ع | صَنعت کاری، صَنعتی شہر، مَصنُوعات |
| | كَيْدُ سٰحِرٍ ط | كَا ئِ دُ سَا حِ رْ | جادوگر کا فریب ہے | ك ی د | کائد، مکائد (مکار) |
| | وَلَا يُفْلِحُ | وَ لَا يُفْ لِ حُ | اور کامیاب نہیں ہوتا | ف ل ح | فلاح و بہبود، حَیَّ عَلَی الفَلاح |

وَ اَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ط اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ط وَلَا يُفْلِحُ

اور تیرے دائیں ہاتھ میں جو ہے اسے ڈال دے کہ انکی تمام کاریگری کو وہ نگل جائے، انہوں نے جو کچھ بنایا ہے یہ صرف جادوگروں کے کرتب ہیں اور جادوگر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | السّٰحِرُ | سْ سَا حِ رُ | جادوگر | س ح ر | سِحر بیانی، ساحر، مَسحُور کُن (جادو زدہ) |
| | حَيْثُ | حَا ئِ ثُ | جس جگہ بھی | ح ی ث | مِن حَیثُ القوم، بحَیثیت |
| | اَتٰى ۞۶۹ | آ تَا | وہ (حق کے مقابل) آئے | ء ت ی | |
| ۷۰ | فَاُلْقِيَ | فَ اُلْ قِ يَ | بالآخر گرا دیئے گئے | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | السَّحَرَةُ | سْ سَ حَ رَ ةُ | جادوگر | س ح ر | سِحر بیانی، ساحر، مَسحُور کُن (جادو زدہ) |
| | سُجَّدًا | سُجْ جَ دَنْ | سجدے میں | س ج د | سجدہ، ساجد، مسجود، سجدہ گاہ، مَسجد |
| | قَالُوْٓا | قَا لُوْ | (اور) انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰمَنَّا | آ مَنْ نَا | ہم ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، اِیمان |
| | بِرَبِّ | بِ رَبْ بِ | رب پر | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | هٰرُوْنَ | ہَا رُوْ نَ | ہارون | | حضرت ہارون علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ | وَ مُوْ سَا | اور موسیٰ کے | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |

السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾

کہیں سے بھی آئے کامیاب نہیں ہوتا﴿٦٩﴾ اب تو تمام جادوگر سجدے میں گر پڑے اور پکار اُٹھے کہ ہم تو ہارون اور موسیٰ (علیہما السلام) کے رب پر ایمان لائے﴿٧٠﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۱ | قَالَ | قَا لَ | اس (فرعون) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اٰمَنْتُمْ | آ مَنْ تُمْ | (کیا) تم ایمان لائے ہو | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، اِیمان |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس پر | | |
| | قَبْلَ | قَبْ لَ | پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | اَنْ | اَنْ | اس سے کہ | | |
| | اٰذَنَ | آ ذَ نَ | میں اجازت دوں | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، اِذنِ اِلٰہی، اِذنِ عام |
| | لَكُمْ ۚ | لَ كُ مْ | تمہیں؟ | | |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ وہ (موسیٰ) | | |
| | لَكَبِيْرُكُمُ | لَ كَ بِيْ رُ كُ مُ | یقیناً تمہارا بڑا ہے | ك ب ر | کِبَر، اَکبَر، کُبریٰ، کَبِیر، تَکَبُّر |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِ یْ | وہ جس نے | | |
| | عَلَّمَكُمُ | عَلْ لَ مَ كُ مُ | تمہیں سکھایا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | السِّحْرَ ۚ | س سِ حْ رَ | جادو | س ح ر | سِحر بَیَانی، سَاحِر، مَسحُور کُن (جادو زدہ) |

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ

فرعون کہنے لگا کہ کیا میری اجازت سے پہلے ہی تم اس پر ایمان لے آئے؟ یقیناً یہی تمہارا وہ بڑا بزرگ ہے جس نے تم سب کو جادو سکھایا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَلَاُقَطِّعَنَّ | فَ لَ اُ قَطْ طِ عَنْ نَ | لہٰذا یقیناً میں ضرور بُری طرح کاٹوں گا | ق ط ع | قاطع بِدعت، قطع تعلّق، قطع رحمی |
| | اَيْدِيَكُمْ | آئِ دِ یَ کُ مْ | تمہارے ہاتھ | ی د ی | یدِبیضا، یدِطولیٰ، رفع یدین، قطع ید |
| | وَ اَرْجُلَكُمْ | وَ اَ رْ جُ لَ کُ مْ | اور تمہارے پاؤں | ر ج ل | رِجل (واحد، پاؤں)، اَرجُل (جمع) |
| | مِّنْ خِلَافٍ | مِنْ خِ لَا فِنْ اُوں | ایک دوسرے کی مخالف جانب سے | خ ل ف | خلاف، مُخالفت، مُخالِف، اِختلاف |
| | وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ | وَلَ اُصَلْ لِ بَنْ نَ کُمْ | اور یقیناً میں تمہیں ضرور بُری طرح سُولی دوں گا | ص ل ب | صَلیب کا نشان، صَلیبی جنگیں |
| | فِيْ جُذُوْعِ | فِیْ جُذُوْعِن | تنوں پر | ج ذ ع | اَلجِذعُ (درخت کا تنا)، جُذُوع (تنے) |
| | النَّخْلِ | نَ خْ لِ | کھجور کے | ن خ ل | نَخل، نخلستان، نَخلِ مَرقد (قبر پر کھجور) |

فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۫

(سن لو) میں تمہارے ہاتھ پاؤں اُلٹے سیدھے کٹوا کر تم سب کو کھجور کے تنوں میں سولی لٹکوا دوں گا، اور تمہیں پوری طرح معلوم ہو جائے گا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَ لَتَعْلَمُنَّ | وَلَ تَ عْ لَ مُنْ نَ | اور یقیناً تم ضرور جان لوگے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| | اَيُّنَآ | آ یْ یُ نَا.. | کہ ہم میں سے کون | | |
| | اَشَدُّ | اَ شَ دْ دُ | زیادہ سخت ہے | ش د د | شَدید، شِدّت، اَشد ضروری |
| | عَذَابًا | عَ ذَ ا بَا ؤں | عذاب دینے میں | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |
| | وَّ اَبْقٰى ۝٧١ | وَاَبْ قَا | اور زیادہ باقی رہنے والا ہے؟ | ب ق ی | بَاقی، بَقیہ مَواد، بَقا، بَقایا |
| ٧٢ | قَالُوْا | قَالُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَنْ نُّؤْثِرَكَ | لَنْ نُ x ثِ رَ کَ | تجھے ہم ہرگز ترجیح نہیں دیں گے | ء ث ر | اثر، آثار، اثر و رسوخ |
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | ان پر جو | | عَلیٰ وجہِ البَصیرت، عَلَی الاِعلان، مَاحول، مَافوقِ الفطرت، مَاجرہ |
| | جَآءَنَا | جَا...ءَ نَا | ہمارے پاس آئیں | ج ی ء | |

وَ لَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّ اَبْقٰى ۝٧١ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا

ہم میں سے کس کی مار زیادہ سخت اور دیرپا ہے ۝٧١ انہوں نے جواب دیا کہ ناممکن ہے کہ ہم تجھے ترجیح دیں ان دلیلوں پر جو ہمارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْبَيِّنٰتِ | مِ نَل بَا ئِ يِ نَا تِ | واضح دلیلیں | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلِیل بَیِّن |
| | وَالَّذِىْ | وَل لَ ذِ ىْ | اوراس ذات پر جس نے | | عَدل واِنصاف، قَول وقَرار، مَکروفریب |
| | فَطَرَنَا | فَ طَ رَ نَا | ہمیں پیدا کیا | ف ط ر | فَاطِر (پیدا کرنے والا) سُورَۃ فَاطِر |
| | فَاقْضِ | فَقْ ضِ | لہٰذا تو کرلے | ق ض ی | قضاوقدر، قَضَائے اِلٰہی، قَاضی |
| | مَآ | مَا.. | جو کچھ بھی | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفطرت، مَاتحت |
| | اَنْتَ قَاضٍ ؕ | اَنْ تَ قَا ض | تُو کرسکتا ہے | ق ض ی | قضاوقدر، قَضَائے اِلٰہی، قَاضی |
| | اِنَّمَا | اِن نَ مَا | بس | | |
| | تَقْضِىْ | تَقْ ضِىْ | تُو تو فیصلہ کرسکتا ہے | ق ض ی | قضاوقدر، قَضَائے اِلٰہی، قَاضی |
| | هٰذِهِ | هَا ذِ هِ | اس | | لہٰذا، ہٰذا مِن فَضْلِ رَبِّیْ |

**مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِىْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِىْ هٰذِهِ**

سامنے آچکیں اور اس اللہ تعالیٰ پر جس نے ہمیں پیدا کیا ہے، اب تو تُو جو کچھ کرنے والا ہے کر گزر، تُو جو کچھ بھی حکم چلا سکتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْحَيٰوةَ | لْ حَ يَا ةَ | زندگی ہی کا | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنْيَا ؕ ۷۲ | دُ دُنْ يَا | دنیاوی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زندگی |
| ۷۳ | اِنَّآ اٰمَنَّا | اِن نَا.. آ مَن نَا | بلاشبہ ہم ایمان لاچکے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومِن، اِیمان |
| | بِرَبِّنَا | بِ رَب بِ نَا | اپنے رب پر | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | لِيَغْفِرَ | لِ يَ غْ فِ رَ | تاکہ وہ بخش دے | غ ف ر | غَفّار، عَبدُ الغفور، غَافِر، اِستِغفار |
| | لَنَا | لَ نَا | ہمیں | | |
| | خَطٰيٰنَا | خَ طَا يَا نَا | ہماری خطائیں | خ ط ی | خطا، اِخطاء، مُخطی، خَطَائیں |
| | وَمَآ | وَ مَا.. | اور وہ (جرم) بھی کہ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفطرت، مَاتحت |
| | اَكْرَهْتَنَا | اَكْ رَهْ تَ نَا | تو نے ہمیں مجبور کیا | ك ر ه | کَراہت، مَکرُوہ، مَکرُوہ تحریمی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس (کے کرنے) پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |

اَلْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۟ؕ اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَاۤ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ

وہ اس دنیوی زندگی میں ہی ہے ۷۲ ہم (اس امید سے) اپنے پروردگار پر ایمان لائے کہ وہ ہماری خطائیں معاف فرما دے اور (خاص

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ السِّحْرِ ؕ | مِ نَس سِ حْ رِ | (یعنی) جادو کرنے کا | س ح ر | سِحرِبَیَانِی، سَاحِر، مَسحُورکُن (جادو زدہ) |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | خَيْرٌ | خَا ئِ رُوں | بہت بہتر | خ ی ر | خَیرخَواہی، خَیروشَر، خَیروبَرَکَت |
| | وَّ اَبْقٰى ۷۳ | وَ اَبْ قَا | اور سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہے | ب ق ی | بَاقِی، بَقِیہ مَوَاد، بَقا، بَقَایَا |
| ۷۴ | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُو | بے شک شان یہ ہے | | |
| | مَنْ يَّاْتِ | مَا ئِیں یَ x تِ | جو شخص آئے گا | ء ت ی | |
| | رَبَّهٗ | رَب بَ ہُو | اپنے رب کے پاس | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | مُجْرِمًا | مُ جْ رِ مَنْ | مجرم (کافر ومشرک) بن کر | ج ر م | جُرم، مُجرِم، فَردِ جُرم، جَرَائِم پیشَہ |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | تو بلاشبہ | | |
| | لَهٗ | لَ ہُو | اس کے لئے | | |

مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ۷۳ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ

کر) جادوگری (کا گناہ) جس پر تم نے ہمیں مجبور کیا ہے، اللہ تعالیٰ ہی بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے ۷۳ بات یہی ہے کہ جو بھی گنہگار بن کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَهَنَّمَ ؕ | جَ ہَن نَ مَ | جہنم (تیار) ہے | | جَہَنَّم کا عذاب، جَہَنَّم کی وادی |
| | لَا يَمُوْتُ | لَا یَ مُو تُ | وہ نہ مرے گا | م و ت | مَوت، اَموَات، حَیَات ومَمَات |
| | فِيْهَا | فِی ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | وَلَا يَحْيٰى ۷۴ | وَلَا یَ حْ یَا | اور نہ جئے گا | ح ی ی | حَیَاتِ جَاوِدَانی، حَیُّ قَیُّوم، حَیَاتِ طَیِّبَہ، جنگلی حَیَات |
| ۷۵ | وَمَنْ | وَ مَا ئِیں | اور جو شخص | | سَیروسَیَاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب وروز |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَّاْتِهٖ | یَ x تِ ہِیْ | آئے گا اس کے پاس | ء ت ی | |
| | مُؤْمِنًا | مُ x مِ نَنْ | مؤمن ہو کر | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | قَدْ عَمِلَ | قَ دْ عَ مِ لَ | جبکہ اس نے عمل کئے ہونگے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صُلح، صَالِحِین، صُلحاء، اَعمالِ صَالِح |

جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝٧٤ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ

اللہ تعالیٰ کے ہاں حاضر ہوگا اس کے لئے دوزخ ہے، جہاں نہ موت ہوگی اور نہ زندگی ۝٧٤ اور جو بھی اس کے پاس ایماندار ہوکر حاضر ہوگا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاُولٰٓئِكَ | فَ اُلَا... ءِ کَ | تو یہ لوگ | | |
| | لَهُمُ | لَ ہُمُ | انہی کے لئے | | |
| | الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝٧٥ | د دَ رَ جَا تُ لْ عُ لَا | بہت بلند درجے ہیں | د ر ج<br>ع ل و | دَرجَہ بَدَرجَہ، اللہ دَرجات بلند کرے<br>عُلُوّ، عُلیَا، اَعلیٰ و اَرفَع، عَالی مَقام |
| ٧٦ | جَنّٰتُ | جَن نَا تُ | (یعنی) باغات | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البَقیع |
| | عَدْنٍ | عَ دْ نِنْ | ہمیشگی کے | ع د ن | |
| | تَجْرِيْ | تَ جْ رِیْ | بہتی ہیں | ج ر ی | جَاری وسَاری، اِجراء، جرَیان |
| | مِنْ تَحْتِهَا | مِنْ تَ حْ تِ ہَ | ان کے نیچے | ت ح ت | تحتَ الشُّعور، مَاتحت، تحتَ الارض |
| | الْاَنْهٰرُ | لْ اَنْ ہَا رُ | نہریں | ن ھ ر | نَہر، اَنہار، نَہر جاری، نَہرِ زُبیدہ |

فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝٧٥ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اور اس نے اعمال بھی نیک کئے ہوں گے اس کے لئے بلند و بالا درجے ہیں ۝٧٥ ہمیشگی والی جنتیں جن کے نیچے نہریں لہریں لے رہی ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خٰلِدِيْنَ | خَا لِ دِیْ نَ | وہ ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلدِ بَریں، خُلُود (ہمیشگی)، خَالِدَہ (نام) |
| | فِيْهَا ؕ | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | وَذٰلِكَ | وَ ذَا لِ کَ | اور یہ | | عَدل واِنصاف، قَول وقَرار، مَکر وفریب |
| | جَزٰٓؤُا | جَ زَا ... ءُ | جزا ہے | ج ز ی | جَزَائے خیر، جَزَاکُمُ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ | مَنْ | اس شخص کو جو | | |
| | تَزَكّٰى ﴿٧٦﴾ | تَ زَ کْ کَا | پاک ہوا | ز ك و | تزکیہ، مُزَکّی، تزکیہ نفس |
| ٧٧ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | اَوْحَيْنَآ | اَوْ حَا ئِی نَا.. | ہم نے وحی کی | و ح ی | وحی متلو، وحی غیر متلو، وحی کا آنا |
| | اِلٰى مُوْسٰى | اِلَا مُوْسَا.. | موسیٰ کی طرف | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿٧٦﴾ وَ لَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰىۙ اَنْ

جہاں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے، یہی انعام ہے ہر اس شخص کا جو پاک ہوا ﴿٧٦﴾ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کی طرف وحی نازل فرمائی کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَسْرِ | اَسْ رِ | تورات کو (نکال) لے جا | س ر ی | سیر و تفریح، صبح کی سیر، سیّارہ |
| | بِعِبَادِىْ | بِ عِ بَا دِ یْ | میرے بندے | ع ب د | عبداللہ، عباد، عبادالرحمٰن |
| | فَاضْرِبْ | فَضْ رِ بْ | پھر تو بنا | ض ر ب | ضرب المثل، ضارب |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | طَرِيْقًا | طَ رِیْ قَنْ | راستہ | ط ر ق | طریق (سعودی عرب میں سب سے زیادہ بولا جاتا ہے) طُرُق (راستے)، سنّت طریقہ |
| | فِى الْبَحْرِ | فِلْ بَ حْ رِ | سمندر میں | ب ح ر | بحرِ ہند، بحیرہ عرب، بحر اوقیانوس |
| | يَبَسًا | یَ بَ سَ | خشک | ی ب س | رطب و یابس، یبوست |
| | لَّا تَخٰفُ | لَا تَ خَا فُ | (اس حال میں کہ) نہ تجھے خوف ہوگا | خ و ف | خوف، خائف، مخافۃ اللہ، خوفزدہ |
| | دَرَكًا | دَ رَ کَا ؤں | پکڑے جانے کا | د ر ك | ادراک کرنا، فہم و ادراک |
| | وَّلَا | وَ لَا | اور نہ | | لا الٰہ الا اللہ |

اَسْرِ بِعِبَادِىْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِى الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّ لَا

تُو راتوں رات میرے بندوں کو لے چل، اور ان کے لئے دریا میں خشک راستہ بنالے، پھر نہ تجھے کسی کے آ پکڑنے کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَخْشٰى ۝٧٧ | تَ خْ شَا | تو ڈرے گا (ڈوبنے سے) | خ ش ی | خَشیَّتِ الٰہی، خَشیَّتِ طاری ہونا |
| ٧٨ | فَاَتْبَعَهُمْ | فَ اَتْ بَ عَ هُمْ | پھر ان کے پیچھے لگا | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | فِرْعَوْنُ | فِ رْ عَا ؤْ نُ | فرعون | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | بِجُنُوْدِهٖ | بِ جُ نُوْ دِ ہِیْ | اپنے لشکروں سمیت | ج ن د | جُنُودِ شام، جُنُودِ جالُوت، جُنُودِ کُفّار |
| | فَغَشِيَهُمْ | فَ غَ شِ یَ هُمْ | تو انہیں ڈھانپ لیا | غ ش ی | غاشِیہ (ڈھانپنے والی)، غَشی طارِی ہونا |
| | مِّنَ الْيَمِّ | مِ نَلْ یَمْ مِ | سمندر سے | ی م م | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | مَا | مَا | جس چیز نے | | ما شاءَ اللہ، مافوقَ الفطرت، ماتحت |
| | غَشِيَهُمْ ۝٧٨ | غَ شِ یَ هُمْ | انہیں ڈھانپا | غ ش ی | غاشِیہ (ڈھانپنے والی)، غَشی طارِی ہونا |

تَخْشٰى ۝٧٧ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝٧٨

خطرہ ہو گا نہ ڈر ۝٧٧ فرعون نے اپنے لشکروں سمیت ان کا تعاقب کیا پھر تو دریا ان سب پر چھا گیا جیسا کچھ چھا جانے والا تھا ۝٧٨

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٩ | وَاَضَلَّ | وَ اَ ضَلْ لَ | اور گمراہ کیا | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گُمراہی |
| | فِرْعَوْنُ | فِ رْ عَا ؤْ نُ | فرعون نے | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | قَوْمَهٗ | قَا ؤْ مَ ہُوْ | اپنی قوم کو | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | وَمَا هَدٰى ۝٧٩ | وَ مَا هَ دَا | اور نہ بتائی (سیدھی) راہ | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |
| ٨٠ | يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | یَا بَ نِیْ۔۔اِسْ رَا۔۔۔ءِیْ لَ | اے بنی اسرائیل! | ب ن و | اِبن، اَبناء، بَنُون، بَنات، اِبنِ عُمَر |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | اَنْجَيْنٰكُمْ | اَنْ جَا یْ نَا کُ مْ | ہم نے تمہیں نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقۂ ناجیہ، نَجات دہندہ |
| | مِّنْ | مِنْ | سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |

وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۝٧٩ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ

فرعون نے اپنی قوم کو گمراہی میں ڈال دیا اور سیدھا راستہ نہ دکھایا ۝٧٩ اے بنی اسرائیل! دیکھو ہم نے تمہیں تمہارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَدُوِّكُمْ | عَ دُ وْ وِ کُ مْ | تمہارے دشمن | ع د و | عَدُو، عَداوت، عُدوان، تَعَدِّی |
| | وَوٰعَدْنٰكُمْ | وَ وَا عَ دْ نَا کُ مْ | اور ہم نے تم سے وعدہ کیا | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ و وَعید، وَعدہ کرنا |
| | جَانِبَ | جَانِ بَ | جانب کا | ج ن ب | مِنْ جَانِبْ |
| | الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ | طُوْ رِلْ اَیْ مَ نَ | طور (پہاڑ) کی دائیں | ط و ر<br>ی م ن | سُورہ طُور، قومِ طُور، طُور پہاڑ<br>یَمین و یَسار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمّ اَیمَن |
| | وَنَزَّلْنَا | وَ نَزْ زَلْ نَا | اور ہم نے نازل کیا | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | عَلَيْكُمُ | عَ لَا ئْ کُ مُ | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | الْمَنَّ | لْ مَنْ نَ | مَن (کوئی میٹھی چیز) | م ن ن | مَنّ و سَلویٰ (آسمان سے نازل شدہ کھانا)<br>مَنّ و سَلویٰ (آسمانی کھانا)، سَلویٰ گھی مِل |
| | وَالسَّلْوٰى ۝٨٠ | وَ س سَلْ وَا | اور سَلوٰی<br>(بٹیر جیسے پرندے) | س ل و | مَنّ و سَلویٰ (آسمان سے نازل شدہ کھانا)<br>مَنّ و سَلویٰ (آسمانی کھانا)، سَلویٰ گھی مِل |

عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝٨٠

دشمن سے نجات دی اور تم سے کوہ طور کی دائیں طرف کا وعدہ کیا اور تم پر من و سلویٰ اتارا ۝٨٠

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨١ | كُلُوْا | کُ لُوْ | تم کھاؤ | ء ك ل | اَکْلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | مِنْ طَيِّبٰتِ | مِنْ طَائْ یِ بَاتِ | پاکیزہ چیزوں سے | ط و ب | طَیِّب، کَلمۂ طَیِّبہ، مَدینۂ طَیِّبہ |
| | مَا رَزَقْنٰكُمْ | مَا رَزَقْ نَا کُ مْ | جو ہم نے تمہیں رزق دیا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزَّاق، رِزقِ حلال |
| | وَلَا تَطْغَوْا | وَلَا تَ طْ غَاوْ | اور تم سرکشی نہ کرو | ط غ ی | طُغیانی، سَمُندر میں طُغیانی، طاغُوت |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | فَيَحِلَّ | فَ یَ حِلْ لَ | ورنہ (اس کی وجہ سے)<br>اُترے گا | ح ل ل | عُقدہ حَل کرنا، عُقدہ حَل ہونا |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئْ کُ مْ | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | غَضَبِيْ ج | غَ ضَ بِیْ | میرا غضب | غ ض ب | غَضبناک، غَضبِ اِلٰہی |

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ج

تم ہماری دی ہوئی پاکیزہ روزی کھاؤ، اور اس میں حد سے آگے نہ بڑھو، ورنہ تم پر میرا غضب نازل ہوگا، اور جس پر میرا غضب نازل

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَنْ | وَمَائِنْ | اور وہ شخص کہ | | رحم وکرم، شان وشوکت، عقل وشعور |
| | يَّحْلِلْ | یَ حْ لِلْ | اُترے | ح ل ل | حلول ہونا، حل ہونا، محلِّ نظر |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس پر | | علی الاعلان، علی العموم |
| | غَضَبِىْ | غَ ضَ بِیْ | میرا غضب | غ ض ب | غضبناک، غضبِ الٰہی |
| | فَقَدْ | فَ قَ دْ | تو یقیناً | | |
| | هَوٰى ﴿٨١﴾ | ہَ وَا | وہ تباہ ہوگیا | ھ و ی | |
| ٨٢ | وَاِنِّىْ | وَاِن نِیْ | اور بلاشبہ میں | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |
| | لَغَفَّارٌ | لَ غَف فَارُ | یقیناً بہت بخشنے والا ہوں | غ ف ر | غفّار، عبدُالغفور، غافر، استغفار |
| | لِّمَنْ | ل لِ مَنْ | اس شخص کو جس نے | | |
| | تَابَ | تَا بَ | توبہ کی | ت و ب | توبہ تائب، تائبین، توبۃُالنّصوح |
| | وَاٰمَنَ | وَ آ مَ نَ | اور ایمان لایا | ء م ن | اَمن واَمان، مؤمن، ایمان |

**وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِىْ فَقَدْ هَوٰى ﴿٨١﴾ وَاِنِّىْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ**

ہو جائے وہ یقیناً تباہ ہوا ﴿٨١﴾ ہاں! بیشک میں انہیں بخش دینے والا ہوں جو توبہ کریں، ایمان لائیں، نیک عمل کریں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَمِلَ | وَ عَ مِ لَ | اور عمل کیے | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| | صَالِحًا | صَا لِ حَنْ | نیک | ص ل ح | صالحین صلحاء، اعمالِ صالح |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمّ آمین |
| | اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾ | ہْ تَ دَا | وہ سیدھی راہ پہ رہا | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |
| ٨٣ | وَمَآ | وَ مَا.. | اور کون سی چیز | | ماشاءَاللہ، مافوق الفطرت، ماتحت |
| | اَعْجَلَكَ | اَ عْ جَ لَ کَ | تجھے جلدی لے آئی | ع ج ل | عُجلت پسندی، عاجل، مہرِ مُعجّل |
| | عَنْ قَوْمِكَ | عَنْ قَا وْ مِ کَ | اپنی قوم سے؟ | ق و م | قوم، اقوام، مسلم قوم، قومِ موسیٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یٰمُوْسٰی ﴿٨٣﴾ | یَا مُوْسَا | اے موسیٰ! | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ٨٤ | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |

وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٨٣﴾ قَالَ

اور راہ راست پر بھی رہیں ﴿٨٢﴾ اے موسیٰ! تجھے اپنی قوم سے (غافل کر کے) کون سی چیز جلدی لے آئی؟ ﴿٨٣﴾ کہا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُمْ اُولَآءِ | هُمْ اُلَا...ءِ | وہ لوگ | | |
| | عَلٰٓی اَثَرِیْ | عَ لَا... اَ ثَ رِیْ | میرے پیچھے (آرہے) ہیں | ء ث ر | اَثر، آثار، اَثر و رُسوخ |
| | وَعَجِلْتُ | وَ عَ جِلْ تُ | اور میں نے جلدی کی | ع ج ل | عُجلت پسندی، عاجل، مہرِ مُعجّل |
| | اِلَيْكَ | اِ لَا ئِیْ کَ | تیری طرف | | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | رَبِّ | رَ ب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | لِتَرْضٰی ﴿٨٤﴾ | لِ تَ رْضَا | تاکہ تو راضی ہو جائے | ر ض و | راضی، مَرضی، رَضائے اِلٰہی |
| ٨٥ | قَالَ | قَا لَ | اس (اللہ) نے فرمایا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | فَاِنَّا | فَ اِن نَا | پس بے شک ہم نے | | |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | فَتَنَّا | فَ تَن نَا | آزمائش میں ڈال دیا ہے | ف ت ن | فِتنہ پرور، شدید فِتنہ، فِتنہ باز |

هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓی اَثَرِیْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿٨٤﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا

وہ لوگ بھی میرے پیچھے ہی پیچھے ہیں، اور میں نے اے رب! تیری طرف جلدی اس لئے کی کہ تو خوش ہو جائے ﴿٨٤﴾ فرمایا! ہم نے تیری قوم کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَوْمَكَ | قَا وْ مَ کَ | تیری قوم کو | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | مِنْۢ بَعْدِكَ | مِمْ بَ عْ دِ کَ | تیرے بعد | ب ع د | بَعد ازاں، بَعد از طعام، بَعید |
| | وَاَضَلَّهُمُ | وَ اَ ضَل لَ هُ مُ | اور انہیں گمراہ کر دیا ہے | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگمراہی |
| | السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ | س سَا مِ رِیْ یُ | سامری نے | س م ر | سامری (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا جادوگر) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٦ | فَرَجَعَ | فَ رَ جَ عَ | تب لوٹا | ر ج ع | رَاجِع، مَرْجَع، رُجُوع کرنا (بار بار پلٹنا) |
| | مُوْسٰى | مُوْ سَا.. | موسیٰ | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِلٰى قَوْمِهٖ | اِلَا قَاوْمِ ہِیْ | اپنی قوم کی طرف | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |

قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَ اَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰى اِلٰى قَوْمِهٖ

تیرے پیچھے آزمائش میں ڈال دیا اور انہیں سامری نے بہکا دیا ہے ﴿٨٥﴾ پس (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) سخت غضبناک ہو کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَضْبَانَ | غَضْ بَا نَ | غضبناک | غ ض ب | غضبناک، غَضَبِ اِلٰہی، غَیظ و غضب |
| | اَسِفًا ۚ | اَ سِ فَا | غمگین | ء س ف | کفِ اَفسوس مَلنا، تَاَسُّفًا (نہایت افسوس) |
| | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَاوْمِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | اَلَمْ يَعِدْكُمْ | اَلَمْ یَ عِ دْ کُ مْ | کیا تم سے وعدہ نہیں کیا تھا | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ و وَعِید، وَعدہ کرنا |
| | رَبُّكُمْ | رَ ب بُ کُ مْ | تمہارے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | وَعْدًا | وَ عْ دَنْ | وعدہ | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ و وَعِید، وَعدہ کرنا |
| | حَسَنًا ۬ | حَ سَ نَا | اچھا؟ | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسن، مُحسنات |
| | اَفَطَالَ | اَ فَ طَا لَ | کیا پھر لمبا ہو گیا تھا | ط و ل | طُول و عَرض، طَوالت، طَوِیل |

غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۬ اَفَطَالَ

رنج کے ساتھ واپس لوٹے اور کہنے لگے کہ اے میری قوم والو! کیا تم سے تمہارے پروردگار نے نیک وعدہ نہیں کیا تھا؟ کیا اُس کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْكُمُ | عَ لَا ئِیْ کُ مُ | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | الْعَهْدُ | لْ عَ ہْ دُ | عہد (زمانہ) | ع ھ د | عہد، مُعاہِد، مُعاہدہ، عہدِ خلافت |
| | اَمْ اَرَدْتُّمْ | اَمْ اَ رَتْ تُمْ | یا تم نے چاہا | ر و د | پختہ ارادہ، اِرادت، مُریدِ صادِق |
| | اَنْ يَّحِلَّ | اَ ئیں یَ حِ لْ لَ | یہ کہ اُترے | ح ل ل | حُلول، حِلّ و حرم، اہلِ حَلّ و عقد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَ ائَ کُ مْ | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | غَضَبٌ | غَ ضَ بُ | غضب | غ ض ب | غضبناک، غضبِ الٰہی، غیظ وغضب |
| | مِّنْ رَّبِّكُمْ | م مِر رَب بِ کُ مْ | تمہارے رب کی طرف سے؟ | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | فَاَخْلَفْتُمْ | فَ اَ خْ لَفْ تُمْ | لہٰذا تم نے خلاف ورزی کی | خ ل ف | خِلاف، مُخالَفت، مُخالِف، اِختلاف |

عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ

مدت تمہیں لمبی معلوم ہوئی؟ بلکہ تمہارا ارادہ ہی ہے کہ تم پر تمہارے پروردگار کا غضب نازل ہو؟ کہ تم نے میرے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾ | مَ وْ عِ دِیْ | میرے وعدے کی | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ وعید، وَعدہ کرنا |
| ۸۷ | قَالُوْا | قَا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | مَآ اَخْلَفْنَا | مَا.. اَ خْ لَفْ نَا | ہم نے خلاف ورزی نہیں کی | خ ل ف | خِلاف، مُخالَفت، مُخالِف، اِختلاف |
| | مَوْعِدَكَ | مَ وْ عِ دَ کَ | تیرے وعدے کی | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ وعید، وَعدہ کرنا |
| | بِمَلْكِنَا | بِ مَ لْ کِ نَا | اپنے اختیار سے | م ل ک | مِلک، مَلکیّت، اِملاک، مُلک |
| | وَلٰكِنَّا | وَ لَا کِن نَا | اور لیکن ہم سے | | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | حُمِّلْنَآ | حُم مِلْ نَا.. | اُٹھوایا گیا تھا | ح م ل | حَمل، وضعِ حَمل، اِسقاطِ حَمل |
| | اَوْزَارًا | اَوْ زَا رَ | کچھ بوجھ | و ز ر | وَزِیر، وُزَراء، وَزارت |

مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَ لٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا

وعدے کا خلاف کیا ﴿۸۶﴾ انہوں نے جواب دیا کہ ہم نے اپنے اختیار سے آپ کے ساتھ وعدے کا خلاف نہیں کیا بلکہ ہم پر زیورات قوم کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ زِيْنَةِ | م مِنْ زِیْ نَ ةِ | زیورات کا | ز ی ن | زَینُ العابدین، مُزیّن، زِینت |
| | الْقَوْمِ | لْ قَا وْمِ | قومِ (فرعون) کے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | فَقَذَفْنٰهَا | فَ قَ ذَ فْ نَا ہَا | تو ہم نے یہ (آگ میں) پھینک دیئے | ق ذ ف | حدِّ قذف لگانا |
| | فَكَذٰلِكَ | فَ کَ ذَا لِ کَ | پس اسی طرح | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْقَى | اَلْ قَ | (کچھ) پھینکا/ڈالا | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | السَّامِرِيُّ ۝٨٧ | س سَا مِ رِیْ یُ | سامری نے (بھی) | س م ر | سَامِری (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا جادوگر) |
| ۸۸ | فَاَخْرَجَ | فَ اَخْ رَ جَ | پھر اس نے نکالا | خ ر ج | خارج، وَزارتِ خارجہ مَخرج، خُرُوج |

مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ۝٨٧ فَاَخْرَجَ

جو بوجھ لاد دیئے گئے تھے انہیں ہم نے ڈال دیا، اور اسی طرح سامری نے بھی ڈال دیئے ۝٨٧ پھر اس نے لوگوں کیلئے ایک بچھڑا نکال کھڑا کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | عِجْلًا | عِ جْ لَنْ | ایک بچھڑا | ع ج ل | عُجلت پسندی، عَاجل، مہرِ مُعَجَّل |
| | جَسَدًا | جَ سَ دَ | (یعنی) ایک جسم | ج س د | جَسَد، اَجساد، جَسدِ خاکی، جَسَدِ عُنصری |
| | لَّهٗ | ل لَ ہُوْ | اس کی | | |
| | خُوَارٌ | خُ وَا رُنْ | گائے کی سی آواز تھی | خ و ر | |
| | فَقَالُوْا | فَ قَا لُوْ | تو انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | هٰذَآ اِلٰهُكُمْ | ہَا ذَا .. اِ لَا ہُ کُ مْ | یہ تمہارا معبود ہے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَاِلٰهُ | وَ اِ لَا ہُ | اور معبود ہے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | مُوْسٰى ۵ | مُوْ سَا | موسیٰ کا | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فَنَسِيَ ۝٨٨ | فَ نَ سِ یَ | پس وہ بھول گیا | ن س ی | نِسیان، نَاسی اِنسان نَسیًا منسیا (بھولا بسرا) |

لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۵ فَنَسِيَ ۝٨٨

یعنی بچھڑے کا بت، جس کی گائے کی سی آواز بھی تھی پھر کہنے لگے کہ یہی تمہارا بھی معبود ہے اور موسیٰ (علیہ السلام) کا بھی لیکن موسیٰ بھول گیا ہے ۝٨٨

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸۹ | اَفَلَا يَرَوْنَ | اَفَ لَا یَ رَا ؤْ نَ | کیا پھر وہ نہیں دیکھتے | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غَیر مَرئی |
| | اَلَّا يَرْجِعُ | اَلْ لَا یَ رْ جِ عُ | کہ بلا شبہ وہ (بچھڑا) نہیں لوٹاتا | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجوع کرنا (بار بار پلٹنا) |
| | اِلَيْهِمْ | اِ لَا ئِ ہِمْ | ان کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَوْلًا ۙ | قَا وْ لَا وْ ں | کوئی بات | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | وَّلَا يَمْلِكُ | وَلَا یَ مْ لِ کُ | اور وہ اختیار نہیں رکھتا | م ل ك | مِلک، مَلکیّت، اِملاک، مُلک |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | ضَرًّا | ضَرْ رَا وْں | کسی نقصان کا | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجدِ ضَرار |
| | وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ | وَلَا نَفْ عَا | اور نہ کسی نفع کا؟ | ن ف ع | نَفع، مُنافع، مَنفعت |

اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾

کیا یہ گمراہ لوگ یہ بھی نہیں دیکھتے کہ وہ تو ان کی بات کا جواب بھی نہیں دے سکتا اور نہ ان کے کسی بُرے بھلے کا اختیار رکھتا ہے ﴿٨٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٩٠ | وَلَقَدْ قَالَ | وَ لَ قَ دْ قَا لَ | اور بلاشبہ تحقیق کہا تھا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان سے | | |
| | هٰرُوْنُ | ہَا رُ وْ نُ | ہارون نے | | حضرت ہارون علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے: | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَا وْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اِنَّمَا | اِن نَ مَا | بس | | |
| | فُتِنْتُمْ | فُ تِنْ تُمْ | تم آزمائے گئے ہو | ف ت ن | فِتنہ پَرور، شَدید فِتنہ، فِتنہ باز |
| | بِهٖ ۚ | بِ ہِیْ | اس (بچھڑے) کے ساتھ | | |
| | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلاشبہ | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکت، عَقل وشُعور |
| | رَبَّكُمُ | رَ بْ بَ کُ مُ | تمہارا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | الرَّحْمٰنُ | رَرْ حْ مَا نُ | نہایت مہربان ہے | ر ح م | رَحم وکَرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |

وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ

اور ہارون (علیہ السلام) نے اس سے پہلے ہی ان سے کہہ دیا تھا اے میری قوم! اس بچھڑے سے تو صرف تمہاری آزمائش کی گئی ہے، تمہارا حقیقی پروردگار تو رحمٰن ہی ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاتَّبِعُوۡنِیۡ | فَت تَ بِ عُوۡنِیۡ | لہٰذا تم میری پیروی کرو | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتبّاعِ سُنّت |
| | وَ اَطِیۡعُوۡۤا | وَ آ طِیۡ عُوۡ.. | اور اطاعت کرو | ط و ع | اِطاعتِ رَسول، اِطاعت گُزار، مُطیع |
| | اَمۡرِیۡ ﴿۹۰﴾ | اَمۡ رِیۡ | میرے حکم کی | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| ۹۱ | قَالُوۡا | قَا لُوۡ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَنۡ نَّبۡرَحَ | لَنۡ نَبۡ رَ حَ | ہم تو ہمیشہ رہیں گے | ب ر ح | |
| | عَلَیۡهِ | عَ لَا ئۡ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | عٰكِفِیۡنَ | عَا کِ فِیۡ نَ | جم کر بیٹھنے والے (پرستش کرنے والے) | ع ك ف | عَاکِفِین، مُعتَکِف، اِعتِکاف |
| | حَتّٰی | حَت تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | یَرۡجِعَ | یَ رۡ جِ عَ | لوٹ آئے | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجوع کرنا (بار بار پلٹنا) |

**فَاتَّبِعُوۡنِیۡ وَ اَطِیۡعُوۡۤا اَمۡرِیۡ ﴿۹۰﴾ قَالُوۡا لَنۡ نَّبۡرَحَ عَلَیۡهِ عٰكِفِیۡنَ حَتّٰی یَرۡجِعَ**

پس تم سب میری تابعداری کرو، اور میری بات مانتے چلے جاؤ ﴿۹۰﴾ انہوں نے جواب دیا کہ موسیٰ (علیہ السلام) کی واپسی تک جواب دیا موسیٰ (علیہ السلام) کی واپسی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَیۡنَا | اِ لَا ئۡ نَا | ہماری طرف | | |
| | مُوۡسٰی ﴿۹۱﴾ | مُوۡ سَا | موسیٰ | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۹۲ | قَالَ | قَا لَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | یٰهٰرُوۡنُ | یَا ہَا رُوۡ نُ | اے ہارون! | | حضرت ہارون علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | مَا | مَا | کس چیز نے | | |
| | مَنَعَكَ | مَ نَ عَ کَ | تجھے منع کیا تھا | م ن ع | مَانِع، مَمنُوع، مُمَانِعَت، مَنع کرنا |
| | اِذۡ رَاَیۡتَهُمۡ | اِذۡ رَ آ ئۡ تَ ہُمۡ | جب تو نے انہیں دیکھا | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | ضَلُّوۡۤا ۙ﴿۹۲﴾ | ضَل لُوۡ.. | کہ وہ گمراہ ہو گئے ہیں | ض ل ل | ضَلَالَت (گمراہی)، ضَلالت و گمراہی |
| ۹۳ | اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ | اَل لَا تَت تَ بِ عَنۡ | اس بات سے کہ تو میری پیروی نہ کرے؟ | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتبّاعِ سُنّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

اِلَيۡنَا مُوۡسٰى ۝٩١ قَالَ يٰهٰرُوۡنُ مَا مَنَعَكَ اِذۡ رَاَيۡتَهُمۡ ضَلُّوۡۤا ۝٩٢ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ

تو ہم اسی کے مجاور بنے بیٹھے رہیں گے (۹۱) موسیٰ (علیہ السلام) کہنے لگے اے ہارون! انہیں گمراہ ہوتا ہوا دیکھتے ہوئے تجھے کس چیز نے روکا تھا (۹۲) کہ تو میرے پیچھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَفَعَصَيۡتَ | اَ فَ عَ صَا ئِ تَ | کیا پھر تو نے نافرمانی کی | ع ص ی | عاصی آدمی، عِصیان (نافرمانی) |
| | اَمۡرِىۡ ۝٩٣ | اَ مْ رِ یْ | میرے حکم کی؟ | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمر، مَامُور |
| ۹۴ | قَالَ | قَا لَ | اس (ہارون) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يَبۡنَؤُمَّ | یَبْ نَ ءُ م مَ | اے میرے ماں جائے! | ء م م | اُمّ موسیٰ، اُمّ الکتاب، اُمّ المؤمنین |
| | لَا تَاۡخُذۡ | لَا تَ x خُ ذْ | تو نہ پکڑ | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | بِلِحۡيَتِىۡ | بِ لِ حْ یَ تِیْ | میری داڑھی | ل ح ی | |
| | وَلَا بِرَاۡسِىۡ ۚ | وَلَا بِ رَ x سِیْ | اور نہ میرا سر | ر ء س | رَاسُ الخیمہ، رَاسُ المَال، رَئیس |
| | اِنِّىۡ | اِن نِیْ | بے شک میں | | |
| | خَشِيۡتُ | خَ شِیْ تُ | ڈر گیا تھا | خ ش ی | خَشیّتِ الٰہی، خَشیّتِ طاری ہونا |

اَفَعَصَيۡتَ اَمۡرِىۡ ۝٩٣ قَالَ يَبۡنَؤُمَّ لَا تَاۡخُذۡ بِلِحۡيَتِىۡ وَلَا بِرَاۡسِىۡ ۚ اِنِّىۡ خَشِيۡتُ

نہ آیا، کیا تُو بھی میرے فرمان کا نافرمان بن بیٹھا (۹۳) ہارون (علیہ السلام) نے کہا اے میرے ماں جائے بھائی! میری داڑھی نہ پکڑ، اور سر کے بال نہ کھینچ، مجھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنۡ | اَنْ | اس بات سے کہ | | |
| | تَقُوۡلَ | تَ قُوْ لَ | تو کہے گا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | فَرَّقۡتَ | فَرْ رَقْ تَ | تو نے تفرقہ ڈال دیا | ف ر ق | فَرِیق اوّل، فَرِیقَین، فِرقہ، مُتفرّق |
| | بَيۡنَ | بَ یْ نَ | درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ | بَ نِیْ۔۔اِسْ رَا...ءِیْ لَ | بنی اسرائیل کے | ب ن و | بَنی آدم، بَنی ہاشم، بَنی اسرائیل |
| | وَلَمۡ تَرۡقُبۡ | وَلَمْ تَ رْ قُبْ | اور تو نے انتظار نہیں کیا | ر ق ب | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز رَقابت، رَقیب، مُراقبہ |
| | قَوۡلِىۡ ۝٩٤ | قَوْ لِیْ | میری بات کا | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۵ | قَالَ | قَا لَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | فَمَا | فَ مَا | پھر کیا | | |
| | خَطْبُكَ | خَطْ بُ کَ | معاملہ ہے تیرا | خ ط ب | |

اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿۹۴﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ

توصرف یہ خیال دامن گیر ہوا کہ کہیں آپ یہ (نہ) فرمائیں کہ تُو نے بنی اسرائیل میں تفرقہ ڈال دیا اور میری بات کا انتظار نہ کیا ﴿۹۴﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ | یَا سَا مِ رِیْ یُ | اے سامری؟ | س م ر | سَامِرِی (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا جادوگر) |
| ۹۶ | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | بَصُرْتُ | بَ صُ رْ تُ | میں نے دیکھا | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصَار |
| | بِمَا | بِ مَا | اس چیز کو کہ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | لَمْ يَبْصُرُوْا | لَمْ یَبْ صُ رُوْ | ان لوگوں نے نہیں دیکھا تھا | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصَار |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اسے | | |
| | فَقَبَضْتُ | فَ قَ بَضْ تُ | پھر میں نے بھر لی | ق ب ض | قَبض، قَبضَہ، قَابِض ہونا |
| | قَبْضَةً | قَبْ ضَ ۃً | ایک مٹھی | ق ب ض | قَبض، قَبضَہ، قَابِض ہونا |
| | مِّنْ | مِ مِنْ | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ

پوچھا سامری تیرا کیا معاملہ ہے ﴿۹۵﴾ اس نے جواب دیا کہ مجھے وہ چیز دکھائی دی جو انہیں دکھائی نہیں دی، تو میں نے فرستادہ الٰہی کے نقشِ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَثَرِ الرَّسُوْلِ | اَ ثَ رِرْ رَ سُوْ لِ | رسول (جبریل) کے نقش قدم | ء ث ر<br>ر س ل | اَثر، اَثر و رَسُوخ، آثارِ قَدِیمہ<br>رَسُول، رُسُل، مُرسل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | فَنَبَذْتُهَا | فَ نَ بَ ذْ تُ هَا | پھر میں نے اسے پھینکا | ن ب ذ | |
| | وَكَذٰلِكَ | وَ کَ ذَا لِ کَ | اور اسی طرح | | سَیر وسَیاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب و روز<br>کَالعَدَم، کَالعَدَم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | سَوَّلَتْ | سَوْ وَ لَتْ | خوبصورت بنا دیا تھا | س و ل | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِیْ | لِیْ | میرے لئے | | |
| | نَفْسِیْ ﴿۹۶﴾ | نَفْ سِیْ | میرے نفس نے | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفساَنفسی، تنفّس |
| ۹۷ | قَالَ | قَا لَ | اس (موسیٰ) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | فَاذْهَبْ | فَ ذْ ہَبْ | اب تو جا | ذ ه ب | ذاہب (جانے والا)، مذہبیّت، ذہاب، مذہب، بین المذاہب |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | پس بے شک | | |

اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَ كَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِیْ نَفْسِیْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ

قدم سے ایک مٹھی بھر لی اسے اس میں ڈال دیا، اسی طرح میرے دل نے یہ بات میرے لئے بھلی بنا دی ﴿۹۶﴾ کہا اچھا جا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكَ | لَ کَ | تیرے لئے ہے | | |
| | فِی الْحَیٰوةِ | فِلْ حَ یَا ةِ | زندگی بھر | ح ی ی | حیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قیّوم، حیاتِ طیّبہ، جنگلی حیات |
| | اَنْ تَقُوْلَ | اَنْ تَ قُوْ لَ | یہ کہ تو کہتا رہے: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَا مِسَاسَ ۪ | لَا مِ سَا سَ | (مجھے) ہاتھ نہ لگانا | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | وَاِنَّ لَكَ | وَ اِن نَ لَ کَ | اور بلاشبہ تیرے لئے | | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | مَوْعِدًا | مَوْ عِ دَ | وعدے کا وقت ہے | و ع د | وعدہ وفائی، وعدہ ووعید، وعدہ کرنا |
| | لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ | لَنْ تُ خْ لَ فَ ہٗ | کہ تیرے حق میں اسکی خلاف ورزی ہرگز نہیں کی جائے گی | خ ل ف | خلاف، مخالفت، مخالف، اختلاف |
| | وَانْظُرْ | وَنْ ظُرْ | اور تو دیکھ | ن ظ ر | نظر، نظارہ، منظر، ناظرین |

لَكَ فِی الْحَیٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۪ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ

دنیا کی زندگی میں تیری سزا یہی ہے کہ تو کہتا رہے کہ مجھے نہ چھونا، اور ایک اور بھی وعدہ تیرے ساتھ ہے جو تجھ سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰٓى اِلٰهِكَ | اِلَا۔۔ اِلَاہِ کَ | اپنے معبود کی طرف | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہ العالمین |
| | الَّذِیْ | ل لَ ذِیْ | وہ جو | | |
| | ظَلْتَ | ظَلْ تَ | تو ہو گیا تھا | ظ ل ل | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ هِ | اس پر | | عَلٰی وَجہِ الْبَصِیرت، عَلَی الْاِعلان |
| | عَاكِفًا ط | عَا کِ فَا | جم کر بیٹھنے والا (اس کی پرستش کرنے والا) | ع ك ف | عَاکِفِین، مُعتَکِف، اِعتِکَاف |
| | لَنُحَرِّقَنَّهٗ | لَ نُ حَ رْ رِ قَنْ نَ هُوْ | یقیناً ہم اسے ضرور جلائیں گے | ح ر ق | حَارِق، مُحَرَّق، عَذَابِ حَرِیق |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لَنَنْسِفَنَّهٗ | لَ نَنْ سِ فَنْ نَ هُوْ | یقیناً اس (کی راکھ) کو ضرور اڑائیں گے | ن س ف | |
| | فِي الْيَمِّ | فِلْ یَمْ مِ | سمندر میں | ی م م | |

اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ط لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ

ہرگز نہ ٹلے گا، اور اب تُو اپنے اس معبود کو بھی دیکھ لینا جس کا اعتکاف کئے ہوئے تھا کہ ہم اسے جلا کر دریا میں ریزہ ریزہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَسْفًا ۹۷ | نَسْ فَا | پوری طرح اڑانا | ن س ف | |
| ۹۸ | اِنَّمَآ | اِنْ نَ مَا.. | بس | | |
| | اِلٰهُكُمُ | اِلَا هُ كُ مُ | تمہارا معبود تو | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اللّٰهُ الَّذِيْ | ل لَا هُ لْ لَ ذِیْ | وہ اللہ ہے کہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَآ اِلٰهَ | لَا.. اِلَا هَ | نہیں کوئی معبودِ برحق | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اِلَّا هُوَ ط | اِلْ لَا هُ وْ | سوائے اس کے | | |
| | وَسِعَ | وَ سِ عَ | اس نے گھیر رکھا ہے | و س ع | وُسعَتِ ظرفی، وَسِیع، وَاسِع، وَسِیع وعَرِیض |
| | كُلَّ | كُلْ لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ | شَا ئِ ءِنْ | چیز کو | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَیْئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | عِلْمًا ۹۸ | عِلْ مَا | علم کے لحاظ سے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |

نَسْفًا ۹۷ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۹۸

اڑادیں گے ۹۷ اصل بات یہی ہے کہ تم سب کا معبود برحق صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے اسکے سوا کوئی پرستش کے قابل نہیں، اسکا علم تمام چیزوں پر حاوی ہے ۹۸

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۹ | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کَالعدم، کَالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | نَقُصُّ | نَ قُص صُ | ہم بیان کرتے ہیں | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الانبیاء |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِ کَ | آپ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | مِنْ اَنْۢبَآءِ | مِنْ اَمْ بَا...ءِ | کچھ خبریں | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، ختمِ نبوت، اَنْبَاء (سعودی چینل) |
| | مَا | مَا | وہ جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | قَدْ سَبَقَ ۚ | قَ دْ سَ بَ قْ | تحقیق پہلے گزر چکی ہیں | س ب ق | سَابِق، مَسبُوق، سَبقَت لِسَانی، سَبقَت لیجانا |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | اور یقیناً | | سَیروسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب و روز |
| | اٰتَيْنٰكَ | آ تَا ئِ نَا کَ | ہم نے آپ کو دیا | ء ت ی | |
| | مِنْ لَّدُنَّا | مِ ل لَ دُن نَا | اپنے پاس سے | | |

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَ قَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا

اسی طرح ہم تیرے سامنے پہلے کی گزری ہوئی وارداتیں بیان فرما رہے ہیں اور یقیناً ہم تجھے اپنے پاس سے نصیحت عطا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذِكْرًا ۚۖ ﴿٩٩﴾ | ذِ کْ رَا | ذکر (قرآن) | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| ۱۰۰ | مَنْ | مَنْ | جس نے | | |
| | اَعْرَضَ | اَ عْ رَ ضَ | منہ پھیرا | ع ر ض | اِعرَاض کرنا، اِعرَاض بَرتنا |
| | عَنْهُ | عَنْ ہُ | اس سے | | |
| | فَاِنَّهٗ | فَ اِن نَ ہُو | تو بلاشبہ وہ | | |
| | يَحْمِلُ | یَ حْ مِ لُ | اُٹھائے گا | ح م ل | حَمل، وَضعِ حَمل، اِسقاطِ حَمل، حَامِلَہ |
| | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | یَا ؤ مَ لْ قِ یَا مَ ةِ | قیامت کے دن | ی و م<br>ق و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید<br>قِیَامَت، روزِ قِیَامَت، سُورۃُ القِیَامَہ |
| | وِزْرًا ۙ ﴿١٠٠﴾ | وِ زْ رَا | ایک بوجھ | و ز ر | وَزِیر، وُزَرَاء، وَزَارت |
| ۱۰۱ | خٰلِدِيْنَ | خَا لِ دِیْ نَ | وہ ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلدِ بَریں، خُلُود (ہمیشگی)، خَالِدَہ (نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهِ ؕ | فِیْ ہ | اس (تکلیف) میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |

ذِكْرًا ۚۖ ﴿٩٩﴾ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۙ ﴿١٠٠﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ

فرما چکے ہیں ﴿٩٩﴾ اس سے جو منہ پھیر لے گا وہ یقیناً قیامت کے دن اپنا بھاری بوجھ لادے ہوئے ہوگا ﴿١٠٠﴾ جس میں ہمیشہ ہی رہے گا، اور ان کیلئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَسَآءَ | وَسَا...ءَ | اور وہ بُرا ہوگا | س و ء | عُلَمَاءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | یَا ؤ مَ لْ قِ یَا مَ ةِ | قیامت کے دن | ی و م<br>ق و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید<br>قِیَامت، روزِ قِیَامت، سُورَةُ الْقِیَامہ |
| | حِمْلًا ۙ ﴿١٠١﴾ | حِ مْ لَا | بوجھ اُٹھایا | ح م ل | حَمل، وضعِ حَمل، اِسقاطِ حَمل، حامِلہ |
| ١٠٢ | يَّوْمَ | یَا ؤ مَ | (یعنی) جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يُنْفَخُ | یُنْ فَ خُ | پھونک ماری جائے گی | ن ف خ | نَفخِ صُور، نَافِخ (پھونکنے والا) |
| | فِي الصُّوْرِ | فِص صُوْ رِ | صور میں | ص و ر | قیامت کے قریب حضرت اسرافیل علیہ السلام صور (بگل نما چیز میں) پھونکیں گے |
| | وَنَحْشُرُ | وَ نَ حْ شُ رُ | اور ہم اکٹھا کریں گے | ح ش ر | حشر کا دن، حاشر، یومِ محشر، حشر نشر |
| | الْمُجْرِمِيْنَ | لْ مُ جْ رِ مِیْ نَ | مجرموں کو | ج ر م | جُرم، مُجرِم، فردِ جُرم، جَرائم پیشہ |

وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۙ ﴿١٠١﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ

قیامت کے دن (بڑا) بُرا بوجھ ہے ﴿١٠١﴾ جس دن صور پھونکا جائے گا اور گناہگاروں کو ہم اس دن (دہشت کی وجہ سے) نیلی پیلی آنکھوں کے ساتھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَوْمَئِذٍ | یَا ؤ مَ ءِ ذِ نْ | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | زُرْقًا ۚۖ ﴿١٠٢﴾ | زُرْ قَا | اس حال میں کہ وہ نیلی آنکھوں والے ہوں گے | ز ر ق | خوف سے آنکھیں نیلی ہونا |
| ١٠٣ | يَّتَخَافَتُوْنَ | یَ تَ خَا فَ تُوْ نَ | وہ چپکے چپکے کہتے ہوں گے | خ ف ت | |
| | بَيْنَهُمْ | بَا ئِ نَ ہُمْ | آپس میں | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | اِنْ لَّبِثْتُمْ | اِ لْ لَ بِ ثْ تُمْ | (یہ کہ) تم (دنیا میں) نہیں ٹھہرے | ل ب ث | |
| | اِلَّا | اِ لْ لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَشْرًا ۱۰۳ | عَ شْ رًا | صرف دس (دن) | ع ش ر | عَشرہ مُبَشَّرہ، عاشِر، عَشر، عَشیر، یَومِ عاشُورہ |
| ۱۰۴ | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم | | |
| | اَعْلَمُ | اَ عْ لَ مُ | خوب جانتے ہیں | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علاّمہ |

يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۱۰۲ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ۱۰۳ نَحْنُ اَعْلَمُ

گھیر لائیں گے ۱۰۲ وہ آپس میں چپکے چپکے کہہ رہے ہونگے کہ ہم تو دنیا میں صرف دس دن ہی رہے ۱۰۳ جو کچھ وہ کہہ رہے ہیں اسکی حقیقت سے ہم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | اس کو جو کچھ | | |
| | يَقُوْلُوْنَ | يَ قُوْ لُوْ نَ | وہ کہیں گے | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اِذْ يَقُوْلُ | اِ ذْ يَ قُوْ لُ | جس وقت کہے گا | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اَمْثَلُهُمْ | اَمْ ثَ لُ هُمْ | ان کا بہترین | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثالیں |
| | طَرِيْقَةً | طَ رِ يْ قَ تَنْ | رائے والا | ط ر ق | طَرِیق (سعودی عرب میں سب سے زیادہ بولا جاتا ہے) طُرُق (راستے)، سُنّت طَرِیقہ |
| | اِنْ لَّبِثْتُمْ | اِلْ لَ بِثْ تُمْ | کہ تم نہیں ٹھہرے | ل ب ث | |
| | اِلَّا يَوْمًا ۱۰۴ | اِلْ لَا يَوْ مَا | مگر ایک ہی دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| ۱۰۵ | وَيَسْـَٔلُوْنَكَ | وَ يَسْ ءَ لُوْ نَ كَ | اور وہ آپ سے سوال کرتے ہیں | س ء ل | سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سائِل |

بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ۱۰۴ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ

باخبر ہیں ان میں سب سے زیادہ اچھی راہ والا کہہ رہا ہوگا کہ تم تو صرف ایک ہی دن رہے ۱۰۴ وہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے پہاڑوں کی نسبت سوال کرتے ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنِ الْجِبَالِ | عَ نِلْ جِ بَا لِ | پہاڑوں کے متعلق | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رَحمت |
| | فَقُلْ | فَ قُ لْ | سو آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | يَنْسِفُهَا | يَنْ سِ فُ هَا | انہیں اڑا دے گا | ن س ف | |
| | رَبِّيْ | رَبْ بِيْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وسلم |
| | نَسْفًا ۱۰۵ | نَسْ فَا | اڑا دینا | ن س ف | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٠٦ | فَيَذَرُهَا | فَ يَ ذَ رُ ہَا | پھر وہ اس (زمین) کو کر چھوڑے گا | و ذ ر | |
| | قَاعًا | قَا عَنْ | ایک میدان | ق و ع | |
| | صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ | صَفْ صَ فَا | چٹیل | ص ف ص ف | |
| ١٠٧ | لَّا تَرٰى | لَا تَ رَا | آپ نہیں دیکھیں گے | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُؤیتِ ہِلال، غیر مَرئی |

عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرٰى

تو آپ (ﷺ) کہہ دیں کہ انہیں میرا رب ریزہ ریزہ کر کے اڑا دیگا ﴿١٠٥﴾ اور زمین کو بالکل ہموار صاف میدان کر کے چھوڑے گا ﴿١٠٦﴾ جس میں تو نہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | عِوَجًا | عِ وَ جَا ؤں | کوئی ٹیڑھ (نشیب) | ع و ج | |
| | وَّلَآ اَمْتًا ﴿١٠٧﴾ | وَلَا.. اَمْ تَا | اور نہ کوئی ٹیلا (بلندی) | ء م ت | عَدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| ١٠٨ | يَوْمَئِذٍ | يَاؤْ مَ ءِ ذِیْں | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | يَّتَّبِعُوْنَ | يَت تَ بِ عُوْنَ | وہ (لوگ) پیچھے چلیں گے | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | الدَّاعِيَ | دْ دَا عِ یَ | بلانے والے کے | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | لَا عِوَجَ | لَا عِ وَ جَ | کوئی ٹیڑھ نہیں ہوگی | ع و ج | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | لَهٗ ج | لَ ہُوْ | اس کے لئے | | |
| | وَخَشَعَتِ | وَ خَ شَ عَتِ | اور پست ہو جائیں گی | خ ش ع | خُشُوع و خُضُوع |

فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ج وَخَشَعَتِ

کہیں موڑ توڑ دیکھے گا نہ اونچ نیچ ﴿١٠٧﴾ جس دن لوگ پکارنے والے کے پیچھے چلیں گے جس میں کوئی کجی نہ ہوگی اور اللہ رحمٰن کے سامنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَصْوَاتُ | لْ اَصْ وَا تُ | سب آوازیں | ص و ت | عِلمِ صَوت، صَوتی لہریں، اَصوات |
| | لِلرَّحْمٰنِ | لِرْ رَحْ مَا نِ | (اللہ) رحمٰن کے سامنے | ر ح م | رحم و کرم، رَحم، رَحمان، اَرحم |
| | فَلَا تَسْمَعُ | فَ لَا تَسْ مَ عُ | چنانچہ آپ نہیں سنیں گے | س م ع | سامع، قوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا هَمْسًا ۱۰۸ | اِل لَا ہَمْ سَا | سوائے آہٹ کے | ھ م س | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| ۱۰۹ | یَوْمَئِذٍ | یَا وْ مَ ءِ ذِ | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | لَّا تَنْفَعُ | ل لَا تَنْ فَ عُ | نفع نہیں دے گی | ن ف ع | نَفع، مُنافع، مَنفعت |
| | الشَّفَاعَةُ | ش شَ فَا عَ ةُ | کوئی سفارش | ش ف ع | شَفاعت، شَفیع، شَافِعِ روزِ محشر |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |

الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۱۰۸ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا

تمام آوازیں پست ہو جائیں گی سوائے کھسر پھسر کے تجھے کچھ بھی سنائی نہ دے گا ۱۰۸ اس دن سفارش کچھ کام نہ آئے گی مگر جسے رحمٰن حکم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ | مَنْ | اس شخص کی کہ | | |
| | اَذِنَ | اَ ذِ نَ | اجازت دے گا | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، اِذنِ الٰہی، اِذنِ عام |
| | لَهُ الرَّحْمٰنُ | لَ هُ رْ رَحْ مَا نُ | اس کے لئے رحمٰن | ر ح م | رحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحم |
| | وَرَضِيَ | وَ رَ ضِ یَ | اور پسند کرلے گا | ر ض و | رَاضی، مَرضی، رَضائے الٰہی |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے لئے | | |
| | قَوْلًا ۱۰۹ | قَا وْ لَا | بات کرنا | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| ۱۱۰ | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | وہ جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلوم، عَلّامہ |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
